ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور سبی سے شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 جمعہ 27 صفر 1447ھ 22 اگست 2025ء صفحات 08 شمارہ 47

رجسٹرڈ BC-m-1 قیمت 35 روپے PTCL: 081-2827345 081-2827344 Email. mashriqqta2008@gmail.com

برسلز میں فیلڈ مارشل نے 9 مئی کرنے والوں اور اسکے سہولت کاروں اور منصوبہ سازوں کو قانون کے مطابق جوابدہ ہونے کی بات کی، معافی کی کوئی بات نہیں کی: ڈی جی آئی ایس پی آر

صحافی سہیل وڑائچ کے جس آرٹیکل کی بات ہو رہی ہے وہ برسلز کا ایونٹ تھا اور وہاں سیکڑوں لوگوں نے تصویر بنوائی کوئی انٹرویو نہیں دیا گیا، پی ٹی آئی کا کوئی ذکر ہوا نہ ہی معافی کا ذکر ہوا

یہ سب ذاتی مفاد اور تشہیر کیلئے یہ ایک صحافی کی اپنی کوشش ہے غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والوں کو کٹہرے میں کھڑا ہونا پڑیگا، ہم نے بہت واضح الفاظ میں کہا ہے کہ اداروں کو سمجھداری کا مظاہرہ کرنا چاہیے

دشمن خواہ کتنی ہی کوششیں کرلے، پاکستان نہ جھکا ہے، نہ جھکے گا، یہ قوم جب ایک ہو جاتی ہے دنیا کی کوئی طاقت اسے شکست نہیں دے سکتی، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے واضح کیا ہے کہ آرمی چیف کی طرف سے کسی صحافی کو کوئی انٹرویو نہیں دیا گیا، سہیل وڑائچ کے جس کالم کی بات ہے وہ برسلز کا ایک ایونٹ تھا، 9 مئی کرنے والوں اور منصوبہ سازوں کو قانون کا سامنا کرنا پڑے گا، 9 مئی صرف فوج کا نہیں قوم کا مقدمہ ہے، یہ ریاست پاکستان کے خلاف سازش تھی، 9 مئی جیسے انتشار پر لوگوں کو معافی مانگنی چاہیے، معافی سے قانونی عمل رک نہیں سکتا۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ آرمی چیف کی طرف سے کسی صحافی کو کوئی انٹرویو نہیں دیا گیا، سہیل وڑائچ کے جس کالم کی بات ہے وہ برسلز کا ایک ایونٹ تھا، وہاں تو سیکڑوں لوگوں نے تصاویر بنوائیں۔ انہوں نے کہا کہ برسلز کے ایونٹ میں پی ٹی آئی کا کوئی ذکر ہوا نہ ہی معافی کا، یہ ایک صحافی کی ذاتی مفاد اور تشہیر حاصل کرنے کی کوشش ہے، سہیل وڑائچ نے نامناسب حرکت کی، جو شخص غیر قانونی حرکت کرے، اسے قانون کے کٹہرے میں آنا ہو گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر سے سوال کیا گیا ہے کہ کیا جیو اور جنگ کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی؟ انہوں نے کہا کہ ہم نے بہت واضح الفاظ میں کہا کہ اداروں کو سمجھداری کا مظاہرہ کرنا چاہیے، میڈیا کو سمجھنا چاہیے کہ یہ مناسب نہیں، افسوس کی بات ہے کہ سینئر صحافی نے بھی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا، فوج ایک ذمہ دار ادارہ ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے انکشاف کیا کہ بھارت کو ایک سیانے نے مشورہ دیا تھا کہ اربوں ڈالر کا اسلحہ رکھتے ہوئے وہ پاکستان کو باآسانی شکست دے سکتا ہے اور اسی مشورے پر حملہ کرنے کی حماقت کی گئی، مگر نتائج بھارت کے گلے پڑ گئے۔ انہوں نے...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

پشین، نامعلوم افراد کی فائرنگ سے سب انسپکٹر شہید

عنایت اللہ کو گوالمنڈی کے علاقے میں نشانہ بنایا گیا، حملہ آور فرار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پشین میں مسلح افراد نے پولیس پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں سی ٹی ڈی سب انسپکٹر عنایت اللہ جاں بحق ہوگئے ہیں۔ یہ واقعہ پشین کے گوالمنڈی روڈ پر اس وقت پیش آیا جب نامعلوم...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس بلوچستان روزی خان بریچ پودا لگا کر مون سون شجرکاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

بلوچستان میں امن و امان کی بہتری کیلئے موثر اقدامات جاری ہیں، سرفراز بگٹی

صوبے کے نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا، نوجوان بہتر مواقع سے ملکی تعمیر میں کردار ادا کرینگے، بات چیت

بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں، رکن قومی اسمبلی جمال خان رئیسانی کی گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے جمعرات کو یہاں اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال، نوجوانوں کی ترقی اور صوبے کے...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف سے چینی وزیر خارجہ وانگ ژی ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اور چین کا تعاون بڑھانے اور عالمی فورمز پر باہمی حمایت جاری رکھنے کا اعلان

پاکستان اور چین کے درمیان تعلقات برادرانہ بنیادوں پر قائم ہیں اور دونوں ممالک ہر سطح پر تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے پرعزم ہیں، اسحٰق ڈار

دونوں ممالک کے درمیان تزویراتی شراکت داری گہری ہو رہی ہے، اعتماد اور محبت کا رشتہ بھی مزید پروان چڑھ رہا ہے، چینی وزیر خارجہ، مشترکہ پریس کانفرنس

پاکستان تجارت، سرمایہ کاری، زراعت اور معدنیات میں چین سے تعاون بڑھانا چاہتا ہے: وزیراعظم شہباز شریف کی چینی وزیر خارجہ اور وفد سے بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین ہر سطح پر تعاون کو مزید فروغ دیں گے اور عالمی فورمز پر ایک دوسرے کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔ چین کے وزیر خارجہ وانگ ژی کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی ملاقات کر رہے ہیں

سازش کا بیانیہ دفن، بہت عرصے بعد عدالتوں سے ریلیف ملا، بانی کی رہائی میں اب کوئی رکاوٹ نہیں، سپریم کورٹ نے عمران خان کی بیگناہی ثابت کردی، سلمان اکرم راجہ

9 مئی کے 8 مقدمات میں عمران خان کی ضمانت منظور

بانی میگا کرپشن میں ملوث، ضمانت کا مطلب بریت نہیں، ترجمان حکومت

چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں کیس سننے والے بینچ میں تبدیلی کی گئی اور تین رکنی بینچ میں جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب کی جگہ جسٹس حسن اظہر رضوی کو شامل کیا گیا

کوئی ایسا کیس ہے، جس میں سازش ہوئی ہو اور ضمانت مسترد ہوئی ہو؟ حال ہی میں سپریم کورٹ میں جتنے سازش سے متعلق کیس آئے ان میں ضمانت منظور ہوئی ہے، سپیشل پراسیکیوٹر سے مکالمہ

سپریم کورٹ نے میرٹ پر آبزرویشن دی تو ٹرائل متاثر ہوگا، جسٹس یحییٰ آفریدی نے زبانی فیصلہ سناتے ہوئے بانی تحریک انصاف کی 8 مقدمات میں ضمانت منظور کرتے ہوئے رہائی کا حکم دے دیا

عمران خان کی رہائی میں سب سے بڑی رکاوٹ نو مئی کے کیسز تھے آج ان میں بھی رہا ہوگئے، القادر کیس ایک سماعت اور صرف 15 منٹ کی مار ہے، بانی پی ٹی آئی کے وکیل کی میڈیا سے گفتگو

بند لفافے کی منظوری کے ذریعے 190 ملین پاؤنڈ کا گھپلا کیا گیا بانی کو شفاف ٹرائل کے ذریعے 14 سال قید کی سزا سنائی گئی، عطاء اللہ تارڑ، ضمانت کسی کو مقدمات سے بری الزمہ نہیں کرتی، بیرسٹر عقیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت منظور کر لی۔ جمعرات کو چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کو ضمانت ملنے کا مطلب...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

سیلابی صورتحال، وزیراعظم کا بلاول و دیگر سیاسی قائدین سے رابطہ، ہر ممکن معاونت کی پیشکش

کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے وفاقی اداروں کے ذریعے صوبوں کیساتھ مکمل تعاون کرینگے، نعیم الرحمٰن، خالد مقبول صدیقی سے گفتگو

پاکستان کا دہشتگردی کیخلاف عالمی جنگ میں ہراول دستے کا کردار، قوم نے ناسور کو شکست دی، قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، پیغام

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک بھر میں جاری مون سون بارشوں اور سیلابی صورتحال کے تناظر میں مختلف سیاسی قائدین سے رابطے کیے۔ شہباز شریف نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کو فون کیا اور جنوبی سندھ خصوصاً کراچی میں موسلا دھار بارشوں کے باعث شہری سیلاب، فیتنی...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی نے ضمنی انتخابات میں بھرپور حصہ لینے کا فیصلہ کرلیا

عدالتوں میں کیسز کے فیصلے آنے سے قبل کیوں نئے اپوزیشن لیڈرز کیلئے جلد بازی کی گئی؟، اراکین سیاسی کمیٹی

میٹنگ کے دوران رہنماؤں میں اختلافات، سلمان اکرم راجہ بحث کے دوران اجلاس چھوڑ کر چلے گئے، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں جہاں اختلافات سامنے آئے وہیں اہم فیصلے بھی کیے گئے، اندرونی کہانی سامنے آ گئی، ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کی سیاسی کمیٹی نے ضمنی انتخابات میں بھرپور حصہ لینے کا فیصلہ کر لیا، اجلاس کی...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں 7 فیصد اضافہ ریکارڈ

جولائی میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کا حجم 208 ملین ڈالر رہا، سٹیٹ بینک

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) میں مالی سال کے پہلے مہینے میں سالانہ بنیادوں پر 7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

واشنگٹن ٹائمز نے عاصم منیر کو مرد آہن اور صدر ٹرمپ کا فطری شراکت دار قرار دیدیا

فیلڈ مارشل انتہائی مضبوط اعصاب کے مالک، جنوبی ایشیا میں امریکی ٹرمپ کے نئے سٹریٹجک پارٹنر بن سکتے ہیں

آرمی چیف پیشہ ور، خاموش طبع اور نظم و ضبط کے پابند فوجی افسر، خودنمائی، سیاست میں دلچسپی نہیں، عالمی جریدہ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) ملٹری ڈپلومیسی کی شاندار مثال، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قائدانہ صلاحیتوں کی دنیا معترف، معروف عالمی جریدے واشنگٹن ٹائمز نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو مرد آہن قرار دیدیا، واشنگٹن ٹائمز کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر جنوبی ایشیا میں صدر ٹرمپ کے نئے سٹریٹجک پارٹنر...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان ہائیکورٹ کے حکم پر موبائل انٹرنیٹ سروس بحال

چیف جسٹس بلوچستان نے آئینی پٹیشن پر فیصلہ دیتے ہوئے بحالی کا حکم دیا تھا

15 روز سے انٹرنیٹ سروس کی بندش سے طلباء اور تاجروں کو شدید مشکلات تھیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے اکثر اضلاع گزشتہ 15 دن سے بند انٹرنیٹ کی سروس بلوچستان ہائیکورٹ کے حکم پر بحال ہونا شروع ہوگئی یہ سروس ہائیکورٹ کے حکم کے بعد بحال ہوئی ہے کیونکہ شہریوں کی جانب سے عدالت عالیہ سے رجوع کیا گیا تھا، کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں پندرہ روز سے بند انٹرنیٹ سروس بحال ہوگئی...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں نکاح سے قبل ایچ بی الیکٹروفوریسس ٹیسٹ لازمی قرار

محفوظ خون کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں، مثبت نتائج مرتب ہونگے، سیکرٹری صحت

صوبے میں تھیلیسیمیا کی روک تھام کیلئے ایسے اقدامات ناگزیر، چیئرمین اتھارٹی کی گفتگو

کوئٹہ (اے پی پی) محکمہ صحت بلوچستان نے فیصلہ کیا ہے کہ صوبے میں تھیلیسیمیا کی روک تھام کے لیے نکاح سے قبل ایچ بی الیکٹروفوریسس ٹیسٹ لازمی قرار دیا جائے گا۔ اس بات کا فیصلہ صوبائی سیکرٹری صحت و چیئرمین بلوچستان بلڈ ٹرانسفیوژن اتھارٹی مجیب الرحمٰن کی زیرصدارت کوئٹہ میں بی ٹی اے کا اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں بورڈ ممبران اور...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

8 مقدمات میں ضمانت کے باوجود عمران خان کی فوری رہائی ناممکن

سابق وزیراعظم نے اپنے خلاف پنڈی میں درج 43 مقدمات میں ضمانت حاصل نہیں کی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے 9 مئی کے 8 مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی ضمانت منظور کرتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیدیا...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن لیڈر کی نااہلی کے بعد الیکشن کمیشن میں اہم تعیناتیاں التوا کا شکار

نئے اپوزیشن لیڈر کی تعیناتی تک چیف الیکشن کمشنر اور دو ارکان کی تقرری ممکن نہیں، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی نااہلی کے بعد الیکشن کمیشن میں اہم تعیناتیوں کا معاملہ مزید الجھ گیا، نئے اپوزیشن لیڈر...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی قیادت کا بانی پی ٹی آئی کا پیغام محمود خان اچکزئی کو پہنچا دیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی قیادت کی جانب سے بانی پی ٹی آئی کا پیغام محمود خان اچکزئی کو پہنچا دیا گیا۔ اپوزیشن ذرائع کے مطابق محمود اچکزئی کو پی ٹی آئی قیادت نے اپوزیشن لیڈر سے متعلق بانی کے فیصلے سے آگاہ کیا۔ اس حوالے سے پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان نے بتایا ہے کہ...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی شہرت کے حامل امریکہ کے ہردلعزیز جج انتقال کر گئے

فرینک کیپریو کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے جاری پیغام میں انتقال کی خبر دی گئی

نیویارک (بیورو رپورٹ) عالمی شہرت کے حامل اور امریکہ کے ہردلعزیز جج فرینک کیپریو انتقال کر گئے، روڈ آئی لینڈ جج کو کینسر کا عارضہ لاحق تھا، انتقال سے...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل کا (ایس بی کے) یونیورسٹی کے 15ویں سینٹ اجلاس کے ممبرز کیساتھ گروپ فوٹو

سپارکو نے بھی ربیع الاول کا چاند 24 اگست کو نظر آنے کا امکان ظاہر کردیا

لاہور (بیورو رپورٹ) سپارکو نے بھی ربیع الاول کا چاند 24 اگست کو نظر آنے کے قوی امکانات ظاہر کردیئے، سپارکو کے مطابق ربیع الاول کے چاند کی پیدائش 23 اگست دن 11 بج کر 6 منٹ پر ہوگی، ربیع الاول کا چاند 24 اگست کو نظر آنے کے قوی امکانات...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

صدر مملکت آصف علی زرداری شہید میجر رضوان طاہر کے اہلخانہ سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سوئی میں سی ٹی ڈی تھانے پر حملہ، جوابی کارروائی میں 2 دہشتگرد ہلاک

مسلح حملہ آوروں نے تھانے کے قریب پہنچتے ہی شدید فائرنگ شروع کردی سی ٹی ڈی اہلکار زخمی ہوگیا

جوابی کارروائی میں دونوں حملہ آور مارے گئے، علاقے میں آپریشن کا آغاز، نعشیں و زخمی ہسپتال منتقل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈیرہ بگٹی میں سی ٹی ڈی کے تھانے پر دہشت گردوں کا حملہ فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک جبکہ ایک اہلکار زخمی ہو گیا۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سی ٹی ڈی تھانے پر شدید فائرنگ کرتے ہوئے حملہ کرنے کی کوشش کی تاہم سی ٹی ڈی کے جوانوں نے جرات اور بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری جوابی کارروائی کی فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک جبکہ دیگر رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمی کو...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

نیب کی ایک ہی کیس میں متاثرین کی بڑی تعداد کو ادائیگیاں شروع

بی فار یو فراڈ کیس میں متاثرین کو پہلے مرحلے میں 3 ارب 70 کروڑ روپے تقسیم

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) نیب راولپنڈی نے بی فار یو فراڈ کیس میں متاثرین کو ادائیگیوں کا آغاز کر دیا، پہلے مرحلے میں 3 ارب 70 کروڑ روپے تقسیم کیے...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

عمران کیخلاف ہتک عزت کا دعویٰ، وزیر اعظم بیان پر جرح کیلئے ویڈیو لنک پر طلب

لاہور (بیورو رپورٹ) سیشن عدالت لاہور نے وزیراعظم شہباز شریف کا بانی پی ٹی آئی کیخلاف ہتک عزت کے دعوے پر سماعت کا تحریری حکم جاری کر دیا، ایڈیشنل سیشن جج یلماز غنی نے گزشتہ سماعت کا تحریری حکم جاری کیا، عدالت نے کیس میں فریق بننے کی متفرق...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں اسرائیلی بربریت تھم نہ سکی، مزید 81 فلسطینی شہید

قطر، مصر اور اقوام متحدہ کی ثالثی سے جنگ بندی کی امید، اسرائیلی جواب کا انتظار

غزہ (بیورو رپورٹ) اسرائیل کی حماس کی جنگ بندی کی حمایت کے باوجود بربریت تھم نہ سکی، صیہونی فورسز نے تازہ حملوں میں مزید 81 فلسطینی...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

اللہ کے پاس دیر ہے، اندھیر نہیں، اسد قیصر

بانی کی ضمانت دے کر واضح کر دیا کہ یہ تمام کیسز ناجائز ہیں

سپریم کورٹ نے انصاف پر مبنی فیصلہ دیا ہے، پی ٹی آئی رہنما

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما و سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ اللہ کے پاس دیر ہے، اندھیر نہیں، آج سپریم کورٹ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

خاتون کو ہراساں کرنے پر ڈاکٹر مظہر پر 10 لاکھ روپے جرمانہ

جرمانے کی آدھی رقم متاثرہ خاتون کو دی جائے، وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسگی نے فیڈرل انسٹی ٹیوٹ آف ری ہیبلیٹیشن میڈیسن کے ڈاکٹر مظہر پر 10 لاکھ روپے جرمانہ...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بانی کی ضمانت پر رہائی قانونی فیصلہ ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

انصاف کے تمام فیصلے آئین و قانون کی روشنی میں ہونے چاہئیں، علی امین گنڈاپور

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے 9 مئی کے فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا بانی کی ضمانت پر رہائی قانونی فیصلہ ہے، اچھے...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

ایمرسن یونیورسٹی کے وی سی نازیبا ویڈیوز منظر عام پر آنے کے بعد مستعفی

ملتان (بیورو رپورٹ) ملتان کی ایمرسن یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر رمضان گجر نے نازیبا ویڈیوز منظر عام پر آنے کے بعد استعفیٰ دیدیا، رپورٹ کے مطابق ملتان کی ایمرسن یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی چند روز قبل مبینہ طور پر نازیبا ویڈیو منظر عام پر آئی تھی، رپورٹ...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

قائمہ کمیٹی نے سول افسروں کی دہری شہریت پر پابندی کا بل مؤخر کردیا

بیوروکریس ہی پالیسی میکرز ہیں اور ملک کا برا حال انہی کی وجہ سے ہے، نور عالم خان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نے سول افسروں کی دہری شہریت پر پابندی کا بل مؤخر کر دیا، قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کا اجلاس ہوا...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

نسلہ ٹاور کیس، منظور کاکا سمیت 27 ملزم عدم شواہد پر بری

پراسیکیوشن ملزموں کیخلاف الزامات ثابت کرنے میں ناکام رہا، عدالت کا فیصلہ

کراچی (بیورو رپورٹ) اینٹی کرپشن کورٹ سندھ نے نسلہ ٹاور کو غیر قانونی زمین الاٹ کرنے کے کیس میں سابق ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) سندھ بلڈنگ کنٹرول...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

7 روپے والی دوائی 70 روپے تک پہنچ گئی، وزیر صحت کا اعتراف

ڈی ریگولیٹ کرنے کے بعد ادویہ ساز کمپنیاں مافیا بن گئیں، چیئرمین قائمہ کمیٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں وزیر صحت نے اعتراف کیا ہے اطلاعات مل رہی ہیں دوا ساز کمپنیوں نے آپس میں مل کر ادویات...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، رحیم گوٹھ میں موسلا دھار بارش کے بعد بچے اپنے گھر سے پانی نکال رہے ہیں

مون سون کی شجر کاری آنیوالی نسلوں کیلئے بڑی اہمیت رکھتی ہے، جسٹس روزی خان بریچ

شہر کے دیگر علاقوں میں لگائے گئے درختوں کی دیکھ بھال اور آبیاری پر توجہ مرکوز رکھی جائے، چیف جسٹس بلوچستان

شجرکاری ضروری ہوگئی مشترکہ کوششوں سے کلین اور گرین بلوچستان کے خواب کو حقیقت میں بدل سکتے ہیں، شرکاء

چیف جسٹس بلوچستان کا محکمہ جنگلات کے اعلیٰ حکام کے ہمراہ کوہ مہردار کا دورہ، پودا لگا کر مون سون شجرکاری کا افتتاح کیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بریچ نے کہا ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جنگلات کا فروغ اور تحفظ ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

اراکین پارلیمان کی سکیمیں پی ایس ڈی پی میں ضم کی جائیں، آئی ایم ایف

ایوان کی منظوری کے بغیر ششماہی بجٹ ایڈجسٹمنٹ سے گریز، وزارت منصوبہ بندی ترقیاتی پروگرام ترجیحی منصوبوں تک محدود کرے

حکومت پارلیمنٹ کی بالادستی کا احترام کرے، قدرتی آفات جیسے غیر متوقع اخراجات پورے کرنے کیلئے ہنگامی پول قائم کیا جائے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف نے پاکستان پر زور دیا ہے ارکان پارلیمنٹ کے منصوبوں کی منظوری ترجیحی بنیادوں پر دینے کی بجائے قواعد و ضوابط کے تحت دے، پارلیمنٹ کا احترام کرے، ایوان کی منظوری کے بغیر ششماہی بجٹ ایڈجسٹمنٹ سے گریز کرے، ذرائع کے مطابق آئی...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

4 جنگیں رکوا کر ٹرمپ نے انسانیت کی خدمت کی، محسن نقوی

روس یوکرین اور غزہ میں جنگ بندی کی کاوشیں بار آور ہوں گی، وفاقی وزیر داخلہ

سیلاب سے نقصان پر افسوس، متاثرہ افراد کے خاندانوں کیساتھ ہمدردی ہے، قائم مقام امریکی سفیر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے پاک بھارت سمیت 4 جنگیں رکوا کر امریکی صدر نے انسانیت کی خدمت کی ہے، امید ہے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی روس یوکرین اور غزہ میں جنگ بندی کی کاوشیں بار آور ہوں گی، وزیر داخلہ...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

فیصل آباد، پی ٹی آئی ارکان کی نااہلی سے خالی نشستوں پر ضمنی انتخاب کے شیڈول کا اعلان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) الیکشن کمیشن نے فیصل آباد سے پی ٹی آئی ارکان کی نااہلی کے باعث خالی ہونے والی قومی و صوبائی اسمبلیوں کی نشستوں پر ضمنی انتخاب کے شیڈول کا اعلان کر دیا، الیکشن کمیشن کی جانب سے...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ممبئی، بارش میں امیتابھ بچن کا 200 کروڑ کا بنگلہ بھی ڈوب گیا

300 ملی میٹر بارش نے معمولات زندگی تہس نہس کر کے رکھ دیئے

ممبئی (م ڈ) ممبئی کی موسلا دھار بارش نے جہاں پورے شہر کو جھیل میں بدل دیا وہیں بالی ووڈ کے بادشاہ امیتابھ بچن کا گلیکسی بنگلہ بھی لپیٹ میں آ گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی میں 24 گھنٹوں میں 300 ملی میٹر بارش نے معمولات زندگی تہس نہس...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

بیٹے شاہ ریز خان کو 4 افراد نے گھر میں گھس کر اغوا کرلیا، علیمہ خان

سادہ کپڑوں میں ملبوس مسلح افراد کچن کے راستے گھر میں داخل ہوئے، بانی پی ٹی آئی کی بہن کا دعویٰ

مغوی کا سیاست سے تعلق نہیں، ترجمان پی ٹی آئی، لاہور پولیس چیف نے واقعہ کی تردید کردی، رانا ثناء اللہ

لاہور (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے دعویٰ کیا ہے کہ 4 مسلح نقاب پوش ان کے بیٹے شاہ ریز کو گھر سے اغوا کر کے لے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی، پٹاخوں کے گودام میں دھماکہ، آتشزدگی، متعدد افراد زخمی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے علاقے صدر میں ایم اے جناح روڈ پر پٹاخوں کے گودام میں دھماکہ، آتشزدگی، 30 سے زائد افراد زخمی ہوگئے، ایس ایس پی ساؤتھ نے بتایا دھماکے کے بعد گودام میں...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

افغانستان میں لڑکیوں کے مذہبی تعلیم کیلئے مدارس جانے پر پابندی

خلافت ثالثہ کے دور میں بھی خواتین کو مساجد جانے کی اجازت نہیں تھی، امیر طالبان

امیر طالبان کا یہ موقف قرآن اور سنت کی واضح تعلیمات کے منافی ہے، افغان وزیر

کابل (م ڈ) افغانستان کی طالبان حکومت کے سربراہ ہبۃ اللہ اخوندزادہ نے کابینہ اجلاس میں لڑکیوں کے اسکولوں کے ساتھ مدارس میں مذہبی تعلیم حاصل...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

صدر زرداری کی چین کیساتھ فولادی بھائی چارے کے عزم کی تجدید

چین کے ساتھ دوستی پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چینی وزیر خارجہ وانگ ای سے ملاقات میں دونوں ممالک کے تعلقات پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے چین...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

پاور سیکٹر میں 4800 ارب روپے کی بے ضابطگیاں بے نقاب

آڈٹ رپورٹ کو جلد پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) میں پیش کیا جائے گا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آڈیٹر جنرل آف پاکستان نے 4800 ارب کی مالی و انتظامی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے بجلی شعبے میں گورننس کے سنگین بحران کو بے نقاب کر دیا، رپورٹ مالی سال 2023-24 کا احاطہ کرتی ہے...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے نے کوئٹہ میں جعلی دستاویز بنانیوالا گروہ گرفتار کرلیا

جعلی شناختی کارڈ بنانے میں ملوث ملزم بشیر احمد کو نادرا آفس دوسرے ملزم کو پاسپورٹ آفس کے باہر سے گرفتار کیا گیا

ملزمان جعلی شناختی کارڈ اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، ب فارم بنوانے میں ملوث تھے، ایف آئی اے نے تفتیش کا آغاز کردیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) بلوچستان زون کے عملے نے جعلی دستاویزات کے ذریعے شناختی کارڈ اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ، ب فارم بنوانے میں ملوث مافیا کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے ملزم کو گرفتار کر کے ان کے قبضے...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی کے بلوں میں پیک، آف پیک آورز تبدیل کرنے کا فیصلہ

لیسکو سمیت دیگر تقسیم کار کمپنیوں سے پیک آورز رات 11 بجے تک محدود کرنے کی تجاویز طلب

لاہور (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے بجلی کے پیک اور آف پیک آورز کے اوقات میں تبدیلی کا فیصلہ کر لیا، فیصلے کا مقصد سولر سسٹم کے بڑھتے استعمال کے بعد بجلی کی طلب میں کمی سے پیدا ہونے والے مسائل کو حل کرنا ہے، نیپرا نے ٹائم آف یوز ٹیرف...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں 23 تا 26 اگست بارشوں کا الرٹ جاری، بونیر میں 6 سوابی میں 12 لاشیں برآمد

بارکھان، موسیٰ خیل، لورالائی، سبی، ژوب، قلات اور خضدار میں بادل برسیں گے، محکموں کو الرٹ رہنے کی ہدایت

بونیر میں مزید نعشیں ملنے سے ہلاکتوں کی تعداد 291 ہوگئی، لینڈ سلائیڈنگ کے باعث رابطہ سڑکیں ٹریفک کیلئے بند

کوئٹہ، بونیر (این این آئی) بلوچستان میں 23 سے 26 اگست تک بارشوں کا امکان ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان میں بارشوں کا نیا سلسلہ 22 اگست کی رات کو داخل ہونے کا امکان ہے جس کے تحت بارکھان، موسیٰ خیل، لورالائی، سبی، ژوب...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

اساتذہ کی تعلیمی ترقی پر سرمایہ کاری تحقیقی ماحول کو فروغ دیتی ہے، ڈاکٹر ظہور بازئی

امور میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے، ہیومن ریسورس ڈیولپمنٹ کمیٹی کے اجلاس میں وی سی کی ہدایت

پی وی سی ڈاکٹر غلام رزاق شاہوانی، رجسٹرار محمد طارق جوگیزئی، ڈین ڈاکٹر نظام الدین شاہوانی سمیت دیگر نے اجلاس میں شرکت کی

کوئٹہ (خ ن) جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی زیر صدارت ہیومن ریسورس ڈیولپمنٹ HRD کمیٹی کا ایک اہم اجلاس وائس چانسلر آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس کا مرکزی ایجنڈا فیکلٹی کی تعلیمی ترقی پر مبنی تھا، جس میں پی ایچ ڈی اور ایم فل اسٹڈی لیوز، اسکالرشپس اور اساتذہ کی اعلیٰ تعلیم کے مواقع پر غور کیا گیا۔ کمیٹی نے متعلقہ پالیسیوں، ٹائم لائنز، اور ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) و جامعہ کے اصول و ضوابط کے مطابق اسٹڈی لیوز کی منظوری کے طریقہ کار پر تفصیلی گفتگو کی۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر غلام رزاق شاہوانی، رجسٹرار محمد طارق جوگیزئی، ڈین فیکلٹی آف سائنس پروفیسر ڈاکٹر نظام الدین شاہوانی سمیت متعدد شعبہ جات کے سینئر اساتذہ اور ایچ آر ڈی کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے اساتذہ کی تعلیمی ترقی میں سرمایہ کاری کو ادارے کی مجموعی بہتری اور تحقیقی ماحول کے فروغ کا ضامن قرار دیا۔ انہوں نے ہدایت دی کہ ایچ آر ڈی سے متعلق تمام امور میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس کے اختتام پر متعدد اسٹڈی لیو درخواستوں کی منظوری دی گئی جبکہ فیکلٹی کی ترقی کے لیے مستقبل کے تعلیمی منصوبے پر مزید مشاورت بھی کی گئی۔

چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ کو سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات عبدالفتح بھنگر شیلڈ پیش کر رہے ہیں

آٹا ہر روز مہنگا ہو رہا ہے، مصنوعی مہنگائی کیخلاف کارروائی کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

پنجاب سپر آٹا میں 300 کوئٹہ آٹا میں 200 روپے فی بوری اضافہ ہو گیا ہے، عوامی حلقوں کا شدید ردعمل سامنے آیا ہے، حاجی خدائے داد آغا

فلور ملز مالکان غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں، حکومت نوٹس لے، نقیب اللہ کاکڑ، عطاء اللہ کاکڑ و دیگر کی مشرق سے بات چیت

کوئٹہ (ای پی رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان میں آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے بعد سے شہری، سرکاری ملازمین اور غریب طبقہ نے شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے بتایا ہے کہ بلوچستان میں پہلے سے بے روزگاری، بدامنی لاقانونیت کا سامنا ہے تو دوسری جانب آٹا فلور ملز مالکان نے آٹے کے نرخ میں خود ساختہ اضافہ کر دیا ہے، اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ نے کوئی بھی نوٹیفکیشن نہیں کیا ہے اور نہ ہی اس حوالے سے عوام کو آگاہ کیا ہے، مشرق سروے ٹیم نے کوئٹہ کے مختلف آٹے کے دکانوں کے علاوہ شہریوں کی رائے معلوم ... وقت 200 روپے سے لیکر 300 روپے تک فی بوری اضافہ ہوا ہے۔ 50 کلو پنجاب سپر آٹا 3800 روپے فی بوری 300 روپے اضافہ، کوئٹہ آٹا 50 کلو 4000 روپے ہو گیا فی کلو 200 روپے مہنگا ہو گیا، پنجاب ایکسٹرا آٹا 3600 روپے 50 کلو پارسل، فی بوری میں 300 روپے اضافہ ہو گیا ہے، شہریوں سے رائے معلوم کرنے پر نقیب اللہ کاکڑ، عطاء اللہ کاکڑ، فاروق آغا نسیم آغا و دیگر نے بتایا ہے کہ یقیناً اگر اس حوالے سے عوام نے احتجاج نہیں کیا تو آٹے کی قیمتیں مزید بڑھے گی اور اس سے عوام کو زیادہ سے زیادہ تکلیف پہنچے کے علاوہ انہیں مالی مسائل و مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آٹے کی قیمتوں میں اضافے کے متعلق اب تک ضلعی انتظامیہ نے کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا ہے لہٰذا ضلعی انتظامیہ کو اس بابت فوری طور پر نوٹیفکیشن جاری کیا جانا چاہئے تاکہ آٹا اگر سستا ہوں یا مہنگا ہو عوام کو معلوم ہونا چاہئے اب عوام جب دکانوں سے آٹا خریدتا ہے تو تب انہیں معلوم ہوتا ہے کہ آٹا مہنگا ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گڈ گورننس کے دعوے کرنے والی حکومت میں آدھی چوپٹ راج ہے صوبے میں ہوں یا ضلع میں یا دارالحکومت کچھ بھی مہنگا ہو جائے تو اس کا کوئی اسسمنٹ بنتا ہے اور نہ ہی اس کا کوئی نوٹیفکیشن ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے بلوچستان کے عوام اکثر مصنوعی مہنگائی کا شکار ہوتے ہیں اب تک دال چاول، سبزیوں کا کوئی نرخ معلوم نہیں جبکہ گائے بکرے کا گوشت کی قیمت کا صرف ضلعی انتظامیہ نوٹیفکیشن کرتا ہے اس نوٹیفکیشن پر عملدرآمد کیلئے ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں کوئی چھاپے نہیں مارے جاتے ہیں ... لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ضلعی انتظامی افسران اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی سرانجام دیتے ہوئے آٹے سمیت تمام اشیاء خورد و نوش کی ایک فہرست جاری کیا جائے جہاں شہریوں خریدنے میں آسانی ہوں اور مصنوعی مہنگائی سے انہیں چھٹکارا دلایا جا سکے۔

وفاقی محتسب کے حکم پر نادرا نے خاندان میں رجسٹرڈ اجنبی افراد کو نکال دیا

بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار حاجی دلیر نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے احکامات پر درخواست گزار حاجی دلبر کے خاندان میں رجسٹرڈ اجنبی افراد کو ریکارڈ سے نکلوا دیا گیا۔ درخواست گزار حاجی دلبر نے بتایا کہ ان کے نادرا ریکارڈ میں اجنبی لوگ شامل ہو گئے تھے۔ ان دراندازوں کو ریکارڈ سے نکلوانے کے لیے وہ نادرا آفس گئے کمیٹیاں کی اور تمام دستاویزات ثبوت پیش کیے۔ لیکن ان کا مسئلہ حل نہ ہو سکا۔ لہٰذا وہ اپنی شکایت کے جلد ازالے کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے خاندانی ریکارڈ میں موجود اجنبی لوگوں کو ریکارڈ سے نکال دیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کے خاندانی ریکارڈ میں موجود اجنبی لوگوں کو ریکارڈ سے نکال دیا۔

صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سے صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر لیاقت لہڑی اور پیپلز پارٹی کی رہنما کرن بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے 15 ویں سینٹ کے خواتین ممبرز کیساتھ گروپ فوٹو

خربوزہ اور تربوز کے تاجروں کو منڈی سے نکالنا قابل مذمت ہے، شائستہ خان

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ کے رہائشی شائستہ خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ مارکیٹ کمیٹی کوئٹہ فروٹ سبزی منڈی کی وجود کو ختم کر رہی ہے زراعت کی طرف سے آٹھ سو چالیس جائیدادیں ...

پی پی بلوچستان کی قیادت پسے ہوئے طبقات کی دادرسی کرے گی، رمضان اچکزئی

سینیٹر محمد عمر گورگیج کو صدر ربانی خان کاکڑ جنرل سیکرٹری نامزد ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز کے مرکزی چیئرمین محمد رمضان اچکزئی اور دیگر مزدور رہنماؤں عبدالباقی لہڑی، محمد یار علیزئی، رفعت اللہ جوگیزئی، آصف لہڑی، محمد حیات محمد شہی، غلام عباس، عطاء اللہ بلوچ اور محمد اشفاق نے گورگیج ہاؤس میں سینیٹر محمد عمر گورگیج کو پاکستان پیپلز پارٹی کے نئے صوبائی صدر ربانی خان کاکڑ کو صوبائی جنرل سیکرٹری کی نامزدگی پر مبارکباد پیش کی اور ان سے توقع کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت مزدوروں، کسانوں، ہاریوں، عام عوام اور پسے ہوئے طبقات کے انسانی بنیادی حقوق، ان کو درپیش مسائل، روٹی، کپڑا، مکان، روزگار، تعلیم، صحت، جان کی حفاظت، بیکاری سے مزدوروں کی حفاظت سمیت ان کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں سیاسی پارٹیاں اپنے سیاسی حالات کی وجہ سے کمزور ہو چکی ہیں اور عوام سے ان کا رابطہ منقطع ہو چکا ہے ایسے حالات میں آپ جیسی تجربہ کار شخصیات کی صوبے کے اہم عہدوں پر نامزدگی خوش آئند ہے۔ فیڈریشن کے چیئرمین نے کہا کہ انہوں نے 08 فروری 2024ء کے الیکشن میں ایم این اے کیلئے آزاد امیدوار کی حیثیت سے کاغذات نامزدگی جمع کروائے جس کے بعد پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے انہیں ایم این اے کا ٹکٹ دے کر ملک بھر کے مزدوروں، کسانوں، ہاریوں، عام عوام اور پسے ہوئے طبقات کو پیغام دیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی مزدوروں اور پسے ہوئے طبقات کی قوت کو ساتھ ملانے پر یقین رکھتی ہے۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر سینیٹر محمد عمر گورگیج اور جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ نے مزدوروں کی آمد، مبارکباد اور ان کے نیک جذبات کی ستائش کی اور یقین دلایا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عام عوام، مزدوروں، کسانوں اور پسے ہوئے طبقات کی پہلے بھی پارٹی تھی اور اب بھی انہی طبقات کی طاقت سے سیاست کرے گی۔

ایڈیشنل آئی جی پی / کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف ہیڈ کوارٹر بدر لائن میں سیکورٹی کے بارے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جے یو آئی رندگڑھ یونٹ انتخابات حافظ محمد امیر، مفتی محمد عباس جنرل سیکرٹری منتخب

عبدالصادق نورزئی ناظم مالیات، قاسم خان خلجی قاری نظر محمد حقانی، حزب اللہ منگل یار رکن مجلس عاملہ منتخب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام مشرقی بائی پاس دیوبند رندگڑھ یونٹ کے انتخابات مکمل ہو گئے ... اسلام اسلامی اقدار کے تحفظ کے لیے جدوجہد کر رہی ہے جمعیت ہر محاذ پر اسلام کے تحفظ کے لیے ...

ترقی امن اور خوشحالی کیلئے "حق دو چمن کو تحریک چلائیں گے، سید مصطفیٰ آغا جان

مظلوم عوام کو ان کے بنیادی حقوق دلوائیں گے، قاری امداد اللہ کے ہمراہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی چمن کا حقوق کے حصول، ترقی امن اور خوشحالی کیلئے عوام کے تعاون سے ایک پرامن عوامی تحریک "حق دو چمن" کو شروع کرنے کا اعلان۔ حق دو چمن ... کی لعنت سے نوجوانوں اور خاندانوں کو تباہی و بربادی سے بچایا جائے۔ نادرا متاثرہ افراد پر غیر ضروری سختی نہ کریں کے قومی شناختی کارڈ کے اجراء میں غیر ضروری رکاوٹیں اور عوام کی تذلیل ... ہوئے بارڈر فوری کھول دیں۔ ہمارا دوسرا اہم مسئلہ منشیات ہے حکومت ادارے بارڈر پر سختی کرتے ہوئے منشیات واسلحہ کو فوری بند کریں چمن کو منشیات ... مسائل کا نوٹس لیکر عوام کی پریشانی و مشکلات میں کمی لائی جائے ان مسائل کے حل کیلئے ہم حق دو چمن تحریک کو وسعت دیکر چلائیں گے۔

نو منتخب کابینہ زراعت زون کے ڈپلومہ انجینئرز کے مسائل حل کریں گی، ابراہیم زہری

زراعت زون رانی باغ میں اجلاس میں نئی کابینہ کا انتخاب عمل میں لایا گیا

اسلم کھیتران سمیت مختلف اضلاع کے ڈپلومہ انجینئرز نے کثیر تعداد میں شرکت کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن زراعت زون کا اجلاس صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی ابراہیم زہری کی صدارت میں رانی باغ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسلم کھیتران نے اعزازی مہمان اور مختلف اضلاع سے کثیر تعداد میں ڈپلومہ انجینئرز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن زراعت زون کی نئی کابینہ کا انتخاب عمل میں لایا گیا جس کے مطابق صدر شیر احمد علیزئی، نائب صدر عزیز بازئی، جنرل سیکرٹری محمد صالح کھلکی، جوائنٹ سیکرٹری نوید احمد بلوچ، فنانس سیکرٹری عبدالغفور شیرانی، پریس سیکرٹری سلطان احمد منگلزئی منتخب ہوئے۔ پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی ابراہیم زہری نے نو منتخب کابینہ کو مبارکباد دی اور امید کی کہ وہ زراعت زون میں ڈپلومہ انجینئرز کے مسائل حل کریں گے۔

کوئٹہ پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی کو علاقے کے لوگ اپنے مسائل سے آگاہ کر رہے ہیں

سردار عطاء اللہ خان مینگل کی برسی کے جلسہ کی کامیابی کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام سردار عطاء اللہ خان مینگل کی چوتھی برسی کے جلسہ عام کے سلسلے میں عوامی رابطہ مہم حلقہ بنگ حاجی میر رحیم بنگ کے رہائشگاہ پر کارنر میٹنگ پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر غلام نبی مری کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ پروگرام سے غلام نبی مری۔ ڈاکٹر علی احمد قمبرانی۔ رضا جان شاہی زئی۔ میر حاجی رحیم بنگ۔ مولانا عیسیٰ منگلزئی۔ ملک عبدالکریم مینگل۔ نے خطاب کیا۔ جلسہ عام کیلئے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی۔ جس میں پبلسٹی کمیٹی۔ ٹرانسپورٹ کمیٹی۔ شامل ہیں۔ اور دوستوں کو ذمہ داریاں دی۔ مقررین نے کہا کہ آج بلوچستان کی حالت اس بات کی تقاضہ کرتی ہے کہ بلوچ قوم اپنی بقاء، قومی شناخت وجود اور سلامتی کیلئے متحد ہو کر آنیوالے چیلنجز اور تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے کیلئے منظم سیاسی و جمہوری تحریک کو تقویت دے۔ بلوچستان میں انسانی حقوق کی پامالیاں عروج میں خواتین معصوم بچے بھی محفوظ نہیں ہیں۔

سریاب کے منتخب نمائندے خواب غفلت سے اٹھ جائیں، یوسف وقار شاہوانی

کوئٹہ (پریس ریلیز) جمعیت علماء اسلام حلقہ سریاب کے ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے کہا ہے کہ سریاب کے عوام اس وقت شدید محرومی، نظر اندازی اور حکومتی بے حسی کا شکار ہیں۔ جس علاقے سے تین MPA صوبائی اسمبلی میں، ایک MNA قومی اسمبلی میں موجود ہے، اور ایک وزیر جو نواں کلی سے سلیکٹ ہو کر سریاب کی پسماندگی کا ...

سیاسی رہنماؤں کے گھروں پر چھاپے باعث تشویش ہیں، ڈاکٹر حلیم صادق

کارکنوں کے ساتھ ایسا طرز عمل جمہوری اقدار کے منافی ہے، جی ایس عوام پاکستان پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے بلوچستان بھر میں مختلف سیاسی جماعتوں کی ... بالا سے مطالبہ کیا کہ سیاسی جماعتوں کے ساتھ مشاورت کی جائے اور ایسے اقدامات کیے جائیں جن سے عوام اور سیاسی کارکنوں کے اعتماد ...

جامعہ بلوچستان میں ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے پروگرام کا آغاز

پچ 8 کی کلاسز میں 650 طلبہ و طالبات نے آن لائن رجسٹریشن کرائی ہے

پروگرام کے تحت نوجوانوں کو مفت تربیت، بغیر فیس داخلہ اور ماہانہ وظیفہ فراہم کرتا ہے

کوئٹہ (اے پی پی) ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے DigiBizz پروگرام کے تحت جامعہ بلوچستان میں بیچ 8 کی کلاسز کا آغاز ہو گیا ہے۔ یہ پروگرام نوجوانوں کو مفت تربیت، بغیر فیس داخلہ اور ماہانہ وظیفہ فراہم کرتا ہے تاکہ وہ جدید ڈیجیٹل مہارتیں حاصل کر کے خود کفیل بن سکیں۔ پیش کردہ کورسز میں شامل ہیں: تخلیقی ڈیزائن (Creative Design) ڈیجیٹل مارکیٹنگ (Digital Marketing) ای کامرس اور ایمیزون ویب اسٹور (E-commerce & Amazon) ... رجسٹریشن کی، جن میں سے تعلیمی قابلیت، بنیادی ڈیجیٹل صلاحیت اور مالی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ماہرین نے انٹرویو کے ذریعے امیدواروں کا انتخاب کیا۔ مزید برآں، طلبہ کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو دیکھتے ہوئے جامعہ بلوچستان کے ڈائریکٹوریٹ آف انفارمیشن ٹیکنالوجی (DIT) نے پہلی مرتبہ شام کے طلبہ و طالبات کے لیے 25 اگست بروز پیر سے صبح 11:30 بجے تا 1:30 بجے مخصوص کلاس کا انعقاد کیا ہے جس میں ڈیجیٹل مارکیٹنگ پروگرام شروع کیا جائے گا۔ DigiBizz کا یہ پروگرام ... 119.6 ملین روپے ... 650 ...

صوبائی پارلیمانی ایس اینڈ جی ڈی عبدالمجید بادینی علاقے کے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کا اجلاس ... صدارت میں کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کے ایگزیکٹوز کی کارکردگی رپورٹس کے ساتھ ساتھ تمام مربوط علاقائی یونٹوں کی ماہانہ کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں، جس کا اجلاس میں تنقیدی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اکثریتی علاقائی یونٹوں کی کارکردگی کو اطمینان بخش قرار دیا گیا۔ اجلاس سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے ندا خان سنگر نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی پورے صوبے، بالخصوص کوئٹہ میں مکمل طور پر فعال ہے اور عوام کے حقوق کی جدوجہد میں صف اوّل کا کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی اور علاقائی عہدیداروں کی مسلسل کاوشوں کے نتیجے میں آج کوئٹہ میں بنیادی یونٹوں کی تعداد دن بہ دن بڑھ رہی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر مختلف علاقائی یونٹوں کے حدود میں شمولیتی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں۔ ندا خان سنگر نے زور دیتے ہوئے کہا کہ تمام نئے شامل ہونے والوں کو تنظیم سے منسلک کر کے باقاعدہ طور پر بنیادی و علاقائی یونٹوں میں فعال کیا جائے تاکہ پارٹی کا پیغام ہر گھر تک موثر طریقے سے پہنچ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ایک منظم تنظیم ہی ہمیں اپنے اہداف و مقاصد کے حصول میں کامیاب بنا سکتی ہے۔

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کے رکن عبدالصادق نورزئی، قاسم خان خلجی، مولانا حافظ نظر محمد و دیگر دیوبند رندگڑھ یونٹ کے زیر اہتمام انتخابی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں



میٹروپولیٹن کارپوریشن تنظیمی اتحاد کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرے سے منظور لالہ خطاب کر رہے ہیں

غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے طلباء کی ذہانت بڑھتی ہے، اسد حسین

یوم آزادی کی مناسبت سے منعقدہ سپورٹس فیسٹیول کے شرکا سے پرنسپل بیکن ہاؤس کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پاور ٹی ایلیویشن فنڈ (پی پی اے ایف) کی جانب سے بیکن ہاؤس سکول میں یوم آزادی اور دفاع کے حوالے سے ایک سپورٹس فیسٹیول کا انعقاد کیا گیا۔ جس کے مہمان خاص بیکن ہاؤس سکول کے پرنسپل اور آئی ڈی ایس پی کے ڈائریکٹر اسد حسین تھے۔ اس موقع پر اسکول کے طلباء و طالبات سے انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ غیر نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے طلباء کی ذہانت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جو طلباء کو تعلیم میں مشغولیت کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ اسی لئے طلبا و طالبات کو چاہئے کہ وہ غیر نصابی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر اپنے آپ ہمیشہ فٹ رکھیں اور اپنے مدافعاتی نظام کو مضبوط رکھے۔ اس فیسٹیول کو تین سیشنز میں تقسیم کیا گیا تھا، پہلے سیشن میں دو ٹیموں کے درمیان دوستانہ فٹ بال میچ کھیلے گئے، دوسرے سیشن میں یوم آزادی کی اہمیت پر طلباء کی جانب سے تقاریر کی گئیں۔ اور تیسرے سیشن میں درخت لگانے کی سرگرمی، اجاگر کرنے کیلئے طلباء اور اساتذہ نے ایک سرسبز اور بہتر مستقبل کے عزم کے طور پر درخت لگائے۔ واضح رہے کہ یہ سرگرمیاں پی پی اے ایف کی ملک گیر مہم کے تحت منعقد کی جا رہی ہے۔ تاکہ طلباء، طالبات میں یوم آزادی اور یوم دفاع منانے کے جذبے کو پروان چڑھانے میں مدد مل سکے۔

شدید گرمی میں عوام بجلی اور گیس کی بندش سے پریشان ہیں، پی کے نیپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں کہا ہیں کوئٹہ شہر اور گرد و نواح میں جاری گیس کی شدید لوڈشیڈنگ اور گیس کمپنی کی مجرمانہ غفلت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے گیس کمپنی کی لوڈشیڈنگ افسوسناک اور ناقابل قبول ہے کہ گرمی کے موسم میں بھی عوام کو گیس جیسی بنیادی سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ رات 10 بجے کے بعد کوئٹہ شہر میں مکمل طور پر گیس کی بندش نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جو کہ عوام کے صبر کا امتحان ہی نہیں بلکہ بنیادی ضرورت زندگی سے محروم ہیں ہزاروں کی تعداد میں خواتین خانہ، بزرگ شہری، بیمار افراد اور بچے روزمرہ کی بنیادی ضروریات پوری نہ ہونے کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔

ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچر ریسرچ بلوچستان ... فارم کا معائنہ کر رہے ہیں

پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے میں وفادار کارکنوں کو نمائندگی دی جائیگی، نواب سلیمان خلجی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی وائس پریذیڈنٹ نواب سلمان خان خلجی، بلوچستان کے صوبائی وائس پریذیڈنٹ میر زمان لہڑی یوتھ ونگ بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر محمد شفیق خان خروٹی نے پارلیمانی لیڈر سردار سلیم کھوسہ، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر برکت رند اور ڈاکٹر اشوک کمار سے ایک تفصیلی اور طویل ملاقات کی۔ اس ملاقات میں پارٹی کے موجودہ ڈھانچے، کارکنان کے مسائل، اور بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کی از سر نو تنظیم سازی پر گہری مشاورت کی گئی۔

کوئٹہ میں صفائی کی ابتر صورتحال باعث تشویش ہے، پشتونخوا نیپ

مالو چوک، کوتوال، نواں کلی، زرغون آباد، خروٹ آباد، سیٹیلائٹ ٹاؤن سمیت دیگر علاقوں میں سیوریج کا نظام تباہ ہو چکا ہے

میٹروپولیٹن کارپوریشن اور کوئٹہ صفاء پروجیکٹ کرپشن اور کمیشن کی نذر ہو چکے ہیں، بیان

... لیے ناکافی ہے۔ مزید برآں، صفائی کے اخراجات براہ راست عوام سے بجلی کے بلوں کے ذریعے وصول کیے جا رہے ہیں اور اس منصوبے کو پی ڈی ایم اے کے ذریعے ادائیگی کی جا رہی ہے، جبکہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت شفاف تفصیلات تاحال عوام کے سامنے نہیں لائی گئیں۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر ہنگامی بنیادوں پر نئی مشینری منگوا کر شہر اور نواحی علاقوں سے کچرے کے ہزاروں ٹن ڈھیر ہٹائے جائیں اور عوام کو صحت مند ماحول فراہم کیا جائے۔ ... علاقوں میں سیوریج اور گندگی کے نالے مکمل طور پر ناکارہ ہو چکے ہیں۔ سڑکوں، گلیوں اور کچی آبادیوں میں ہزاروں ٹن کچرا جمع ہے جس کی وجہ سے عوام شدید مشکلات اور بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن اور کوئٹہ صفاء پروجیکٹ کرپشن اور کمیشن کی نذر ہو چکے ہیں۔ صفائی اور کچرا اٹھانے کا عمل نہ ہونے کے برابر ہے، جبکہ متعلقہ عملہ صرف وی آئی پی علاقوں تک محدود ہے اور باقی شہر کچرے کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ معاہدے کے مطابق کوئٹہ صفاء پروجیکٹ نے نئی مشینری درآمد کرنی تھی لیکن تاحال صرف پرانی مشینری ...

سینئر آفیسر منور خان پی ٹی وی کوئٹہ کے پبلک ریلیشنز افسر تعینات

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن لمیٹڈ اسلام آباد کی جانب سے جاری کردہ ایک آفس آرڈر کے مطابق، ٹی وی سینٹر کوئٹہ کے سینئر آفیسر منور خان کو فوری طور پر اور تاحکم ثانی لوکل سطح پر پبلک ریلیشنز آفیسر (گروپ-7) کے طور پر فرائض انجام دینے کی اجازت دی گئی ہے۔ آفس آرڈر کے مطابق، وہ میڈیا کوآرڈینیشن، پریس ریلیزز، ایونٹ کوریج اور ادارے کی عوامی سطح پر پیشہ ورانہ نمائندگی کی ذمہ داریاں سرانجام دیں گے، جیسا کہ پالیسی میں درج ہے۔ یہ حکم مجاز اتھارٹی کی منظوری سے جاری کیا گیا ہے۔ پی ٹی وی انتظامیہ کو امید ہے کہ منور خان اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے ادارے کے میڈیا ریلیشنز اور عوامی رابطوں کو مزید فعال اور مؤثر بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

محمد طاہر نصرت زئی کے والد حاجی بخت محمد علی زئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) حاجی بخت محمد علی زئی انتقال کر گئے وہ محمد طاہر نصرت زئی کے والد قاری نور محمد دیوبندی کے بھائی اور جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما حاجی نعمت اللہ اچکزئی کے چچازاد بھائی تھے جن کی فاتحہ خوانی جامعہ نور المدارس گلی نمبر 16 نزد پشتون آباد تھانہ میں جاری ہے ترین اثنا جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی حاجی عبدالصادق نورزئی مولانا شاہ محمد حاجی سید عبدالواحد آغا مولانا محمد ساسولی حاجی سید عبدالواحد آغا مولانا محمد ہاشم خیلجی مولانا حفیظ اللہ ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا مفتی نیک محمد فاروقی رحیم الدین و دیگر نے حاجی بخت محمد علیزئی کے انتقال پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین۔

گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، کوئٹہ میں روڈ سیفٹی سیشن کا انعقاد

موٹروے پولیس افسران نے شرکا کو ہیلمٹ، سیٹ بیلٹ، لین کی پاسداری بارے آگاہ کیا

کوئٹہ (اے پی پی) موٹروے پولیس کے افسران کی جانب سے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، کوئٹہ میں روڈ سیفٹی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں شرکا کو ہیلمٹ کی اہمیت، سیٹ بیلٹ، لین کی پاسداری، ہیلپ لائن 130، روڈ کراسنگ، اور ڈرائیونگ کے دوران احتیاطی تدابیر اپنانے کے حوالے سے بریف کیا گیا۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ دوران سفر موٹرسائیکل پر ہیلمٹ کا استعمال انسانی زندگی کو محفوظ رکھنے کیلئے انتہائی ضروری ہے اور اگر سفر گاڑی کے ذریعے ہوں تو اس دوران قوانین سے آگاہی سیٹ بیلٹ سمیت ڈرائیورنگ کیلئے احتیاطی تدابیر سے ہی مسافر نہ صرف خود کو محفوظ رکھ سکتا ہے۔

بیٹی کو محمد امین نامی شخص زبردستی مستونگ بازار سے اٹھا کر لے گیا ہے، خیر بی بی

اغوا کے بعد جعفر آباد میں میڈیا کے سامنے جعلی نکاح نامہ پیش کیا جس کو مسترد کرتے ہیں

بیٹی کو بازیاب کر کے عدالت میں پیش کیا جائے تاکہ حقائق منظر عام پر آسکیں، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) منگچر کی رہائشی خیر بی بی نے کہا ہے کہ میری بیٹی رضیہ کو محمد امین نامی شخص اور دیگر نے زبردستی مستونگ بازار سے اٹھا کر لے گیا اور بعد میں جعفر آباد میں میڈیا کے سامنے جعلی نکاح نامہ پیش کیا جس کو ہم مسترد کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ لڑکی کو عدالت میں پیش کیا جائے تاکہ حقائق منظر عام پر آسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو مراد بخش، یار محمد، سکینہ بی بی، زر بی بی کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ محمد امین نامی شخص نے رضیہ بی بی کے ساتھ پریس کلب جعفر آباد میں میڈیا کے ذریعے من گھڑت بیانیہ جاری کیا ہے کہ ان کو کوئٹہ اور خضدار پولیس کی طرف سے ہراساں کیا جا رہا ہے جو کہ درست نہیں جھوٹ پر مبنی اور من گھڑت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ میں 6 اگست 2025، کو دوپہر 2 بجے کے قریب محمد امین نامی شخص اپنے بھائیوں ولی جان، ولی، نبی بخش، علی بخش اور عطاء اللہ نے بازار سے مسماۃ رضیہ کو اٹھا کر لے گئے جس کے خلاف ہم نے اگلے روز اطلاعی رپورٹ مستونگ پولیس کو دے دی اور اس کی کاپی وصول کی تاحال پولیس ان کے خلاف کارروائی کرنے سے گریزاں ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ محمد امین نے 10 سال قبل ایک لڑکی کو ورغلا کر ساتھ لے گیا اور بعد میں قتل کر دیا۔ ہمیں خدشہ ہے کہ رضیہ کو کوئی نقصان نہ پہنچائے۔ منجھو شوری تھانے میں ان کے خلاف کریمنل کیسز درج ہیں۔ ہم وزیر اعلیٰ وزیر اعلیٰ بلوچستان، ہوم سیکرٹری، آئی جی پولیس و دیگر حکام سے مطالبہ کرتے ہیں ہماری دادرسی کر کے مسماۃ رضیہ بی بی کو منظر عام پر لا کر عدالت عالیہ بلوچستان میں پیش اور اس کی میڈیکل چیک اپ کر کے تمام دستاویزات کا جائزہ لیا جائے۔ محمد امین نے جو نکاح نامہ میڈیا کے سامنے پیش کیا ہے جو کہ جعلی ہے ہم اس کو مسترد کرتے ہیں۔

کوئٹہ کے رہائشی مراد بخش، یار محمد، خیر بی بی و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ: پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ کی جانب سے بیکن ہاؤس سکول میں یوم آزادی اور دفاع کے حوالے سے منعقدہ فیسٹیول کے موقع پر پرنسپل اسد حسین طلباء و طالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

CANCELLATION

It is to notify that the development work which was published in newspaper vide PRQ NO. 563/12-08-2025 at Sr. 7 and Uploaded on B-PPRA webite under TSE NO. 252608806833, is hereby Cancelled due in light of Finance Department Notification NO FD.US (Proc:/IT/R&R/MPR) 1-31/BPPRA/2025/428-600 dated: 11-08-2025
The Same will be reuploaded considering the above-mentioned notification.

EXECUTIVE ENGINEER BUILDINGS
CWPP&H DEPARTMENT DISTRICT
ZHOB

PRQ No.726/21-8-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The tenders invited on 03-09-2025 appeared in Daily newspapers Quetta on 16-08-2025 under PRQ No.611/15-08-2025 for the work of Repair of Filter Plant TSE-252608813333, the estimated cost of work was wrongly mentioned as Rs.110 Million instead of the correct amount Rs 11.00 Million.The correct estimated cost may please be read as Rs 11.00 million.
All other terms and conditions shall remain unchanged.

Executive Engineer
Public Health Engineering Division
Sibi

PRQ No.733/21-8-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

آسامیاں خالی ہیں

دفتر ڈپٹی کمشنر ضلع مستونگ میں درج ذیل آسامیاں خالی ہیں جن پر ضلع مستونگ کے خواہشمند لوکل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	تعداد	تعلیمی قابلیت
1	ڈرائیور (B-04)	3	میٹرک پاس بمعہ ڈرائیونگ لائسنس
2	مالی (B-01)	2	متعلقہ کام میں مہارت رکھتا ہو
3	نائب قاصد (B-01)	3	پڑھے لکھے کو ترجیح دی جائیگی
4	چوکیدار (B-01)	1	پڑھے لکھے کو ترجیح دی جائیگی
5	سویپر (B-01)	1	پڑھے لکھے کو ترجیح دی جائیگی

شرائط و ضوابط:۔ (1) درخواست کے ساتھ اپنے تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ، لوکل سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقول اور ایک عدد تصویر لازمی منسلک کریں (2) درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 29 اگست 2025 ہے (3) آخری تاریخ کے بعد کوئی بھی درخواست وصول نہیں کی جائیگی (4) نامکمل درخواستوں پر کوئی کارروائی نہیں کی جائیگی (5) ملازمت پیشہ افراد اپنے محکمہ کے توسط سے درخواستیں جمع کروائیں (6) ڈرائیور کی اسامی کے لئے امیدواران درخواست کے ساتھ ڈرائیونگ لائسنس کی کاپی منسلک کریں (7) عمر کی بالائی حد حکومت بلوچستان کے مروجہ قوانین کے مطابق میں دی جائیگی (8) مندرجہ بالا اسامیوں کے ٹیسٹ / انٹرویوز 16 ستمبر 2025 کو ہونگے۔

ڈپٹی کمشنر
مستونگ

PRQ No742/21-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The submission and opening date and time of the tenders following works, in respect of this office Published in the Various Daily newspapers of Quetta, vide PRQ No713/20-8-2025, Dated: 21/08/2025, "TSE Numbers given below" may be read as September 8, 2025, 10:30 AM Submission & 11:30 AM Opening, instead of 5 September 5,2025, 11:00 AM & 12:00 PM.

Sr. No	TSE Number	Sr. No	TSE Number
1	TSE-252608817633	6	TSE-252608817843
2	TSE-252608817673	7	TSE-252608817853
3	TSE-252608817723	8	TSE-252608817873
4	TSE-252608817743	9	TSE-252608817893
5	TSE-252608817803	10	TSE-252608817913

Senior Assistant Director
Local Govt &Rural Development
Department Khuzdar

PRQ No.734/21-8-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CANCELLATION

With reference to the Notification no.FD.US (Proc:/ITR&R/MPR)1-31/BPPRA/2025/428-600 dated11-08-2025.The Tender invited vide TSE-252608800143 and PRQ No.394/04-8-2025 uploaded on BPPRA website is hereby cancelled and will be re- uploaded on BPPRA under instructions guided in the mentioned letter due to amendments in BPPRA Rules 2014, namely aforesaid rules, in the rule 11-A,for the expression "Rs.50.00 million" the expression "Rs.30.00 million" shall be submitted

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION KALAT.

PRQ No.725/21-8-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

فوڈ اتھارٹی کی کاروائی سرکہ بنانے والا یونٹ اور غیر قانونی واٹر پلانٹ سیل

کارروائیاں ایئرپورٹ روڈ اور سرکی روڈ پر عمل میں لائی گئیں، صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات

بلوچستان میں جعلی، ناقص اور مضر صحت خوراک برداشت نہیں کی جائیگی، ڈی جی وقار خورشید عالم

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے عوامی صحت کے تحفظ اور معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیوں کا سلسلہ بلاتعطل جاری ہے۔ اس سلسلے میں بی ایف اے کی انسپکشن ٹیموں نے کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے ایئرپورٹ روڈ پر غیر قانونی سرکہ بنانے والا یونٹ اور سرکی روڈ پر غیر قانونی واٹر پلانٹ سیل کر دیا۔ ڈائریکٹر آپریشنز بی ایف اے محمد ریاض ناصر کے مطابق انسپکشن کے دوران ایئرپورٹ روڈ پر قائم سرکہ مینوفیکچرنگ یونٹ میں غیر معیاری سرکہ کی تیاری اور سپلائی کا انکشاف ہوا جبکہ یونٹ میں مجموعی صفائی کے انتہائی ناقص انتظامات، غیر صحت بخش ماحول اور ورکرز کی ذاتی حفظان صحت کی سنگین خلاف ورزیاں سامنے آئیں۔ ... تھا۔ بوتلوں کو اوپن فلنگ کے ذریعے غیر محفوظ طریقے سے بھرا جا رہا تھا جبکہ لیبارٹری رپورٹس سمیت قانونی دستاویزات بھی فراہم نہیں کی گئیں۔ ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے وقار خورشید عالم کارروائیوں سے متعلق کہنا ہے کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی عوامی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی بلوچستان میں کسی بھی صورت جعلی، ناقص اور مضر صحت خوراک کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور غیر معیاری و غیر قانونی خوراک تیار کرنے والے سخت قانونی گرفت میں آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محفوظ خوراک عوام کا بنیادی حق ہے اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بی ایف اے کی خصوصی ہدایت کے مطابق دن رات اس حق کے تحفظ کے لیے سرگرم عمل ہے۔

محمود خان اچکزئی کو اپوزیشن لیڈر منتخب ہونے پر خوشی آئند ہے، صادق آغا

اپوزیشن لیڈر بننے سے بلوچستان کے عوام کو فائدہ ہوگا ...

... صادق آغا نے کہا کہ محمود خان اچکزئی کو اپوزیشن لیڈر مقرر ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر کا منصب ایک بڑی قومی ذمہ داری ہے اور محمود خان اچکزئی جیسے مدبر سیاستدان کا اس منصب پر آنا نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے عوام کے لئے خوش آئند ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی کی بطور اپوزیشن لیڈر تقرری دراصل پاکستان تحریک انصاف کے موقف اور عوامی جدوجہد کی فتح ہے۔ پی ٹی آئی نے ہمیشہ اصولی ... انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ جمہوریت کے استحکام اور ملکی ترقی کے لئے قربانیاں دیں اور اب ان کی آواز قومی اسمبلی میں مزید موثر انداز میں بلند ہوگی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ محمود خان اچکزئی اپوزیشن کے اتحاد کو مزید مضبوط کریں گے اور عوامی مسائل کو ایوان میں بھرپور طریقے سے اجاگر کریں گے۔ پی ٹی آئی کے کارکن اور قیادت اس جدوجہد میں ہراول دستے کا کردار ادا کررہے ہیں۔

موبی لنک بینک نے اپنا بینکنگ سسٹم ٹیمی نوس آر 23 پر اپ گریڈ کرلیا

نیا جدید سسٹم صارفین کیلئے جدید بینکنگ کی سہولیات کے استعمال کو بھی یقینی بنائیگا، سی ای او

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان کے صف اول کے ڈیجیٹل مائیکرو فنانس بینک، موبی لنک بینک نے اپنے بنیادی بینکنگ نظام کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے اپنے سسٹم کو ٹیمنوس R17 ورژن سے کلاؤڈ نیٹیو پلیٹ فارم ٹیمنوس R23 پر کامیابی سے اپ گریڈ کر لیا ہے۔ یہ پیش رفت بینک کی ٹیکنالوجی میں جدت، آپریشنل مہارت اور صارفین کے لیے ڈیجیٹل سہولیات بہتر بنانے کے لئے ہے۔ اس کامیاب تبدیلی کو عالمی سطح پر بینکنگ کے شعبے میں ٹیکنالوجی فراہم کرنے والے ٹیمنوس (Temenos) اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے شعبے میں قائدانہ کردار کی حامل ٹیکنالوجی کمپنی ... کے اشتراک سے ممکن بنایا گیا ہے۔ نئے سسٹم کی بدولت بینکنگ آپریشنز کی کارکردگی، اس میں توسیع کی صلاحیت اور مضبوطی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ یہ نیا آرکیٹیکچر نہ صرف جدید ڈیجیٹل فیچرز کا بلا آسانی امتزاج فراہم کرتا ہے بلکہ سیکورٹی اور کمپلائنس کو بھی مزید بہتر بناتا ہے۔ یہ سسٹم تیز ترین لین دین اور ریئل ٹائم رسپانس کے ذریعے صارفین کو مستقبل کے تقاضوں کے مطابق جدید بینکنگ کی سہولیات کے استعمال کو بھی یقینی بنائے گا۔ موبی لنک بینک کے صدر و سی ای او حارث محمود چوہدری نے کہا ہے کہ یہ ایک نیا دور ہے۔

ڈیرہ مراد جمالی: ضعیف العمر خاتون پر لاٹھیوں سے تشدد، زخمی حالت میں ہسپتال منتقل

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں ضعیف خاتون کو متعدد افراد نے لاٹھیوں سے تشدد کر کے زخمی کر دیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی شرقی میں ایک ضعیف العمر خاتون بیبرانی بی بی اپنی بہو سے ملنے سکھر سے ڈیرہ مراد جمالی آئی جہاں اس بزرگ ضعیف خاتون پر نامعلوم افراد نے لاٹھیوں سے تشدد کیا اور انہیں شدید زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے پولیس نے زخمی خاتون کو فوری طور ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس نے خاتون کی مدعیت میں 6 افراد ... کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید کارروائی شروع کر دی۔

راولپنڈی: موٹر سائیکل سواروں کی پولیس پر فائرنگ، 1 ملزم زخمی حالت میں گرفتار

گزشتہ روز شہری سے گن پوائنٹ چھینا گیا موٹر سائیکل بھی برآمد، فرار ملزم کی تلاش جاری

راولپنڈی (زاہد احمد خان) تھانہ آرے بازار کے علاقہ میں رات گئے موٹر سائیکل سوار دو ملزمان کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، جوابی کارروائی میں ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار ... سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی، تاہم پولیس کی جوابی کارروائی میں ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا ...

مچھ میں افراد کو محکمہ صحت کی گاڑی لے کر فرار

کوئٹہ (این این آئی) کچھی کے علاقے ... مسلح افراد محکمہ صحت کی گاڑی چھین کر فرار ہوگئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق مچھ کے علاقے گلی گور میں 6 موٹر سائیکلوں پر سوار 12 نامعلوم مسلح افراد نے محکمہ ہیلتھ کی سنگل کیبن گاڑی کو روک کر گاڑی میں سوار افراد کو شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد چھوڑ دیا جبکہ گاڑی لے کر فرار ہوگئے۔ واقعہ کے بعد لیویز نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان اور گاڑی کی تلاش شروع کر دی۔

خضدار، کمشنر ڈویژن طفیل بلوچ مون سون شجر کاری مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

پاک لیبیا اقتصادی تعلقات کو مزید وسعت دینا ضروری ہے، چیئرمین سینیٹ

توانائی، زرعی برآمدات و دیگر شعبوں میں شراکت داری مشترکہ خوشحالی کو یقینی بنائے گی، یوسف رضا گیلانی

خود مختار فنڈ لیبیا افریقن انویسٹمنٹ کمپنی سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کر رہی ہے، جہاد جمال الفراغ

... انہوں نے کہا کہ یہ ملاقات اس بات کا عکاس ہے کہ پاکستان دو طرفہ اقتصادی تعلقات کو کس قدر اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ LAFICO پاکستان پر خصوصی توجہ دے رہا ہے، نئے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کر رہا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نیو ٹاؤن ہاؤسنگ اسکیم کے مسائل پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ امور نوجوانان کے زیر اہتمام گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مشن روڈ میں تربیتی پروگرام

کوئٹہ (اے پی پی) محکمہ امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام لیڈرشپ ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول مشن روڈ کوئٹہ میں لیڈرشپ پر ایک کامیاب تربیتی سیشن ہوا، جس میں 122 سے زائد طالبات نے شرکت کی۔ سیشن کی قیادت عروج خان نے کی، جنہوں نے قائدانہ صلاحیتوں، فیصلہ سازی، ٹیم ورک، خود اعتمادی اور ہمت جیسے اوصاف کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ ... یہ پروگرام بلوچستان یوتھ سوشو اکنامک ڈویلپمنٹ پروگرام کا حصہ ہے، جس کے تحت صوبے بھر میں 11 ہزار سے زائد نوجوانوں کو تربیت فراہم کی جائے گی۔

صوبائی دارالحکومت میں قائم اکثر سوئمنگ پولز میں حفاظتی اقدامات کا فقدان

کم عمر لڑکوں کی لائف گارڈز کے بغیر گہرے پانی میں تیراکی کسی بھی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گرمی کی شدت میں مسلسل اضافے کے ساتھ ہی شہریوں کی بڑی تعداد نے سوئمنگ پولز اور واٹر پارکس کا رخ کر لیا ہے، تاہم شہریوں کو وہاں سہولت کی بجائے مسائل کا سامنا ہے۔ ... لائف گارڈز کی سہولیات کا بھی فقدان ہے۔ ... شہریوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری اقدامات کیے جائیں۔

عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی حکومتی ترجیح ہے، مولانا ہدایت الرحمان

عوام کو بنیادی حقوق ان کی دہلیز پر فراہم کرینگے، مختلف بی ایچ یوز کے افتتاح کے موقع پر خطاب

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ضلع گوادر میں بیک وقت متعدد بنیادی مراکز صحت کا افتتاح کیا۔ ... اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر عبداللطیف ... موجود تھے۔ تقریب کے دوران بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور پروگرام کے تحت ضلع گوادر کے دیگر علاقوں میں بھی مزید بی ایچ یوز کا جلد افتتاح کیا جائے گا، جس سے دور افتادہ بستیوں میں علاج معالجے کی سہولیات میں نمایاں بہتری آئے گی۔ حکومت بلوچستان کی اولین ترجیح ہے۔

ملک بھر میں موسمیاتی تبدیلیوں کے شدید اثرات لمحہ فکریہ ہیں، سید امان شاہ

وفاقی و صوبائی حکومتیں آفات سے بروقت نمٹنے کیلئے جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ سسٹم کو ترجیح دیں، بیان

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع، خصوصاً سوات، بونیر اور دیگر متاثرہ علاقوں میں حالیہ تباہ کن بارشوں اور سیلاب کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ... موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات شدت اختیار کر رہے ہیں، جو تمام صوبوں کے لیے لمحہ فکریہ ہیں۔ ... وفاقی و صوبائی حکومتیں مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں، پالیسی سازی، آگاہی مہمات اور جدید ڈیزاسٹر مینجمنٹ سسٹم کو ترجیح دیں تاکہ ایسے قدرتی سانحات سے بروقت نمٹا جا سکے۔

وفاقی محتسب کو رواں برس 1 لاکھ 52 ہزار سے زائد شکایات تاحال موصول

سال 2024ء میں 226,373 شکایات آئیں جن میں سے 223198 کے فیصلے کیے گئے

رواں سال شکایات اڑھائی لاکھ سے تجاوز کرینگی، ایس اینڈ ایس لاء ایسوسی ایٹ کے وفد کو بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاکستان میں وکلاء خواتین کی پہلی لاء فرم ایس اینڈ ایس لاء ایسوسی ایٹ کے ایک وفد نے جنکیم کی سربراہ صباء فاروق ایڈووکیٹ کی سربراہی میں گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کا دورہ کیا، جہاں وفاقی محتسب کے مختلف شعبوں کے سربراہان نے وفد کو وفاقی محتسب کے کام، طریقہ کار اور انٹیشن اور ایسوسی ایشن بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ ... میں بتایا گیا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ پاکستان سرکاری اداروں میں بدانتظامی کے خلاف قائم کردہ سب سے پہلا ادارہ ہے۔ ... وفاقی محتسب میں سال 2024ء کے دوران 226,373 شکایات آئیں جن میں سے 223198 شکایات کے فیصلے کیے گئے جو کہ نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں ایک ریکارڈ ہے۔ جبکہ سال رواں کے دوران اب تک ایک لاکھ 52 ہزار سے زائد شکایات موصول ہو چکی ہیں جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس سال کے اختتام تک شکایات کی تعداد اڑھائی لاکھ سے تجاوز کر جائے گی۔ بعد ازاں وفد نے وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کی عمارت میں انٹیشن اور ایسوسی ایشن کے دفتر کا بھی دورہ کیا۔

سرکاری پبلک ٹرانسپورٹ میں مزید 21 بسوں کا اضافہ، انسپکشن و شپمنٹ مکمل

17 کوئٹہ اور 4 تربت کیلئے مختص، 5 پنک بسیں خواتین کیلئے مخصوص، کوئٹہ کے مختلف روٹس پر چلائی جائینگی

منصوبے کا مقصد حکومت کی جانب سے عوام کو محفوظ اور باوقار سفر کی سہولت فراہم کرنا ہے، سیکرٹری ٹرانسپورٹ

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے عوام کو معیاری اور باوقار سفری سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایک اور بڑا اقدام کیا ہے۔ اس سلسلے میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ نے بتایا ہے کہ گرین بس پروجیکٹ کی کامیابی کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید جدید بسیں خریدی گئی ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایات پر مجموعی طور پر 21 نئی بسیں لائی جا رہی ہیں، جن میں سے 17 کوئٹہ اور 4 تربت کے لیے مختص ہیں۔ کوئٹہ میں عوام کی سہولت کے پیش نظر ان بسوں میں سے 5 پنک بسیں خواتین کے لیے مخصوص ہوں گی جو مقررہ اوقات میں صرف خواتین کے لیے چلائی جائیں گی، جبکہ باقی 12 گرین بسیں بھی شہر کے مختلف روٹس پر دوڑتی نظر آئیں گی۔ تمام بسوں کی انسپکشن اور شپمنٹ مکمل ہو چکی ہے اور بہت جلد یہ بسیں کوئٹہ اور تربت کی سڑکوں پر چلنا شروع ہو جائیں گی۔ اس منصوبے سے نہ صرف شہریوں کو آرام دہ، محفوظ اور باوقار سفر کی سہولت ملے گی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ کے مطابق اس وقت روزانہ آٹھ سے نو ہزار مسافر بسوں میں سفر کرتے ہیں، لیکن ان نئی بسوں کے شامل ہونے سے یہ تعداد بڑھ کر روزانہ 40 سے 50 ہزار تک پہنچ جائے گی۔ حکومت بلوچستان کا مقصد ہے کہ عوام کو جدید اور معیاری ٹرانسپورٹ کی سہولت مہیا کی جائے تاکہ لوگ سکون اور عزت کے ساتھ سفر کر سکیں۔

ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو اسکول کے طلباء اور اساتذہ کے ساتھ گروپ فوٹو

ماہی گیری کی ترقی کے لیے نمایاں اقدامات کیے ہیں، ڈی جی جی ڈی اے

مستقبل میں ماہی گیری شعبے کو بزنس ماڈل کے تحت چلایا جائے گا، معین الرحمن خان کا اجلاس سے خطاب

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان کی سربراہی میں جی ڈی اے کے تعمیر کردہ جیٹیز سے متعلق اجلاس ہوا۔ جس میں ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ شاہد علی، پروجیکٹ ڈائریکٹر سربندر جیٹی محمد حنیف اور چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران جی ڈی اے کے تعمیر کردہ جیٹیز کے توسیعی منصوبوں، بزنس ماڈل کے تحت چلانے، دیکھ بھال، مرمت اور ڈریجنگ سمیت دیگر منصوبوں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے اس موقع پر کہا کہ جی ڈی اے نے ماہی گیر برادری کی فلاح و بہبود اور ماہی گیری کے شعبے کی ترقی کے لیے نمایاں اقدامات کیے ہیں۔ جیٹیز کے قیام سے ماہی گیروں کو فری سہولیات میسر آئیں، جنہیں مزید جدید اور موثر بنانے کے لیے ان کی توسیع، جدید سہولیات کی فراہمی اور باقاعدہ مینٹیننس یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں جیٹیز کو بزنس ماڈل کے تحت چلایا جائے گا۔

پشتونوں کو اپنوں و غیروں نے مذموم مقاصد کیلئے استعمال کیا، اے کیو ایم

پشتون سیاسی قوتوں کو متحدہ پشتونستان کے قیام کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، احمد خان

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ احمد خان نے کہا ہے کہ تمام پشتون قوم پرست سیاسی جماعتوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ملک میں مختلف حصوں میں منقسم پشتون افغان قوم کیلئے ایک متحدہ صوبہ پشتونستان کے قیام میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ پشتون قوم کی افرادی قوت متحد ہو کر مظلوک الحال قوم کی بہتر رہنمائی کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ فاٹا میں ڈیڑھ کروڑ پشتون آباد ہیں جسے آزاد قبائلی علاقے کا نام نہاد نام دیکر نہ صرف ایف سی آر کے کالے قانون سے غلام بنایا گیا تھا بلکہ اس علاقے کو علاقہ غیر کا نام بھی دے کر پکارا جاتا تھا، غیر تمند پشتونوں کو اپنوں اور غیروں نے مذموم مقاصد کیلئے مختلف اوقات میں استعمال کیا ہے لیکن اب جب اس علاقہ غیر کو کالے قانون سے چھٹکارا ملا اور ان قبائل کو قومی دھارے میں لانے کیلئے تمام سیاسی و عسکری قوتیں یکسو ہو کر ڈیڑھ کروڑ پشتونوں کی افرادی و جغرافیائی قوت و وحدت کو ملک کے دیگر پشتون علاقوں کے ساتھ ملانے کیلئے متحد ہو چکی ہیں۔

تعلیم کیساتھ بچوں کے حقوق کا تحفظ وقت کی اہم ضرورت ہے، راحیلہ درانی

مصنوعی ذہانت کو سکول کی سطح پر لا رہے ہیں تاکہ بچوں کو بیس بنانے میں مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے

بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں، مسائل پر توجہ دینا ہوگی، صوبائی وزیر تعلیم کا تقریب سے خطاب

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ تعلیم کے ساتھ بچوں کے حقوق کا تحفظ بھی وقت کی ضرورت ہے۔ بچوں کے حوالے سے ایجوکیشن نظام کو بھی بہتر بنانے کی ضرورت ہے، مصنوعی ذہانت کو سکول کی سطح پر لا رہے ہیں تاکہ ہمارے بچوں کو اپنا بیس بنانے میں کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل کمیشن آن دی رائٹس آف چائلڈ کے زیر اہتمام یونیسف کے تعاون سے پاکستان میں بچوں کی حالت اور یہاں اقلیتی مذاہب سے تعلق رکھنے والے بچوں سے متعلق رپورٹ لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں نیشنل کمیشن آن ہیومن رائٹس کی ممبر فرخندہ اورنگزیب، بار جان بادینی، ممبر نیشنل کمیشن آن دی چائلڈ رائٹس عبدالغنی بلوچ ایڈووکیٹ و دیگر بھی موجود تھے۔ ... بھی ہمارے بچے ہمارے مستقبل کے معمار ہیں جن کے مسائل پر توجہ کی ضرورت ہے۔ ... صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ اس حوالے سے اسٹیک ہولڈرز کی سفارشات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

کوئٹہ، ایپکا کے انتخابات کے موقع پر سرور مینگل، نادر کسی و دیگر اپنا ووٹ کاسٹ کر رہے ہیں

انٹرنیٹ کی بندش نے کاروباری طبقے کو شدید نقصان پہنچایا، تنظیم تاجران

سہولیات کی معطلی نے کاروباری طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، کاشف حیدری کی وفد سے بات چیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صوبائی ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تاجر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن سہولیات کی بار بار بندش نے ان کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے، انٹرنیٹ سروسز کی بحالی خوش آئند ضرور ہے مگر بار بار کی بندش نے کاروباری طبقے کو شدید نقصان پہنچایا ہے جس کے اثرات اب بھی موجود ہیں۔ یہ بات انہوں نے تاجر وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ مختلف شہروں میں موبائل، لینڈ لائن اور براڈ بینڈ انٹرنیٹ کی بار بار معطلی نے کاروباری سرگرمیوں کو بری طرح متاثر کیا۔ آن لائن لین دین، آن لائن آرڈرز، ہول سیل و ریٹیل کا نظام اور ای بینکنگ انٹرنیٹ پر منحصر ہے اور جب یہ سہولت معطل کر دی جاتی ہے تو کاروبار مکمل طور پر رک جاتا ہے جس سے تاجروں کو ناقابل تلافی مالی نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے دکانداروں سے لے کر بڑے تجارتی مراکز تک سب اپنی بساط کے مطابق نہ صرف روزگار فراہم کرتے ہیں ... کاشف حیدری نے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان ...

ایپکا کوئٹہ کے انتخابات مکمل، قلم پینل کامیاب، رحمت اللہ زہری صدر منتخب

جنرل سیکرٹری حمد اللہ خلجی، سینئر نائب صدر اول ندیم ترین، سینئر نائب صدر دوم پرویز ہنگلزئی ہونگے

ملازمین کے مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائینگے، نومنتخب صدر کا خطاب، شرکاء سے اظہار تشکر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کے تین سالہ انتخابات میں کل 653 میں سے 405 ووٹ کاسٹ ہوئے قلم پینل نے 394 جبکہ اس کے مدمقابل اسٹار پینل نے 8 ووٹ حاصل کیے اور 3 ووٹ مسترد ہوئے۔ انتخابی نتائج کے مطابق قلم پینل کے رحمت اللہ زہری صدر، جنرل سیکرٹری حمد اللہ خلجی منتخب ہوگئے۔ ایپکا بلوچستان کے صوبائی الیکشن کمشنر حاجی اصغر ہنگلزئی کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق 6 ماہ بعد حکم امتناعی خارج ہونے کے بعد جمعرات کو ایپکا کوئٹہ کے انتخابات برائے سال 2025-28 ڈپٹی الیکشن کمشنر کوئٹہ سید باسط شاہ کی نگرانی میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں ہوئے۔ انتخابات میں قلم پینل کے رحمت اللہ زہری صدر، سینئر نائب صدر اول ندیم ترین، سینئر نائب صدر دوم پرویز ہنگلزئی، سینئر نائب صدر سوم عبدالغنی ریسانی، جنرل سیکرٹری حمد اللہ خلجی، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری ارباب عبدالخالق کاسی، محمد عمران سارنگزئی جونیئر نائب صدر اول، طارق سرپرہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری، حبیب خان ناصر جوائنٹ سیکرٹری، محمد زبیر خان آفس سیکرٹری، عزت اللہ کاکڑ جونیئر نائب صدر سوم، جونیئر نائب صدر دوم غلام نبی محمد حسنی، فنانس سیکرٹری غلام سرور مینگل، پریس سیکرٹری عبدالقادر ریسانی، ضلعی چیئرمین محمد نور سرپرہ، محمد اسلم لہڑی ڈپٹی چیئرمین، سردار فیض اللہ جمالدینی سینئر ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، حاجی حبیب مینگل رابطہ سیکرٹری جبکہ سعدیہ بلوچ وومن سیکرٹری منتخب ہوئیں۔ اس موقع پر ایپکا کوئٹہ کے نومنتخب صدر رحمت اللہ زہری نے خطاب کرتے ہوئے کہا ...

ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی سکول کے بینڈ دستے کی حوصلہ افزائی کے لیے نقد انعامات دے رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے نہری نظام میں بہتری آئیگی، کمشنر نصیر آباد

محکمہ اریگیشن کے افسران و انجینئرز تمام منصوبوں کی معیاری تکمیل کیلئے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں

صوبائی حکومت زرعی ترقی کیلئے غیر معمولی اقدامات کر رہی ہے، صلاح الدین نورزئی کا اجلاس سے خطاب

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت محکمہ اریگیشن کا اجلاس ... اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نصیر آباد صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ محکمہ اریگیشن کے جاری ترقیاتی منصوبوں کو معیار کے مطابق مکمل کرنے کیلئے تمام انجینئرز اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتیں ... انجینئرز نے اپنی جائے تعیناتی پر جاری ترقیاتی منصوبوں اور مستقبل کے لائحہ عمل پر روشنی ڈالی۔ ... ان ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے بعد نہری نظام میں مزید بہتری آئے گی انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کاشتکاروں کی خوشحالی اور زرعی ترقی کیلئے غیر معمولی اقدامات کر رہی ہے، خاص طور پر پٹ فیڈر کینال، کیرتھر کینال، اریگیشن ڈرینج سسٹم اور ذیلی شاخوں کی بہتری کے لیے گئی

فل اسکیل ایئرپورٹ ایمرجنسی مشق 27 اگست کو ہوگی، ڈی سی ایم

... ایئرپورٹ ایمرجنسی مشق 27 اگست 2025 کو ...

جب پیٹرول کے ذخیرے سے ٹکرانے والا ٹرک پلٹ گیا ...

...

گورنمنٹ آف پاکستان (منسٹری آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی)
پریسیژن سسٹم ٹریننگ سینٹر (PSTC) کوئٹہ

اطلاع داخلہ

پہلے آیئے پہلے پایئے

پی سی ایس آئی آر کا فنی تعلیمی ادارہ پی ایس ٹی سی کوئٹہ جو کہ بلوچستان بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کوئٹہ سے منظور شدہ بلوچستان میں اپنی طرز کا واحد ادارہ ہے جس کے فارغ التحصیل افراد کو ملکی انڈسٹری میں نہ صرف فوراً ملازمت مل جاتی ہے بلکہ ترجیح دی جاتی ہے اور بیرون ملک بھی ان کی بے حد مانگ ہے۔ یہاں جدید ترین سی این سی مشینوں سے آراستہ ورکشاپس ہیں۔ اور اعلیٰ تدریس اور عملی تربیت کا طریقہ رائج ہے۔ پی ایس ٹی سی کوئٹہ کے مندرجہ ذیل کورس میں داخلے کی خواہش مند طلباء سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

D.A.E in Mechanical Technology with Specialization in Precision Mechanical & Instrument Technology (3 Year)

★ عمر: زیادہ سے زیادہ عمر کی حد 21 سال ہے۔ ★ کم از کم قابلیت: میٹرک (سائنس)، کم از کم 45% مارکس

داخلہ فارم پراسپکٹس مورخہ 25/08/2025 سے مبلغ 200 روپے نقد یا پے آرڈر/بینک ڈرافٹ ڈائریکٹر پی ایس ٹی سی کوئٹہ کے نام جمع کر کے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اور مقررہ تاریخ تک پی ایس ٹی سی کوئٹہ میں جمع کروایا جا سکتا ہے۔ داخلہ فارم بذریعہ ڈاک (A-4 سائز کا لفافہ) جس پر 100 روپے کے ڈاک ٹکٹ چسپاں ہوں اپنا مکمل پتہ لکھ کر پی ایس ٹی سی کوئٹہ سے منگوایا جا سکتا ہے۔
داخلہ فارم 20/10/2025 دوپہر چار بجے تک وصول کیے جائیں گے بعد میں کوئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی اور انٹرویوں کے لیے بذریعہ فون اطلاع دی جائے گی۔

ڈائریکٹر

داخلہ فارم اور مزید معلومات کے لیے ان نمبروں پر رابطہ کریں
0331-8106411 / 0333-3407217

PID(Q)102/25

پی ایس ٹی سی کیمپس PCSIR میاں غنڈی مستونگ روڈ کوئٹہ
Ph: 0331-8106411, 0333-3407217
Email: pcsirpstcquetta@gmail.com
Website: www.pcsir.gov.pk

آسامیاں خالی ہیں

دفتر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میں درج ذیل آسامیاں خالی ہیں جن کو پر کرنے کیلئے ضلع کوئٹہ کے لوکل اور ڈومیسائل خواہشمند افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں درخواستیں ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ جنرل برانچ کمرہ نمبر 09 میں جمع کرائی جا سکتی ہیں جن کی آخری تاریخ 05 ستمبر 2025ء ہے۔

نمبر شمار	نام آسامی	اسکیل	تعداد آسامی	تعلیمی قابلیت
1	ڈرائیور	04	04	مڈل پاس اور ایل ٹی وی/ایچ ٹی وی لائسنس رکھتا ہو مزید براں دو سال کا تجربہ بطور ڈرائیور رکھتا ہو
2	کیئر ٹیکر	01	01	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
3	چوکیدار	01	03	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
4	مالی	01	02	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
5	نائب قاصد	01	19	لکھنا پڑھنا جانتا ہو
6	سویپر	01	03	لکھنا پڑھنا جانتا ہو

شرائط وضوابط (1) ضلع کوئٹہ کے مستقل رہائشی لوکل/ڈومیسائل امیدوار درخواست دینے کے اہل ہونگے (2) درخواست کے ہمراہ دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر، تعلیمی اسناد، قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ کی کاپی لازمی منسلک کریں (3) نامکمل درخواستوں پر کوئی عمل درآمد نہیں کیا جائیگا (4) امیدوار کی عمر 18 سال سے کم اور 30 سال سے زیادہ نہ ہو (5) عمر کی حد میں حکومت بلوچستان کے مروجہ قوانین کے مطابق رعایت دی جائیگی (6) بھرتی حکومت بلوچستان کی ریکروٹمنٹ پالیسی کے مطابق ہوگی (7) درج بالا آسامیوں کی تعداد میں کمی بیشی ہو سکتی ہے (8) خواتین، اقلیتوں اور معذور افراد کا کوٹہ حکومت بلوچستان کے مروجہ قوانین کے مطابق ہوگا (9) امیدوار کو کسی قسم کا سفری خرچ/یومیہ الاؤنس نہیں دیا جائے گا (10) ملازمت پیشہ افراد اپنے محکمہ کے توسط سے درخواست جمع کرا سکتے ہیں (11) میرٹ پر پورا اترنے والے امیدواروں کی لسٹ دفتر ہذا کے سامنے آویزاں کی جائیگی (12) مورخہ 05 ستمبر 2025 کے بعد موصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائیگا۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ

PRQ No741/21-08-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Deputy Director Agriculture OFWM Washuk invites bids from eligible bidders for execution of following works under the project Implementation Agriculture Development Program through (OFWM) in Tehsil Mashkail Washuk PSDP No. 104[Z2025.1604] for the years 2025-26 based on Composite Schedule Rates 2023 on Percentage Rates. **Tender Fee Rs. 1,000/-(for each work) in shape of Green Challan form deposited in head of account (C03136) E/Money 2% of estimated cost(for each work) in shape of Call Deposit and time limit 30-06-2026 for the each work**

S#	Name of Work(s)	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	Drilling & Development of Bores in Mashkhail District Washuk **TSE: 252608820253**	08th October,2025 10:00 AM	11:00AM	18,474,673
2	Installation of Solar Operated Pumping System in Tehsil Mashkail Washuk **TSE: 252608820343**	08th October,2025 11:00 AM	12:00PM	21,126,589

Procurements shall be made under BPPRA Rules 2014. Eligibility of Bidders: Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents. **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure. **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk and the same can also be obtained from the office of the undersigned upon payment of prescribed tender fee. **Address:** Office of Deputy Director Agriculture On Farm Water Management District Washuk.
Contact: - 03333696061

PRQ No.735/21-8-2025

Deputy Director Agriculture On Farm Water Management Washuk

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹرز۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلیفون نمبر:۔2821626-2821538-2829164 فیکس نمبرز:۔2835934-2830228
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

جمعہ 22 اگست 2025ء

لازوال دوستی: سٹریٹجک ڈائیلاگ اور روشن مستقبل

پاکستان اور چین کی لازوال دوستی جس کے حوالے سے سمندر سے گہری، شہد سے میٹھی اور ہمالیہ سے بلند کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے مبنی برحقیقت ہے اور ہر گزرتے دن کے ساتھ یہ دوستی مزید مضبوط ہوتی جا رہی ہے گزشتہ روز دونوں ممالک کے درمیان وزرائے خارجہ کے سٹریٹجک ڈائیلاگ کا چھٹا دور منعقد ہوا ہے جو اس لازوال دوستی کی ایک اور خوبصورت مثال ہے۔ اس اہم ڈائیلاگ میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور چین کے وزیر خارجہ وانگ ژی نے شرکت کی اور دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ یہ ملاقات نہ صرف دونوں ممالک کی قیادت کے ایک دوسرے پر اعتماد کی عکاسی کرتی ہے بلکہ یہ بھی ثابت کرتی ہے کہ یہ دوستی صرف رسمی تعلقات تک محدود نہیں بلکہ دلوں کا گہرا رشتہ ہے۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں چین کے وزیر خارجہ وانگ ژی کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان تعلقات برادرانہ بنیادوں پر قائم ہیں اور دونوں ممالک ہر سطح پر تعاون کو مزید فروغ دینے کے لئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین کے وزیر خارجہ کی پاکستان آمد کا خیر مقدم کرتے ہیں، آج اسلام آباد میں ہونے والے چھٹے اسٹریٹجک مذاکرات میں سی پیک سمیت پاک۔چین تعلقات کے تمام پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور گزشتہ مذاکرات کے بعد ہونے والی پیش رفت پر بھی بات چیت ہوئی۔ نائب وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری کے تحفظ کے لئے چین کے عزم کو سراہتے ہیں، دونوں ممالک خطے کے امن، استحکام اور خوشحالی کے لئے مل کر کام کرنے کے لئے پرعزم ہیں اور تمام اہم معاملات پر مکمل اتفاق رائے موجود ہے۔

برسوں سے "پورش" پانے والا کلاؤڈ برسٹ

برملا — نصرت جاوید

فارن پالیسی: لیاقت علی خان کی پیروی کیجئے

پیش نظر — محمد مہدی

قومی زوال کی نشانیاں

بیٹھک — سعید آسی — saeed.aasi@yahoo.com

محکمہ موسمیات کی پیش گوئیاں دھندلاہٹ کا شکار کیوں؟

حالات حاضرہ — عصمت جبیں



وزیر اعظم کا میثاق پاکستان کا اعلان

انداز جہاں — اسد اللہ غالب

خدمت اور سیاست

خورشید ندیم



بونیر کے بعد اب کراچی میں تباہی

اظہار خیال — عمران یعقوب خان



اپنے بچوں کو تمام حفاظتی ٹیکے بروقت لگوائیں، ڈاکٹر ظاہر عمرانی

محکمہ صحت عوام کو صحت کی معیاری سہولیات فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی نے بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کو مزید بہتر بنانے اور جاری ویکسینیشن مہم کا جائزہ لینے کے لیے مختلف بیسک ہیلتھ یونٹس (BHU) اور فکسڈ سائٹس کا دورہ کیا۔ ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی نے سب سے پہلے بی ایچ یو اللہ داد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ای پی آئی مراکز اور فکسڈ سائٹس کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے ویکسینیشن کے عمل، عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور ریکارڈز کی مکمل جانچ پڑتال کی۔ دورے کے دوران انہوں نے بی ڈی خروس واہ کے گاؤں گلزار خان، یوسی گولا واہ کے گاؤں شوکت منگلوئی، یوسی اللہ آباد کے گاؤں پرویز خان عمرانی، بی ایچ یو اللہ داد کے گوٹھ عبداللہ گوری، یوسی میرواہ کے گاؤں نور احمد عمرانی، گاؤں گلسی اور حسین بخش عمرانی کا بھی دورہ کیا۔ ان علاقوں میں جاری حفاظتی ٹیکہ جات کے عمل، موبائل ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی نے اس موقع پر ویکسینیٹرز اور دیگر طبی عملے سے ملاقات کی ان کے مسائل سنے اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے عملے کو ہدایت کی کہ ویکسینیشن کے عمل میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے

نصیر آباد، ڈی سی منیر احمد کاکڑ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جی ٹی اے کے مرکزی نو منتخب صدر سجاد حسین کو مبارکباد

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن نصیر آباد کے ضلعی صدر میر مقبول احمد عمرانی، جنرل سیکریٹری مٹھا خان سیال، چیئرمین بابو عبدالطیف کھوسہ، آرگنائزر حاجی محمد نواز سرپرہ، جوائنٹ سیکریٹری جمیل احمد سیال، سینئر نائب صدر ظہور احمد گوار، فنانس سیکریٹری محمد اقبال مجھو، آڈیٹر محمد سلطان عمرانی، غلام شبیر ابڑو، محمد آصف ابڑو و دیگر نے گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی نو منتخب صدر سجاد حسین رند، چیئرمین حاجی حبیب الرحمن مردانزئی اور ان کی مرکزی کابینہ کو شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی اور انہوں نے کہا کہ حالیہ مرکزی انتخابات میں نو منتخب صدر سجاد حسین رند، چیئرمین حاجی حبیب الرحمن مردانزئی، سیکریٹری جنرل حاجی محمد یونس کاکڑ، چیف آرگنائزر اکبر علی اکبر، نائب صدر گل باران حسنی، آڈیٹر جنرل آصف عظیم عمرانی، سیکریٹری اطلاعات و نشریات محمد اسماعیل مینگل اور کابینہ کے دیگر اراکین کی کامیابی اساتذہ برادری کے اعتماد کا مظہر ہے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان، جو صوبے بھر کے اساتذہ کی واحد نمائندہ تنظیم ہے، کی نئی قیادت تنظیم کو مزید فعال اور منظم بنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی

پشین، ڈی سی منصور احمد قاضی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مانجھی پور، جلدی امراض میں اضافہ — گرمی دانوں، پھوڑے پھنسیوں، خارش نے وبائی صورت اختیار کر لی

روزانہ کی بنیاد پر درجنوں جلدی امراض ظاہر ہونے لگے، سرکاری ہسپتالوں میں جلدی بیماریوں کی ادویات نا پید

یہ کیسز پرائمری ہیلتھ کے نہیں ہیں ان کی ادویات پی پی ایچ آئی کے اندر نہیں آتیں، عوامی حلقوں کا اظہار تشویش

مانجھی پور (نامہ نگار) مانجھی پور اور گرد و نواح میں جلدی امراض میں اضافہ، بڑے بڑے گرمی دانوں، پھوڑے پھنسیوں اور خارش نے وبائی صورت اختیار کر لی روزانہ کی بنیاد پر درجنوں چمڑے کے امراض ظاہر ہونے لگے۔ جبکہ سرکاری ہسپتالوں میں جلدی بیماریوں کی ادویات نا پید ہیں۔ اس حوالے سے پی پی ایچ آئی جو تمام بیسک ہیلتھ یونٹس کو کروڑوں کی ادویات فراہم کرتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ یہ کیسز پرائمری ہیلتھ کے نہیں ہیں ان کی ادویات پی پی ایچ آئی کے اندر نہیں آتیں۔ جبکہ سو فیصد علاقہ مکین جو نہایت غریب محنت کش طبقہ ہے جو دو وقت کی روٹی کیلئے دن بھر خاک چھاننے کے بعد اس قابل ہوپاتے ہیں کہ زندہ رہ پائیں۔ وہ اپنے بچوں کا نجی کلینکس سے مہنگا علاج کہاں سے کرا سکتے ہیں۔ جہاں ہر قسم کی ادویات کی قیمتوں میں گزشتہ سال کے مقابلے میں دو سو فیصد اضافے کے ساتھ غریب کی قوت خرید سے باہر ہیں۔ عوامی حلقوں میں اس حوالے سے شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ عوامی حلقوں نے کمشنر نصیر آباد ڈویژن، ڈپٹی کمشنر صحبت پور، اسسٹنٹ کمشنر مانجھی پور، ڈی ایچ او صحبت پور سے فوری طور پر نوٹس لیکر سرکاری ہسپتالوں میں جلدی امراض کیلئے ادویات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی اپیل کی ہے تاکہ غریب و مفلس خاندانوں کے افراد اپنا علاج کرواسکیں۔

ترقیاتی کاموں کو بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کیا جائے، ذکاء اللہ

ترقیاتی کاموں میں ناقص میٹریل کو برداشت نہیں کریں گے، ڈی سی زیارت

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت ذکاء اللہ درانی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایف سی ونگ 155 کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل عثمان نسیم، ایف سی میجر عرفان اور دیگر افسران نے شرکت کی اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کو ضلع زیارت میں ترقیاتی کاموں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اجلاس سے ڈپٹی کمشنر ذکاء اللہ درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں کو بروقت اور معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔ ترقیاتی کاموں میں ناقص میٹریل کو برداشت نہیں کریں گے ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا ترقیاتی کاموں کی تکمیل سے عوام مستفید ہونگے اور علاقے میں ترقی ہوگی۔

نصیر آباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وقف شدہ آراضیات محکمہ تعلیم کو ٹرانسفر کرنے کی ضرورت ہے، ڈی سی پشین

وقف زمینوں کے مالکان مسائل و مشکلات پیدا کرتے ہیں، تدریسی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں، منصور احمد قاضی

نئے سکولوں کی تعمیر سے متعلق نئی پی، ایس، ڈی، پی کی جانچ پڑتال بھی ضروری ہے تاکہ حکومتی بجٹ کا ضیاع نہ ہو

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ماہانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) انجینئر نجم کبزئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) عبدالوہاب خان ناصر، تمام تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنران سمیت ضلعی ایجوکیشن آفیسر فیض اللہ خان کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (خواتین) خالدہ تاج، منیجر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن سپورٹ پروگرام اسماعیل خان جلال زئی، صدر گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن محمد عارف ترین سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر آفیسران بھی موجود تھے، منعقدہ اجلاس کے دوران ضلعی ایجوکیشن آفیسر فیض اللہ خان کاکڑ کی جانب سے ڈپٹی کمشنر اور شرکاء کو ضلع بھر کے تعلیمی اداروں کی کارکردگی و دیگر امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جس کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تعلیمی اداروں کے لیے عوام کی جانب سے وقف شدہ آراضیات محکمہ تعلیم کو ٹرانسفر کرنے کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے، کیونکہ سکولوں کی تعمیر کے لیے وقف کردہ زمینوں کے مالکان مسائل و مشکلات پیدا کرتے ہیں جسکی وجہ سے سکولوں میں تدریسی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں، جبکہ اس ضمن میں نئے سکولوں کی تعمیر سے متعلق نئی پی ایس ڈی پی کی جانچ پڑتال بھی ضروری ہے تاکہ حکومتی بجٹ کا ضیاع نہ ہو، ڈپٹی کمشنر نے اسسٹنٹ کمشنران اور متعلقہ آفسران کو ہدایت کی، کہ ریونیو ریکارڈ کے مطابق ضلع میں موجود تمام سکولوں کا ریکارڈ مرتب کیا جائے، تاکہ جہاں تعمیرات کی ضرورت ہے وہاں تعمیرات محکمہ ایجوکیشن کے قوانین کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے جائیں، تاکہ مستقبل میں مسائل و مشکلات سے بچا جا سکے، ڈپٹی کمشنر منصور قاضی نے محکمہ تعلیم کے آفسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کے تمام تعلیمی اداروں میں اساتذہ و نان ٹیچنگ اسٹاف اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لاتے ہوئے مخلصانہ طور پر مثبت تعلیمی نتائج کے حصول کے اقدامات کریں، اور متعلقہ آفسران تعلیمی اداروں میں اساتذہ و غیر تدریسی اسٹاف کی مکمل حاضری کو یقینی بنانے اور درس و تدریس سمیت دیگر امور کو بہتر بنانا اولین ترجیحات میں رکھیں، اور تدریسی عمل کو مقدس فریضہ سمجھ کر اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی خندہ پیشانی سے کریں، ڈپٹی کمشنر منصور قاضی نے ہدایت کی، کہ تمام اساتذہ کو اپنی اصل جائے تعیناتی پر فرائض کی ادائیگی کرنی ہوگی، اور اس ضمن میں کسی کے ساتھ رعایت نہیں کی جائے، کیونکہ یہ مستقبل کے معماروں کے روشن مستقبل سے واسطہ معاملہ ہے، انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفسر اور دیگر متعلقہ اسٹاف پر زور دیا کہ چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی مخلصانہ تعلیمی ترجیحات کی روشنی میں ہنگامی بنیادوں پر بروقت اور دیرپا نتائج کے حصول کے لیے اقدامات کئے جا رہے ہیں

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مکان نمبر C-12 ماڈل ٹاؤن ایکسٹینشن کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق مسمی 1 ثمینہ حنیف دختر میاں محمد حنیف 2 منصور علی ولد محمد حنیف کی ملکیت ہے۔ اب مذکورہ جائیداد کو بذریعہ سیل ڈیڈ 1 مسمی محمد عارف ولد غلام رحمان 2 فائزہ منیر زوجہ منیر حسین کو فروخت کرنے کی درخواست دفتر ہذا میں جمع کرائی ہے۔ اس پراپرٹی کے بارے میں اگر کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے۔ معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کرے گا۔

61949

المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی — فون نمبر 081-9201443

ماں کا دودھ بچے کیلئے سب سے محفوظ خوراک ہے، ڈاکٹر قادر

پیدائش کے پہلے چھ ماہ تک صرف ماں کا دودھ پلانا ضروری ہے

ماں کا دودھ نہ پینے کے باعث نوزائیدہ بچوں میں غذائی قلت بڑھتی ہے

مانجھی پور (نامہ نگار) صوبائی ڈائریکٹر نیوٹریشن یونیسیف اور محکمہ صحت صحبت پور کے اشتراک سے بریسٹ فیڈنگ مہینہ منانے کے حوالے سے ضلعی آفیسر صحت صحبت پور ڈاکٹر عبدالقادر کھوسہ نے جناح پریس کلب کے صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ ماں کا دودھ بچے کیلئے سب سے محفوظ خوراک اور غذائیت سے بھرپور ہے جو بچوں کی جسمانی و ذہنی نشوونما میں مدد دیتا ہے بلکہ بیماریوں سے بچاؤ میں بھی بنیادی حیثیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچے کی پیدائش کے فوراً بعد بچے کو ماں کا دودھ پلانا بلکہ پہلے چھ ماہ تک صرف اور صرف ماں کا دودھ پلانا ضروری ہے 2018 کے سروے کے مطابق بلوچستان میں صورتحال نہایت تشویشناک ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ماں کا دودھ نہ پینے کے باعث نوزائیدہ بچوں میں غذائی قلت بڑھتی ہے۔ اس سے قوت مدافعت کمزور ہوتی ہے اور شرح اموات میں اضافہ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوزائیدہ بچوں کیلئے ماں کے دودھ کا نعم البدل کوئی خوراک نہیں ہے۔ ایک صحت مند معاشرے کے قیام کیلئے آگاہی مہم کا آغاز کیا جاچکا ہے

فیصل خان جمالی کی خدمات کھلی کتاب کی مانند ہے، میر ضرار

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) معروف قبائلی شخصیت نوجوان قیادت میر ضرار خان جمالی نے کہا ہے کہ اوستہ محمد کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا صوبائی وزیر لائیوسٹاک بلوچستان ایم پی اے استامحمد سردار زادہ فیصل خان جمالی کی خدمات کھلی کتاب کی مانند ہے ان خیالات کا اظہار میر ضرار خان جمالی نے اقلیتی برادری سے ملاقات کرنے کے لیے مندر لدھا مکھی سردار نانک سنگھ سابق بلدیاتی نمائندہ لدھا کمار ہریش کمار و دیگر ہندو برادری سمیت پریس کلب کے سابق صدر محمد حنیف بلوچ سینئر صحافی سونا خان جمالی ملاقات کر کے اقلیتی برادری و دیگر استامحمد کے مسائل اور جاری ترقیاتی اسکیمات کے بارے میں تفصیلی بات چیت کی

زیارت، ڈی سی ذکاء اللہ درانی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوستہ محمد دور جدید میں پولیس فورس سہولیات سے یکسر محروم

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد دور جدید میں پولیس فورس سہولیات سے یکسر محروم گشت کرنے کے لیے پولیس موبائل گاڑیاں ناپید ہو گئے خستہ حال گاڑیاں اینٹوں پر کھڑی ہو گئے بلوچستان حکومت وائی جی پولیس بلوچستان پولیس فورس کو سہولیات کی فراہمی میں ناکام نظر آرہے ہیں

پی ایچ ای کی عدم دلچسپی واٹر سپلائی اسکیم کا پانی پینے کے قابل نہ رہا

کئی سالہ بوسیدہ پائپ لائن جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگئے ہیں

اوستہ محمد (نمائندہ مشرق) [illegible] پی ایچ ای کی عدم دلچسپی واٹر سپلائی اسکیم کا پانی پینے کے قابل نہ رہا [illegible] ہوگیا۔ کئی بار شکایات کے باوجود بھی کوئی واٹر سپلائی کا کام نہ ہوا۔ اور اسکیم سے موٹر اور پمپ بھی غائب ہوگئے ہیں۔ جس علاقے واسیوں شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ پینے کے لیے پانی فیض آباد یا قریب شہر اوستہ محمد سے لایا جاتا جس سے علاقے والے سخت پریشان ہیں اور اگر نہیں کی گئی تو سخت احتجاج کریں گے۔ محمد شریف نے کہا کہ فوری طور پر موٹر اور پمپ کے ساتھ پائپ نصب کیے جائیں تاکہ علاقے کے عوام پینے کے صاف پانی سے مستفید ہو سکیں حکام بالا سے اپیل کی جاتی ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے

بعدالت جناب فیملی جج (4) کوئٹہ

1 بی بی آمنہ زوجہ نقیب اللہ پتہ محمد طاہر خان روڈ کوئٹہ بنام 1 نقیب اللہ ولد عبدالمجید پتہ محمد طاہر خان روڈ کوئٹہ 2 عوام الناس

عنوان: اشتہار بنام مدعا علیہ / مدعا علیہم 1 نقیب اللہ ولد عبدالمجید پتہ محمد طاہر خان روڈ کوئٹہ

عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 04/09/2025 مقرر ہو چکی ہے درج بالا مقدمہ ہذا میں مدعا علیہ عدالت ہذا کے سمن کو لینے سے دیدہ دانستہ طور پر گریز کر رہا ہے اور روپوش ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار مدعا علیہ / مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ سماعت پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 20/8/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

61939

بعدالت ایڈیشنل سیشن جج IX کوئٹہ

مثل نمبر 26/2005 — نسیم احمد خان بنام عرفان اللہ خان کاسی وغیرہ

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 87,500,000 PKR Amount in2 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category and Specialized Code is CE04(iii) (dams only), CE10(i) (General Civil Engineering Works). Has a minimum Bank Credit Line Facility / Available Account Cash equal to at least 50% of the project cost. 3- similar nature work along with work orders and completion certificate minimum value of each project is 80 Million 1- similar nature work along with work order minimum value of each project is 80 Million. Litigation Affidavit, in case of Litigations, history should be enclosed (Attach affidavit on Rs. 100 non-judicial stamp paper duly attested by notary public) Affidavit of Declaration of all documents that are provided are true and genuine on stamp paper duly attested by notary public in favor of Executive Engineer Irrigation Division Kalat along with the firm name and TSE no of the subject work FBR tax Return of last 3 years showing finical capacity. Tender fee of RS.1500/- in Shape of Green Challan Deposit at Call of 2 % of Estimated Cost **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 05 September, 2025till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System **Address:** EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DEPARTMENT DIVISION KALAT Phone no: 3009019005 Email: jummakhanmallal@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER IRRIGATION DIV KALAT

PRQ No.728/21-8-2025

بعدالت تحصیلدار صدر / اسسٹنٹ درجہ اول کلکٹر کوئٹہ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عادل احمد ولد عرفان احمد قوم قریش ہاشمی سکنہ نواں کلی کوئٹہ درخواست پیش کی گئی اظہار کیا کہ میری والدہ نفسہ ناز زوجہ عرفان احمد قوم ہاشمی سکنہ نواں کلی کوئٹہ وفات پا چکی ہے جس کی وراثت انتقال کے لئے شرعی فتویٰ پیش کیا گیا ہے شرعی فتویٰ کے مطابق جائز وارثان 1 عادل احمد 2 عظیم احمد پسران 3 انعم ناز 4 شانم ناز 5 رمشا عرفان 6 ثمرہ بی بی 7 افشاں ناز دختران عرفان احمد قوم ہاشمی ساکنان نواں کلی کوئٹہ ہیں۔ لہٰذا اس بارے میں اگر کوئی شخص یا کسی ادارہ کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو اندر 7 یوم زیر دستخطی کو پیش کرے۔ بعداز معیاد کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ اشتہار ہذا آج بمورخہ 20/08/2025 کو بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا۔

61943

TENDER NOTICE

The ASSISTANT DIRECTOR KACHHI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender Fee Rs.1000/- for S.No.1 and Nil for S.No.2, Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1.	CONSTRUCTION AND ADDITIONAL WORK OF SATSANG HALL AND MANDIR AT HINDU MUHALLA DHADAR KACHHI (PSDP Z2025.0550) **TSE-252608818263**	29,703,194
2	CONSTRUCTION OF BLACK TOP ROAD HINDU MUHALLA TO SHAMSHANGHAT AND BOUNDARY WALL TO THALA SAHIB DHADAR (PSDPZ2025.0764) **TSE-252608818313**	20,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders :** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 25,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of thunder-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of **NIT to 17 September,2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **17 September,2025 till 11:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed **at12:00 PM Address:** Local Government Office, Dhadar **Phone no:** 0832415425 **Email:** qazi.shoran@gmail.com

ASSISTANT DIRECTOR LOCAL GOVERNMENT AND R&D DISTRICT KACHHI

PRQ No.736/21-8-2025

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENRAL AGRICULTURE RESEARCH QTA ARI-QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252608818731 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee 3000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Live Plants & Seeds (Total Item(s) Count: 20)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 5 Assignments of Similar Nature and Complexity 25,000,000 in Previous 5 Years Turn over at least 25,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee The Bidding Firm must be certificated from Federal Seed Certification & Registration Department (FSC&RD) Signature & company seal Completion time within the stipulated time period **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 09 September, 2025till 02:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 03:00 PM on EPPS System **Address:** Directorate General of Agriculture Research, ARI, Village Aid Sariab Road Quetta. Phone no: 0819330016Fax no: 0819330022

DIRECTOR GENERAL AGRICULTURE RESEARCH ARI-SARIAB QUETTA

PRQ No.740/21-8-2025

www.dpr.gob.pk | dpr_gob | dpr.gob | dgpr.balochistan

بقیہ آئی ایس پی آر 1

کہا کہ پاکستان ایک ایسا ملک ہے جو خطے کی تقدیر بدلنے کی صلاحیت رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ مسلسل پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں، لیکن دشمن یہ جان لے کہ پاکستانی قوم اور افواج کسی بھی سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ انہوں نے پاکستانی نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں اپنی طاقت کو پہچاننے کی ضرورت ہے، کیونکہ جس دن نوجوان اپنی اصل قوت کو سمجھ گئے، اس دن کسی خارجی یا داخلی خطرے کا ذرا باقی نہیں رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے، اور اس نظریے کو لے کر ہی ہم نے یہ وطن حاصل کیا تھا۔ اب وقت ہے کہ نوجوان اس میراث کی حفاظت کریں اور ملک دشمن عناصر کا نظریاتی و عملی سطح پر مقابلہ کریں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے سیرت نبوی ﷺ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ فتح مکہ کے وقت حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا حق آ گیا اور باطل مٹ گیا۔ بے شک باطل مٹنے کے لیے ہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کو اپنے مشن کے دوران بے شمار مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، لیکن آخر کار فتح مکہ ان کے نصیب میں آئی۔ ان کی زندگی اور جدوجہد ہمارے لیے رہنمائی کا ذریعہ ہے، اور انہی مشکلات سے سبق سیکھ کر ہمیں اپنے سفر کا تعین کرنا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا دوٹوک پیغام تھا کہ دشمن خواہ کتنی ہی کوششیں کر لے، پاکستان نہ جھکا ہے، نہ جھکے گا۔ یہ قوم جب ایک ہو جاتی ہے، تو دنیا کی کوئی طاقت اسے شکست نہیں دے سکتی۔ انہوں نے کہا نو مئی کے حوالے سے پاک فوج کا موقف واضح ہے اس میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ ملک دشمنوں کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ 9 مئی کرنے والوں اور منصوبہ سازوں کو قانون کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ 9 مئی صرف فوج کا نہیں قوم کا مقدمہ ہے، یہ ریاست پاکستان کے خلاف سازش تھی، 9 مئی جیسے انتشار پر لوگوں کو معافی مانگنی چاہیے، معافی سے قانونی عمل رک نہیں سکتا۔

بقیہ ضمانت منظور 2

کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے زبانی فیصلہ سنا دیا اور بانی تحریک انصاف کی 8 مقدمات میں ضمانت منظور کرتے ہوئے رہائی کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ آپ دونوں سے عدالت کے 2 سوالات ہیں، لاہور ہائی کورٹ کا فیصلہ پڑھا ہوگا۔ پہلا سوال! کیا ضمانت کیس میں حتمی فائنڈنگ دی جا سکتی ہے؟ دوسرا سوال! ماضی میں سازش کے الزام پر سپریم کورٹ نے ملزمان کو ضمانت دی، کیا تسلسل کا اصول اس کیس پر اپلائی ہوگا؟ اسپیشل پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی نے کہا کہ ضمانت کیس میں عدالت کی آبزرویشن ہمیشہ عبوری نوعیت کی ہوتی ہے، عدالتی آبزرویشن کا ٹرائل پر کوئی فرق نہیں پڑتا، سپریم کورٹ نے ضمانت سے متعلق گائیڈ لائنز دی ہوئی ہیں جو بھی فالو ہوتی ہیں کبھی نہیں ہوتیں۔ پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی نے سپریم کورٹ کا ضمانت سے متعلق فیصلہ پڑھا۔ اسپیشل پراسیکیوٹر نے اعجاز احمد چودھری کیس میں ضمانت منظوری کا فیصلہ عدالت میں پڑھا۔ چیف جسٹس پاکستان نے ریمارکس دیے کہ سپریم کورٹ میں سازش سے متعلق کیسز میں ضمانت مسترد ہونے کے فیصلے پڑھ کر آئیں۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے اسپیشل پراسیکیوٹر سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا آپ کیس میں سازش کی بات کرتے ہیں، کوئی ایسا کیس ہے جس میں سازش ہوئی ہو اور ضمانت مسترد ہوئی ہو؟ حال ہی میں سپریم کورٹ میں جتنے سازش سے متعلق کیس آئے ان میں ضمانت منظور ہوئی ہے، سپریم کورٹ نے ایسے ہی الزام کے 3 کیسز میں ضمانتیں منظور کی ہیں، اپنے کیس کو سازش سے متعلق دیگر کیسز سے الگ ثابت کریں۔ اسپیشل پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی نے کہا کہ سپریم کورٹ میں سازش سے متعلق ضمانت منظور ہونے والے کیسز میں ثبوت نہیں ہوں گے، موجودہ کیس میں سوشل میڈیا پر سازش سے متعلق ثبوت موجود ہیں۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے سوال کیا کہ کیا آپ کے پاس ملزم کے خلاف ثبوت موجود ہے؟ پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی نے کہا کہ واٹس ایپ میسجز موجود ہیں، 3 گواہان کا بیان ہے، فوٹو گریمیٹک اور وائس میچنگ ٹیسٹ موجود ہے، ہائی کورٹ نے کہا تھا ٹرائل کورٹ میں مختلف ٹیسٹ کے حوالے سے درخواست دیں، ٹرائل کورٹ نے ٹیسٹ لینے کی اجازت دی لیکن جیل میں ملزم نے تعاون نہیں کیا، جس پر چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ لیگل نتائج ہوں گے، آپ ایسا سب کیوں کہہ رہے ہیں جو صرف آپ کی فیور میں جا رہا ہو، سپریم کورٹ سے فائنڈنگز لیں، قانون آپ کو خود فائنڈنگز دے گا، جو ثبوت ہے اسے ٹرائل کورٹ میں رہنے دیں، بار بار کہہ رہا ہوں فائنڈنگ پر مت جائیں، ضمانت کے معاملے پر سپریم کورٹ فائنڈنگ میں محتاط ہوتی ہے، ٹرائل کورٹ سے فائنڈنگ لیں، ثبوت ٹرائل کورٹ میں آ جائے گا۔ پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی نے کہا کہ ثبوت ملزم کے ساتھ لنک کر رہا ہے۔ جسٹس حسن اظہر نے کہا کہ 14 مئی کو ملزم کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور ہوئی، کیا اس دوران تفتیش ہوئی؟ کیا تعاون کیا؟ پراسیکیوٹر ذوالفقار نقوی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا تمام مقدمات میں مرکزی کردار ہے۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ میرٹ پر جائیں گے تو سلمان صفدر بھی بات کریں گے، سپریم کورٹ نے میرٹ پر آبزرویشن دی تو ٹرائل متاثر ہوگا، میرا کام آپ کو فائنڈنگ سے متعلق متنبہ کرنا تھا باقی جیسے آپ بہتر سمجھیں۔ بانی پی ٹی آئی کے وکیل سلمان صفدر نے کہا کہ 8 مقدمات میں آج تک بانی پی ٹی آئی کے خلاف چالان پیش نہیں ہوا، ہائی کورٹ میں 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواستیں مسترد کیں، 3 ایف آئی آرز میں بانی پی ٹی آئی نامزد ہیں، 5 ایف آئی آرز میں بانی پی ٹی آئی کا نام نہیں ہے۔ پاکستان تحریک انصاف نے اپنے بانی عمران خان کو سپریم کورٹ سے ملنے والے ریلیف کو خوش آئند قرار دیا ہے جبکہ تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ قوم کے لیے خوشی کا دن ہے، بہت عرصے بعد عدالتوں سے ریلیف ملا، ہمارے بیانیے کی جیت ہوئی، اب صرف القادر ٹرسٹ کیس رہ گیا ہے، اس میں بھی جلد ہمارے حق میں فیصلہ آئے گا۔ سلمان اکرم راجا نے پارٹی رہنماؤں کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سلمان اکرم راجا نے کہا کہ 9 مئی کو لے کر پی ٹی آئی کے خلاف بیانیہ بنایا گیا، آج عدالت کے سامنے جو گواہی پیش کی گئی وہ ہمیشہ ہر کیس میں پیش کی گئی، ان کیسز میں 10،10 سال سزا ہوئی اور بانی پی ٹی آئی کی ضمانت کو مسترد کیا گیا۔

بقیہ وزیر اطلاعات 3

بریت نہیں ہے اور وہ 190 ملین پاؤنڈ کے میگا کرپشن کیس میں ملوث ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں کی پریس کانفرنس کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی 190 ملین پاؤنڈ کے میگا کرپشن کیس میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 190 ملین پاؤنڈ تاریخ کا میگا کرپشن کیس ہے، بانی پی ٹی آئی کو شواہد کی بنیاد پر شفاف ٹرائل کے ذریعے 14 سال قید کی سزا سنائی گئی، بانی پی ٹی آئی عدالت کو نہ بتا سکے کہ اربوں روپے ملک ریاض کو کس مد میں دیے گئے ہیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ثبوت دینے کے بجائے ریاست مدینہ کے بیانیے کا سہارا لیا، ان لوگوں نے حساب دینے کے بجائے اسلامی ٹچ اور مذہب کارڈ استعمال کیا اور جو اربوں روپے حکومت پاکستان کو ملنے تھے وہ جرمانے کی مد میں جمع کرائے گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ دامن صاف تھا تو پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ نے القادر یونیورسٹی ٹرسٹ کیوں بنایا، ثابت ہو چکا کہ بند لفافے کی کابینہ سے منظوری لی گئی، جن وزرا نے اس وقت لفافے سے متعلق سوال اٹھایا انہیں نظر انداز کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بند لفافے کی منظوری کے ذریعے 190 ملین پاؤنڈ کا کھیلا کیا گیا، یہ لوگ عدالت میں اپنے دفاع میں کچھ ثابت نہ کر سکے، ضمانت ملنے کا مطلب بریت نہیں ہے، پی ٹی آئی کے کئی رہنماؤں کو ضمانت پر ہونے کے باوجود سزا ہوئی ہے۔ وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی کچھ مقدمات میں ضمانت منظور کی، اس کا مطلب یہ نہیں کہ بانی پی ٹی آئی مقدمات سے بری ہو گئے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضمانت کسی کو مقدمات سے بری الذمہ نہیں کرتی، مقدمات ٹرائل کورٹ میں زیر سماعت ہیں، ضمانت کے تناظر میں سزا یافتہ مجرم خوش فہمی میں مبتلا نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مقدمات کا حتمی فیصلہ آنا ابھی باقی ہے، آئین اور قانون کی بالادستی ہی ہوگی، پی ٹی آئی کے دیگر رہنما بھی 9 مئی کے مقدمات میں ضمانتوں پر ہیں، بانی پی ٹی آئی ایک سزا یافتہ مجرم ہیں۔

بقیہ پاکستان اور چین 4

کرتے ہوئے اسحٰق ڈار نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان تعلقات برادرانہ بنیادوں پر قائم ہیں اور دونوں ممالک ہر سطح پر تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین کے وزیر خارجہ کی پاکستان آمد کا خیر مقدم کرتے ہیں، آج اسلام آباد میں ہونے والے چھٹے اسٹریٹجک مذاکرات میں سی پیک سمیت پاک-چین تعلقات کے تمام پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور گزشتہ مذاکرات کے بعد ہونے والی پیش رفت پر بھی بات چیت ہوئی۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے چین کے عزم کو سراہتے ہیں، دونوں ممالک خطے کے امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے مل کر کام کرنے کے لیے پرعزم ہیں اور تمام اہم معاملات پر مکمل اتفاق رائے موجود ہے۔ نائب وزیراعظم نے بتایا کہ ملاقات میں وزیراعظم شہباز شریف کے آئندہ دورہ چین پر بھی گفتگو ہوئی، جب کہ سی پیک فیز ٹو، عوامی روابط اور دوطرفہ تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین اگلے سال اپنی دوستی کے تعلقات کی 75ویں سالگرہ منائیں گے۔ اسحٰق ڈار نے کہا کہ چین کو پاکستان کی خارجہ پالیسی میں کلیدی حیثیت حاصل ہے اور پاکستان، چین کے ساتھ تجارت کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ چینی وزیر خارجہ وانگ ژی نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دوستانہ اور برادرانہ تعلقات وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں، دونوں ممالک کے درمیان تزویراتی شراکت داری گہری ہو رہی ہے جب کہ اعتماد اور محبت کا رشتہ بھی مزید پروان چڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جایا جائے گا اور انسداد دہشت گردی کے شعبے سمیت صنعت، زراعت اور مائننگ کے میدان میں تعاون بڑھایا جائے گا۔ وانگ ژی نے کہا کہ سی پیک کو اعلیٰ معیار کے تعاون میں لے کر جا رہے ہیں، پاکستان کے ساتھ مشترکہ مقصد علاقائی امن و استحکام ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین، پاکستان کو ہمیشہ ایک قابل اعتماد اتحادی سمجھتا ہے اور پاکستان کے سیلاب متاثرین کے ساتھ مکمل ہمدردی رکھتا ہے۔ چینی وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان باہمی اعتماد ہمیشہ قائم رکھا جائے گا۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف سے چینی وزیر خارجہ نے وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی، وزیراعظم نے پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت پر حمایت پر چینی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں ڈپٹی وزیراعظم اسحاق ڈار، آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر اور کابینہ کے سینئر ارکان بھی موجود وزیراعظم شہباز شریف نے چینی صدر کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا

بقیہ سب انسپکٹر شہید 5

مسلح افراد نے پولیس اہلکار کو نشانہ بنایا۔ فائرنگ کے بعد ملزمان جائے وقوعہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ شہید ہونے والے سب انسپکٹر عنایت اللہ کی لاش ضروری قانونی کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔ مزید کارروائی جاری ہے

بقیہ میر سرفراز بگٹی 6

عوامی فلاحی منصوبوں سمیت مختلف اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبے میں امن و امان کی بہتری کے لیے موثر اقدامات جاری ہیں اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی ترقی اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے تاکہ وہ ملک و قوم کی تعمیر میں فعال کردار ادا کر سکیں نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے صوبائی حکومت کی پالیسیوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے مشترکہ کوششیں وقت کی ضرورت ہیں۔

بقیہ سیاسی کمیٹی 7

صدارت سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کی چیئرمین بیرسٹر گوہر ذاتی مصروفیات کی بنا پر سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے، اپوزیشن لیڈر کی نامزدگی کے معاملے پر علی بخاری کو خصوصی طور پر سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں بلایا گیا علی بخاری سے تفصیلی گفتگو کی گئی، علی بخاری نے سیاسی کمیٹی کو بتایا عمران خان نے کہا اگر اپوزیشن لیڈرز کو کورٹ سے ریلیف مل جاتا ہے تو نام برقرار رہے گا ورنہ محمود اچکزئی اور اعظم سواتی اپوزیشن لیڈر ہوں گے سیاسی کمیٹی کے ارکان نے سوال اٹھایا بتایا جائے کس نے علی بخاری کو بانی تحریک انصاف سے نئے اپوزیشن لیڈرز کیلئے نام لینے کا کہا؟ سلمان اکرم راجہ اپوزیشن لیڈرز کے تقرر کے معاملے پر بحث کے دوران اجلاس چھوڑ کر چلے گئے۔

بقیہ غیر ملکی سرمایہ کاری 8

اسٹیٹ بینک اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کا حجم 208 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال جولائی کے 195 ملین ڈالر کے مقابلے میں 7 فیصد زیادہ ہے، جون کے مقابلے میں جولائی میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں ماہانہ بنیادوں پر ایک فیصد کی نمو ہوئی۔

بقیہ واشنگٹن ٹائمز 9

بن سکتے ہیں وہ انتہائی مضبوط اعصاب کے مالک و سخت فیصلے لینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں، امریکہ میں فیلڈ مارشل کو جنوبی ایشیا کی سلامتی کیلئے بااثر ترین شخصیت کے طور پر دیکھا جاتا ہے، آرمی چیف پیشہ ور، خاموش طبع اور نظم و ضبط کے پابند فوجی افسر سمجھے جاتے ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر کو خود نمائی، سیاست میں دلچسپی نہیں۔

بقیہ رہائی ناممکن 10

8 مقدمات میں ضمانت منظور ہونے کے بعد بھی فوری طور پر عمران خان رہا نہیں ہو سکیں گے، بانی پی ٹی آئی عمران خان نے اپنے خلاف راولپنڈی میں درج 34 مقدمات میں تاحال ضمانت حاصل نہیں کی، تمام مقدمات ستمبر، اکتوبر اور نومبر احتجاج سے متعلق ہیں۔

بقیہ سپارکو 11

ہیں، سپارکو کے مطابق ممکنہ طور پر یکم ربیع الاول 25 اگست بروز پیر کو ہوگی، چاند کی رویت کا حتمی فیصلہ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کرے گی۔

بقیہ پر موبائل انٹرنیٹ 12

انٹرنیٹ کی بندش کے خلاف کوئٹہ کے ایک شہری خیر محمد نے آئینی درخواست دائر کی تھی بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس سردار احمد حلیمی نے سماعت کی اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل اور دیگر متعلقہ حکام عدالت میں پیش ہوئے عدالت نے حکم دیا کہ کوئٹہ میں موبائل فون انٹرنیٹ ڈیٹا سروس 2 گھنٹے میں بحال کی جائے جس کے بعد کوئٹہ اور دیگر علاقوں میں نیٹ اور ڈیٹا سروس بحال کی گئی قبل ازیں سیکورٹی وجوہات کی بنا پر نیٹ سروس 31 اگست تک بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا تھا جس کی وجہ سے طلبا، کو تعلیم کے حصول اور تاجر برادری، کاروباری حضرات، میڈیا سمیت آن لائن بزنس کرنے والوں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔

بقیہ اہم تعیناتیاں 13

کی تعیناتی تک چیف الیکشن کمشنر اور دو ارکان کی تقرری ممکن نہیں، ذرائع کے مطابق نئے اپوزیشن لیڈر کے انتخاب تک وزیراعظم، اپوزیشن لیڈر کے درمیان مشاورتی عمل آگے نہیں بڑھ سکتا۔

بقیہ ہردلعزیز جج 14

پہلے ہسپتال میں بستر مرگ سے اپنے چاہنے والوں سے اپیل کی تھی میرے لیے دعا کریں، فرینک کیپریو کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ سے جاری پیغام میں انتقال کی خبر دی گئی اور بتایا گیا فرینک کیپریو 88 برس کی عمر میں لبلبے کے کینسر سے طویل جنگ لڑنے کے بعد دنیا سے رخصت ہو گئے۔

بقیہ وزیراعظم کا رابطہ 15

جانوں کے ضیاع پر گہرے افسوس کا اظہار کیا اور حکومت سندھ کو وفاقی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون و معاونت کی پیشکش کی، شہباز شریف نے چیئرمین این ڈی ایم اے کو ہدایت دی سندھ حکومت کیساتھ مکمل رابطے میں رہیں اور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کو ہر طرح کی معاونت فراہم کرتے کیساتھ عوام کو ممکنہ خطرات سے پیشگی آگاہ کیا جائے، وزیراعظم نے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن سے بھی رابطہ کیا، خیبر پختونخوا میں حالیہ بارشوں سے ہونے والے نقصانات اور جاری امدادی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ ٹیسٹ لازمی قرار 16

ماہرین امراض خون و تھیلاسیمیا نے شرکت کی۔ اجلاس میں محفوظ خون کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ صوبے میں تھیلیسیمیا کی روک تھام کے لیے نکاح سے قبل ایچ بی الیکٹروفوریسس ٹیسٹ لازمی قرار دیا جائے گا جس کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔

بقیہ بانی کا پیغام 17

اپوزیشن لیڈر سے متعلق بانی پی ٹی آئی کا فیصلہ حتمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلی کوشش ہے عمر ایوب اور شبلی فراز کو عدالت سے جو ریلیف ملا اس سے فائدہ اٹھایا جائے، اگر عمر ایوب اور شبلی فراز واپس نہیں آتے تو ان کی جگہ نئے افراد کو لگایا جائے گا۔

بقیہ ادائیگیاں شروع 18

گئے، چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد کی زیر صدارت تقریب ہوئی، تقریب میں متاثرین، پراسیکیوٹر جنرل احتساب، ڈائریکٹر جنرلز اور سینئر نیب افسروں نے شرکت کی، بی فار یو کو پاکستان کا سب سے بڑا مالیاتی فراڈ قرار دیا گیا تھا، نیب کی جانب سے 10 ہزار متاثرین کو مکمل رقم اور ساڑھے 7 ہزار متاثرین کو 40 فیصد رقم دی گئی۔

بقیہ ڈاکٹر مظہر 19

عائد کر دیا، ترجمان کے مطابق کام کی جگہ پر ہراسگی اور صنفی امتیاز ثابت ہونے پر 10 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا، فیصلہ وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسگی فوزیہ وقار نے فیصلہ سنایا۔

بقیہ نسلہ ٹاور کیس 20

اتھارٹی (ایس بی سی اے) منظور کاکا سمیت 27 ملزموں کو عدم شواہد کی بنا پر بری کر دیا، عدالت نے کہا پراسیکیوشن ملزمان کیخلاف الزامات ثابت کرنے میں ناکام رہا، واضح رہے ملزموں پر نسلہ ٹاور کو غیر قانونی اضافی زمین الاٹ کرنے، رشوت وصولی سمیت متعدد الزامات تھے۔

بقیہ سی ٹی ڈی 21

ہسپتال پہنچایا جبکہ دہشت گردوں کے خلاف سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

بقیہ اسد قیصر 22

نے 8 کیسز میں بانی کو ضمانت دے کر واضح کر دیا کہ یہ تمام کیسز ناجائز ہیں۔ رہنما پی ٹی آئی اسد قیصر کا کہنا تھا کہ تمام کیسز بوگس اور سیاسی بنیادوں پر قائم ہیں، میں چیف جسٹس صاحب اور سپریم کورٹ کو سراہتا ہوں کہ انہوں نے انصاف پر مبنی فیصلہ دیا ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ ہم اپنے چیف جسٹس سے امید رکھتے ہیں کہ وہ تمام ماتحت عدالتوں کو بغیر کسی دباؤ کے فیصلے کرنے کی ہدایت دیں گے، بانی پی ٹی آئی اور لیڈرشپ کے خلاف تمام مقدمات بدنیتی پر مبنی اور سیاسی بنیادوں پر ہیں۔

بقیہ بل موخر 23

، کمیٹی نے اجلاس میں سول افسروں کی دہری شہریت پر پابندی کا بل موخر کر دیا، نور عالم خان نے کہا بیوروکریٹس ہی پالیسی میکرز ہیں اور ملک کا برا حال انہی کی وجہ سے ہے، کیا بھارت میں دہری شہریت رکھنے والے لوگ سول سروس میں آ سکتے ہیں؟ اگر کوئی پاکستان آ کر خدمت کرنا چاہتا ہے تو باہر کی شہریت چھوڑ دے،

بقیہ ویڈیو لنک پر طلب 24

درخواست خارج کر دی، تحریری حکم کے مطابق دعویٰ کے مدعی نے اس کو ضروری فریق نہیں قرار دیا، عدالت کسی کو زبردستی فریق بنانے کا نہیں کہہ سکتی، عدالت نے وزیراعظم شہباز شریف کو بیان پر جرح کیلئے ویڈیو لنک پر طلب کر لیا۔

بقیہ فلسطینی شہید 25

شہید اور متعدد زخمی کر دیے، شہدا میں 30 امداد کے منتظر فلسطینی بھی شامل ہیں، غزہ میں شہدا کی مجموعی تعداد 62 ہزار 125 ہو گئی، ادھر عالمی برادری کی جنگ بندی کی اپیلیں جاری رہیں، قطر، مصر اور اقوام متحدہ کی ثالثی سے جنگ بندی کی امید ہے مگر ابھی اسرائیل کے حتمی جواب کا انتظار ہے۔

بقیہ گنڈاپور 26

بیان میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا انصاف کے تمام فیصلے آئین و قانون کی روشنی میں ہونے چاہئیں، بانی پر بنائے گئے جھوٹے مقدمات کی کوئی حیثیت نہیں، آئین و قانون پر عملدرآمد ہی حقیقی انصاف ہے، ضمانت پر رہائی نے ثابت کر دیا بانی چیئرمین بے گناہ ہیں۔

بقیہ نازیبا ویڈیوز 27

کے مطابق ڈاکٹر رمضان گھر نے باضابطہ طور پر استعفیٰ دیدیا انہوں نے بطور وائس چانسلر 3 سال 11 ماہ ایمرسن یونیورسٹی میں خدمات سرانجام دیں۔

بقیہ وزیر صحت 28

کی قیمتیں بڑھا لیں اور 7 روپے والی دوائی 70 روپے تک پہنچ گئی، سی ای او ڈریپ ڈاکٹر عبید اللہ نے قائمہ کمیٹی کو بریفنگ میں بتایا ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا سروے کرا رہے ہیں، 190 اقسام کی ادویات میں کتنا اضافہ ہوا اور رپورٹ ستمبر میں آجائے گی، وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ادویات کو ڈی ریگولیٹ کیا تاکہ مقابلے کی فضا پیدا ہو سکے، چیئرمین کمیٹی نے کہا ڈی ریگولیٹ کرنے کے بعد ادویہ ساز کمپنیاں مافیا بن گئیں، وزیر صحت نے کہا ڈی ریگولیشن کوئی حتمی اقدام نہیں نظر ثانی کر سکتے ہیں، ڈی ریگولیٹ کرنے کا مقصد حاصل نہیں ہوا، ادویات کی قیمتیں نیچے نہیں آئیں بلکہ سب کی قیمتیں بڑھ گئیں۔

بقیہ علیمہ خان 29

گئے ہیں۔ علیمہ خان کے مطابق سادہ کپڑوں میں ملبوس 4 مسلح افراد کچن کے راستے گھر میں داخل ہوئے، ان کا بیٹا اپنی بیوی اور والدہ کے ساتھ گھر کی بالائی منزل پر تھا، مسلح افراد نے گھر میں ڈرائیورز کو بھی ہراساں کیا۔ ترجمان تحریک انصاف نے بھی دعویٰ کیا ہے کہ مسلح افراد دروازے توڑ کر شاہ ریز کو بیڈ روم سے اغوا کر کے لے گئے، شاہ ریز خان پر انکے 2 بچوں کے سامنے کمرے میں گھس کر تشدد کیا گیا۔ ترجمان پی ٹی آئی نے الزام لگایا ہے کہ گزشتہ روز شاہ ریز خان کو اہلیہ کے ہمراہ لاہور ائیرپورٹ سے غیر قانونی آف لوڈ کیا گیا تھا۔

بقیہ پاور سیکٹر بے ضابطگیاں 30

، جلد ہی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (پی اے سی) میں پیش کیا جائے گا، آڈٹ رپورٹ کسی ایک سکینڈل کی نشاندہی نہیں کرتی بلکہ پورے نظام کی ناکامی کو ظاہر کرتی ہے۔

بقیہ جسٹس روزی خان 31

نے کوہ مہردار میں پودا لگا کر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے زیر اہتمام مون سون شجرکاری مہم برائے سال 2025 کے افتتاح کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر عدالت عالیہ بلوچستان کے جسٹس اقبال احمد کاسی، جسٹس محمد عامر نواز رانا، رجسٹرار عدالت عالیہ بلوچستان عبدالقیوم لہڑی، سیکرٹری محکمہ جنگلات و جنگلی حیات عبدالفتح بھنگر، ڈائریکٹر جنرل محکمہ جنگلات و جنگلی حیات نیاز کاکڑ و دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان روزی خان بڑیچ نے کہا کہ اپنی آنے والی نسلوں کو ایک صاف ستھرا ماحول دینے کے لئے سب کو شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے محکمہ جنگلات اور جنگلی حیات کے اعلیٰ احکام پر زور دیتے ہوئے کہا کہ شہر کے دیگر علاقوں میں لگائے گئے درختوں کی دیکھ بھال اور ان کی آبیاری پر بھی توجہ مرکوز کریں۔ اس موقع پر سیکرٹری محکمہ جنگلات و جنگلی حیات عبدالفتح بھنگر نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ویژن کے تحت محکمہ جنگلات و جنگلی حیات صوبے میں جنگلات و جنگلی حیات کے تحفظ اور فروغ کے لئے ایک مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات اٹھا رہی ہے، اس سلسلے میں مون سون شجرکاری مہم انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

بقیہ مذہبی تعلیم 32

کرنے پر پابندی کی ہدایت کی ہے۔ افغانستان انٹرنیشنل کی رپورٹ کے مطابق طالبان کے دو وزراء نے بتایا کہ امیر طالبان نے دو ہفتے قبل کابینہ اجلاس میں کہا کہ خواتین کا مذہبی تعلیم کے لیے مدرسہ جانا شرعی طور پر جائز نہیں۔

بقیہ آئی ایم ایف 33

آئی ایم ایف نے گورننس اینڈ کرپشن ڈائیگنوسٹک اسیسمنٹ رپورٹ میں پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام کی شفافیت، کارکردگی اور استطاعت کو بہتر بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا منتخب ارکان کے منصوبے اس پروگرام میں ضم کیے جائیں، ہر حکومت نئے منصوبوں کا اعلان و منظوری دے دیتی ہے اس حقیقت کے باوجود کہ محدود وسائل میں جاری منصوبوں کی تکمیل میں ایک عرصہ لگ سکتے ہیں۔

بقیہ محسن نقوی 34

محسن نقوی سے امریکہ کی قائم مقام سفیر نیٹلی بیکر نے اہم ملاقات کی، پاک امریکہ تعلقات، انسداد دہشتگردی اور انسداد منشیات کے حوالے سے اشتراک کار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ شیڈول کا اعلان 35

جاری شیڈول کے مطابق این اے 96، این اے 104 اور پی پی 98 فیصل آباد پر ضمنی انتخاب 5 اکتوبر کو ہوگا، کاغذات نامزدگی 28 سے 30 اگست تک جمع کرائے جا سکتے ہیں جبکہ کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 3 ستمبر تک کی جائے گی، کاغذات نامزدگی منظور یا مسترد ہونے کے خلاف اپیلیں 12 ستمبر تک نمٹائی جائیں گی، امیدواروں کو انتخابی نشانات 16 ستمبر کو جاری کیے جائیں گے۔

بقیہ امیتابھ بچن 36

کر کے رکھ دی۔ یہ شہر بھارتی فلم انڈسٹری کا مسکن اور معروف فنکاروں کا قیام گاہ بھی ہے۔ ممبئی کے یہ پرتعیش علاقے بھی بارش کی زد میں آ گئے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو نے مداحوں کو چونکا دیا، جہاں جوہو کی گلیوں میں پانی گھٹنوں تک جمع ہے اور امیتابھ بچن کے بنگلے کا دروازہ کھولتے ہی "سمندر" کا منظر سامنے آتا ہے۔

بقیہ عزم کی تجدید 37

کے ساتھ فولادی بھائی چارے کے عزم کی تجدید کی۔ ایوان صدر سے جاری اعلامیے کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے ایوان صدر میں چینی وزیر خارجہ وانگ ای نے ملاقات کی۔

بقیہ متعدد افراد زخمی 38

آگ بھڑک اٹھی، آس پاس موجود دکانوں اور عمارتوں کو بھی شدید نقصان پہنچا، کئی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے، زخمی ہونے والے افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ادھر وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ایم اے جناح روڈ پر پٹاخوں کے گودام میں آگ لگنے کا نوٹس لے لیا، ترجمان وزیراعلیٰ سندھ کے مطابق سید مراد علی شاہ نے ہدایت کی زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی جائے۔

بقیہ بارشوں کا الرٹ 39

، قلات اور خضدار میں 23 اگست کی شب سے 26 اگست تک گرج چمک کے ساتھ موسلادھار بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔ بونیر میں مزید 6 بچوں کی لاشیں ملبے سے نکال لی گئیں جس کے بعد بونیر میں سیلاب کے نتیجے میں ہلاکتوں کی تعداد 291 ہو گئی۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق گزشتہ روز بونیر میں سیلاب سے مزید 8 بچے زخمی ہوئے، جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، اس کے علاوہ ایبٹ آباد اور ہری پور میں بارش کے باعث 4 گھروں کو جزوی نقصان پہنچا۔

بقیہ آف پیک آورز 40

میں تبدیلی کیلئے لیسکو سمیت دیگر ڈسکوز کو مراسلے ارسال کر دیئے، کمپنیوں سے پیک آورز کو رات 11 بجے تک محدود کرنے کی تجاویز مانگ لی گئیں۔

بقیہ ایف آئی اے 41

سے جعلی دستاویزات برآمد کر کے کارروائی شروع کر دی۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق ایف آئی اے بلوچستان زون کے عملے نے ملک بھر میں جعلی طریقے سے شناختی کارڈ اور شناختی دستاویزات بنانے والوں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران جعلی دستاویزات کی بنیاد پر شہریوں کے شناختی کارڈ بنوانے میں ملوث ملزم بشیر احمد کو نادرا آفس ڈبل روڈ اور دوسرے ملزم کو پاسپورٹ آفس سے نکلتے ہوئے گرفتار کیا گیا

بقیہ کو صبر جمیل 42

بڑے پیمانے پر تباہی پر گہرے دکھ اور افسوس ہوا ہے رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ نے کہا کہ ہم اس دکھ بھری گھڑی میں متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا اور لواحقین کو صبر جمیل نصیب کرے۔

بقیہ لانے میں مدد 43

کو جدید ڈیجیٹل نظام کے تحت ریکارڈ کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف امور سے متعلق منعقدہ میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کو ڈین پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ نے ہیومن ریسورس مینجمنٹ سسٹم کی ڈیجیٹلائزیشن پر تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر سیکرٹری صحت مجیب الرحمان پانیزئی بھی موجود تھے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پوسٹ گریجویٹ ٹرینیز اور ہاؤس آفیسرز کی حاضری کو جدید ڈیجیٹل نظام کے تحت ریکارڈ کیا جائے گا اور اس حاضری کو تنخواہوں کے اجراء سے مشروط کیا جائے گا۔ ڈین نے اس حوالے سے مکمل میکانزم اور اس کے نفاذ کے عملی اقدامات پر روشنی ڈالی، جس سے شفافیت، نظم و ضبط اور کارکردگی میں مزید بہتری لانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ کردار ادا کرنا 44

وں کی عدم دستیابی عوام کیلئے مشکلات کا باعث ہیں جس پر اسپیکر نے انتہائی شدید تنقید کی اسپیکر نے عوامی مسائل کو اجاگر کیا اور روزانہ کی بنیاد پر لاہور، کراچی اور اسلام آباد کی پروازیں شروع کرنے پر اصرار کیا تاکہ عوامی سفری مسائل میں کمی آئے ڈسٹرکٹ منیجر نے اسپیکر کو یقین دلایا کہ یہ تمام شکایات تکنیکی ہیں اور ان کے سدباب کیلئے فوری اور ترجیحی اقدامات کیے جائیں گے تاکہ کوئٹہ کے عوام کو بہتر سفری سہولتیں فراہم کی جا سکیں۔ اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی نے مزید کہا کہ کوئٹہ سے جدہ کے لئے عمرہ پروازوں کا آغاز ہونا ناگزیر ہے، کم از کم پہلے کی طرح تین ہفتہ وار پروازیں لازمی شروع کی جانی چاہیئے تاکہ تمام بلوچستان کے عوام کو عمرہ کی سعادت گھر سے میسر آئے اور انہیں دوسرے شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کے حل کے لئے ہر ممکن اقدام کیا جائے گا اور متعلقہ اداروں کو اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ پاکستان 45

کیلئے شدید خطرہ ہے، افغان عبوری حکومت داعش خراسان (K-ISIL) کے خلاف کارروائیاں کر رہی ہے تاہم فتنہ الخوارج ٹی ٹی پی اور بلوچ عسکریت پسند گروہ افغانستان کے غیر حکومتی علاقوں میں تا حال پناہ لیے ہوئے ہیں۔

بقیہ اور انکی فلاح 46

مارکیٹ کوئٹہ میں منعقد ہوئے۔ انتخابات حاجی یوسف، سید نور احمد شاہ کے انصاف پینل اور اتحاد پینل کے درمیان ہوئے انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کوئٹہ کے 246 ممبران نے اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔ چیئرمین الیکشن بورڈ ڈنگری مولاداد نے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ انصاف پینل کے تمام امیدوار کامیاب قرار پائے جس کے مطابق حاجی غازی محمد حسنی صدر، میر احمد راسکوہ وال جنرل سیکرٹری، حاجی شفیع محمد سالانی سینئر نائب صدر، شاہ جہان بلوچ سینئر جوائنٹ سیکرٹری، عبدالمجید محمد حسنی ڈپٹی جنرل سیکرٹری، حاجی اللہ گل محمد حسنی جوائنٹ سیکرٹری، حاجی لعل محمد ترین نائب صدر اول، سید کریم شاہ نائب صدر، حاجی سعید احمد سیکرٹری مالیات، لیاقت لانگو سیکرٹری اطلاعات، عبدالفتاح سیاپاد آفس سیکرٹری، محمد نعیم مینگل سپورٹس سیکرٹری منتخب ہوئے۔ اس موقع پر چیئرمین الیکشن بورڈ ڈنگری مولاداد نے خطاب کرتے ہوئے انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کے نو منتخب عہدیداروں کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ آج خوشی کا مقام ہے کہ تمام اخبار فروشوں نے آزادانہ ماحول میں اپنا ووٹ کاسٹ کر کے جمہوری طریقے سے انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کے آئندہ دو سال کیلئے عہدیداروں کا انتخاب عمل میں لایا۔ انہوں نے کہا کہ اب یہ نو منتخب عہدیداروں کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اخبار فروشوں کے مسائل حل کرنے کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور اخبار فروشوں نے ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اتریں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کو بھی چاہئے کہ وہ اخبار فروشوں کے مسائل کے حل اور انکی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات اٹھائے۔

بقیہ مرکز کے طور 47

جنرل بخت عتیق علی عالیان الرمیثی نے کہا اس موقع پر بلوچستان میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع، دوطرفہ تجارتی تعلقات اور مستقبل کے تعاون پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ متحدہ عرب امارات کا ایک تجارتی وفد، قونصل جنرل الرمیثی کی قیادت میں جلد بلوچستان کا دورہ کرے گا تاکہ سرمایہ کاری کے منصوبوں کا براہ راست جائزہ لیا جا سکے اور مقامی اسٹیک ہولڈرز سے ملاقاتیں کی جا سکیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان خطے کا دروازہ اور وسائل سے مالا مال سرزمین ہے۔ معدنیات، ماہی گیری، زراعت اور توانائی کے شعبوں میں بے پناہ مواقع موجود ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ دنیا بلوچستان کو قریب سے دیکھے اور یہاں کے امکانات سے فائدہ اٹھائے۔ متحدہ عرب امارات ہمارے برادر ملک کے طور پر ایک بہترین شراکت دار ثابت ہو سکتا ہے۔ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت اور تحفظ فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان مستقبل میں نہ صرف پاکستان کا بلکہ پورے خطے کا ایک اہم تجارتی اور معاشی مرکز بننے جا رہا ہے۔ اسی موقع پر قونصل جنرل متحدہ عرب امارات بخت عتیق علی عالیان الرمیثی نے کہا کہ متحدہ عرب امارات اور پاکستان کے تعلقات ہمیشہ برادرانہ اور گہرے رہے ہیں۔ بلوچستان کی جغرافیائی اہمیت، وسائل اور جاری ترقیاتی منصوبے سرمایہ کاری کے لیے بڑی کشش رکھتے ہیں۔ ہمارا جلد ہونے والا بلوچستان کا دورہ باہمی تعاون کو ایک نئی جہت دے گا۔ ملاقات میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور بلوچستان مستقبل میں ایک بڑے علاقائی سرمایہ کاری و تجارتی مرکز کے طور پر سامنے آئے گا۔

بقیہ اجلاس طلب کر لیا 48

کان کنوں کے مسائل سے آگاہ کیا تھا اور اپیل کی تھی کہ وہ بلوچستان حکومت کے اعلان کردہ فلاحی منصوبوں کے حوالے سے کان کنوں کے مسائل کے حل کے لئے کردار ادا کریں جس پر جمعرات کے روز اہم پیشرفت ہوئی ہے اور محکمے نے کان کنوں کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے 26 اگست کو اجلاس طلب کیا گیا ہے۔ محکمہ لیبر اینڈ مین پاور ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق، یہ اجلاس سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور کی زیر صدارت ان کے دفتر، بلاک نمبر 3، سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں دوپہر بارہ بجے منعقد ہوگا جس میں سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ، ڈائریکٹر ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹس انسٹی ٹیوشن (ای او بی آئی) اور چیف انسپکٹر مائنز سمیت دیگر متعلقہ حکام کو شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس کا مرکزی نقطہ نظر کان کنوں کی جانب سے اٹھائے گئے مسائل پر تبادلہ خیال کرنا ہے۔ نیشنل لیبر فیڈریشن نے اپنی درخواست میں کان کنوں کے لیے بہتر کام کے حالات، حفاظتی اقدامات، اور سماجی تحفظ کے فوائد کی فراہمی جیسے اہم مطالبات اٹھائے ہیں

بقیہ کٹائی سے گریز 49

جا سکتی ہیں اور آج کے زمانے میں دنیا کے ترقی یافتہ ممالک ان طوفانی بارشوں، ماحولیاتی نظام کی تبدیلی اور بربادی کی وجہ اسے گردانتی ہے کہ وہ کارخانے جہاں بالخصوص بڑے بڑے اسلحے و بارودی مواد بنائے جاتے ہیں اور دیگر کارخانے موجود ہیں ان سے پیدا ہونے والی آلودگی جس سے ماحولیات تبدیلی ہوئی ہے یعنی بے وقت شدید گرمی، شدید سردی، طوفانی بارشیں، قدرتی آفات انہی کا نتیجہ ہے دوسری جانب ہم یہاں اپنے جنگلات، درختوں کی بے دریغ کٹائی میں مصروف ہیں۔ دنیا کے ترقیاتی یافتہ ممالک میں جنگلات و جنگلی حیات کا تحفظ کیا جاتا ہے، جنگلات کی کٹائی کرنے والوں کو سزا دی جاتی ہے اور ان کی حفاظت پر باقاعدہ لوگ مامور ہوتے ہیں ہمیں بھی جنگلات، درختوں کی حفاظت کرنی ہوگی اور اس کی کٹائی سے گریز کرنا ہوگا

بقیہ روک تھام کو یقینی 50

طاہر (ہلال شجاعت، ستارہ امتیاز) کی سربراہی میں ٹرینوں میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والے مسافروں اور سفر کروانے والے مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اس حوالے سے ریلویز پولیس اسپیشل برانچ نے کارروائی کرتے ہوئے پاکستان بھر سے 1 ہی دن میں چار ملزمان کو گرفتار کر کے انکے خلاف مقدمات درج کر لئے گرفتار ملزمان میں ریلوے کنڈیکٹر گارڈ شاہد فاروق، STE محمد اقبال، پرائیویٹ ڈائننگ کار منیجر عمران اور سوڈا منیجر فاروق شامل ہیں ریلوے گارڈز اور STE کو بہاولپور، ڈائننگ کار منیجر کو حیدرآباد جبکہ سوڈا منیجر کو نوابشاہ سے گرفتار کیا گیا ملزمان نے ریل مسافروں کو پیسوں کے عوض ٹرین خیبر میل، رحمان بابا اور جعفر ایکسپریس میں غیر قانونی طور پر سفر کروایا جن کے قبضے سے مسافروں سے ناجائز وصول کی گئی ہزاروں روپے کی رقم بھی برآمد کر لی گئی۔ تمام ملزمان کے خلاف تھانہ ریلویز پولیس بہاولپور، نوابشاہ اور حیدرآباد میں مقدمات درج کر لئے گئے اس حوالے سے آئی جی ریلویز پولیس کا کہنا تھا کہ وفاقی وزیر ریلویز کی ہدایات پر بغیر ٹکٹ مسافروں اور ملوث مافیا کیخلاف ریلویز پولیس بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔ تاکہ ایسے غیر قانونی اقدامات کی روک تھام کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ کی آمد و رفت 51

طوفانی اور سیلابی بارش کے باعث ندی میں سیلابی ریلے سے بی بی نانی پل ٹوٹ گیا جس کی وجہ سے گاڑیوں کی آمد و رفت معطل ہو گئی متعلقہ انتظامیہ نے مذکورہ پل کو ہنگامی بنیادوں پر مرمت کر کے چھوٹی گاڑیوں کی آمد و رفت بحال کر دی جبکہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی جانب سے متعلقہ پل سے متبادل راستہ بنا کر بڑی گاڑیوں کی آمد و رفت بحال کر دی۔

بقیہ صادق سنجرانی 52

کنیت کے لیے عمان کی حمایت پر شکریہ ادا کیا

بقیہ سے پاکستان 53

روابط میں اضافہ ہوا ہے، جس میں روس کی طرف سے افغانستان کو علامتی سطح پر تسلیم کرنا بھی شامل ہے جو کہ ایک سنگ میل ہے وقت کے ساتھ ساتھ افغانستان خطے کے بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر اہمیت اختیار کرتا گیا یہاں تک کہ پاک افغان جنگ کے فوری بعد چینی وزیر خارجہ نے پاکستان اور افغانستان کے وزراء خارجہ کو بیجنگ بلا کر ان کے درمیان موجود بدگمانیاں ختم کرنے کی کوشش کی اور پاکستان اور افغانستان کو پرامن فضا میں تجارت کو فروغ دینے پر توجہ مرکوز رکھنے کا سعد مشورہ دیا یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے مزید کہا ہے کہ پاکستان ہمیشہ خلوص نیت سے افغانستان کے ساتھ متوازن اور خوشگوار تعلقات کا خواہاں رہا ہے لیکن افغانستان کی طرف سے پاکستان پر حملے بھی ہوتے رہے ہیں

بقیہ مراکز قائم 54

پر 90 فیصد ہونے والے جرائم پر قابو پانے کیلئے جاری ہیں نان رجسٹرڈ و چوری شدہ رکھنے والے شہری 15 روز میں اپنی موٹر سائیکلوں کو اپنے والد، بھائی یا اپنے نام پر منتقلی کو یقینی بنائیں دوسرے مرحلے میں نان رجسٹرڈ گاڑیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو ڈی آئی جی آفس کوئٹہ میں ایس ایس پی ٹریفک پولیس کوئٹہ ڈاکٹر سمیع ملک، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ محمد انور کاکڑ، ای ٹی او ایکسائز حسن شاہ کاکڑ کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا ایس ایس پی آپریشن محمد بلوچ نے کہا کہ کارروائی کے دوران موٹر سائیکل مالک اگر کاغذات اور دیگر دستاویزات 4 گھنٹے میں پولیس حکام کو پیش کرے گا تو اس کے خلاف قانونی کارروائی نہیں ہوگی چار گھنٹے کے بعد پکڑی جانے والی موٹر سائیکلوں کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی عوام کی سہولت کیلئے محکمہ ایکسائز اور دیگر کے ہمراہ ملکر ایک مشترکہ جوائنٹ سہولت مراکز قائم کئے گئے ہیں

بقیہ صوبائی 55

گورگیج، چیئرمین میر نورالدین نوشیروانی، عابد گورگیج، سردار محمد حنیف موسیٰ خیل پی ایس او صوبائی صدر روحیل شاہ اللہ دانش گورگیج و دیگر بھی صوبائی صدر کے ہمراہ تھے۔

بقیہ ممالک روزگار کیلئے 56

طارق جاوید مینگل نے چیف منسٹر یوتھ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ اوور سیز ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت سعودی عرب بھیجے گئے بلوچ نوجوانوں سے بھی خصوصی ملاقات کی اس موقع پر انہوں نے سعودی عرب میں برسر روزگار نوجوانوں کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کا یقین دلایا۔ سعودی عرب میں کام کرنے والے نوجوانوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے اس احسن اقدام کے شکر گزار ہیں، جس کے تحت انہیں بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کیے گئے نوجوانوں نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف ان کی معاشی حالت بہتر ہوگی بلکہ صوبے کے لئے زرمبادلہ کے حصول میں بھی مدد ملے گی۔ ایم ڈی بی ٹی یوٹا نے بتایا پوری دنیا میں پہلی بار ایسا پروگرام متعارف ہوا کہ تمام اخراجات حکومت برداشت کر کے نوجوانوں کو باہر ممالک روزگار کیلئے بھجوایا جا رہا ہے

بقیہ کو آخری شکل 57

گی۔ اجلاس کے دوران شیخ محمد بن زاید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کوئٹہ سے متعلق بل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا کمیٹی کے اراکین نے بل کے مختلف پہلوؤں پر بحث کی اور یہ فیصلہ کیا کہ اس بل پر اور بلوچستان انسٹیٹیوٹ آف نیفرو یورولوجی کے بل پر مزید غور و خوض آج بروز جمعہ کیا جائے گا تاکہ ان بلز کو آخری شکل دی جا سکے۔

بقیہ ایک ناقابل 58

روز الدین کاکڑ نصیب اللہ آغا ایڈووکیٹ عبدالباری شہزاد اور جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمان اور جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام تفتان کے رہنما مولانا کلیم اللہ کی شہادت قومی سانحہ ہے 78 گھنٹے گزر جانے کے باوجود قاتلوں کی عدم گرفتاری سوالیہ نشان ہے ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں کو چن چن کر شہید کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ مولانا کلیم اللہ شہید ایک فعال اور مخلص رہنماء تھے جنہوں نے ہمیشہ عوامی خدمت کو اپنا شعار بنایا ان کی شہادت جمعیت علماء اسلام اور بلوچستان کے عوام کے لئے ایک ناقابل تلافی نقصان ہے۔

بقیہ تحقیقات مقامی 59

عبدالقیوم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گیا، جبکہ دیگر زخمیوں کو پرنس فہد ہسپتال دالبندین منتقل کیا گیا، جہاں میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر لونگ خان نے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد انہیں کوئٹہ ریفر کر دیا۔ حادثے کی مزید تحقیقات مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ میں مصروف 60

ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کی نااہلی، غیر سنجیدگی اور غیر پیشہ ورانہ رویے نے اس قدرتی آفت کو ایک انسانی المیہ میں بدل دیا ہے۔ متاثرہ علاقوں میں ریسکیو اور ریلیف کا کام انتہائی سست اور ناکافی ہے، جس کی وجہ سے شہریوں کی قیمتی جانیں ضائع ہو رہی ہیں اور لاکھوں افراد بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ مون سون کے موسم سے پہلے ہی ممکنہ سیلابوں سے نمٹنے کے لئے کوئی ٹھوس اور موثر منصوبہ بندی نہیں کی گئی این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے جیسے اداروں نے اپنے بنیادی فرائض میں ناکامی کا مظاہرہ کیا ہے، جس میں انتباہی نظام کا نہ ہونا، متبادل انتظامات کی عدم موجودگی اور متاثرین کو فوری ریلیف نہ پہنچانا شامل ہیں صوبائی حکومت کی طرف سے تباہی کے بعد بھی جو اقدامات کئے گئے وہ انتہائی ناکافی ہیں اور عوام کے ساتھ دھوکہ دہی کے مترادف ہیں ہم اپنی عوام سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس مشکل کی گھڑی میں متاثرہ بھائیوں اور بہنوں کی مدد کے لئے آگے آئیں ہم خاص طور پر خدائی خدمتگار تحریک کی اس حوالے سے تاریخی خدمات کو سراہتے ہیں اور عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ خدائی خدمتگار آرگنائزیشن کے پلیٹ فارم کے ذریعے اپنا کردار ادا کریں، جو کہ سوات، بونیر، باجوڑ، صوابی اور دیگر متاثرہ اضلاع میں ریلیف سرگرمیوں میں مصروف عمل ہے۔

بقیہ مار میں بدترین 61

یشن اور طاقت کا استعمال تباہ کن ہے۔ غربت، جہالت، بدامنی اور لٹیروں کے خلاف مل کر لڑنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں تقاریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حقیقی قیادت یکجا و متحد ہو جائے تاکہ جعلی نمائندوں فارم 47 کی لوٹ مار کا خاتمہ، امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ ہموار ہو جائے۔ جعلی نمائندوں، رشوت خور مافیاز، لٹیرے سیکورٹی فورسز، چور مقتدر قوتوں کے خلاف بھرپور عوامی مزاحمت کی ضرورت ہے۔ حق دو تحریک کے ذریعے عوام متحد یکجا ہو جائے بصورت دیگر وسائل بچیں گے نہ ادارے۔ اگر ہم نے جمہوری مزاحمت کا راستہ چھوڑ دیا تو لٹیروں کی لوٹ مار میں بدترین اضافہ ہوگا۔

بقیہ وقار پرمبنی 62

کے آرگنائزرز اور ڈپٹی آرگنائزرز و کارکنان کو ہدایت دی گئی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں 26 اگست کے موقع پر پارٹی کا جھنڈا سرنگوں رکھیں، سیاہ پرچم بلند کریں تقریبات کا انعقاد کریں اور عوام کو نواب اکبر خان بگٹی کے افکار و فلسفہ سے روشناس کرائیں۔ نواب اکبر خان بگٹی ایک عظیم قد آور شخصیت تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی وطن کی خدمت، اپنی قوم کے حقوق، اور پاکستان کی بقاء و سالمیت کے لئے وقف کی وہ نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے پاکستان کے لئے ایک مضبوط ستون کی حیثیت رکھتے تھے۔ پاکستان کی بنیاد رکھنے اور قومی یکجہتی کو فروغ دینے میں ان کا کردار تاریخی و اہم ہے نواب اکبر خان بگٹی کا فلسفہ عزت، غیرت، قربانی اور قومی وقار پر مبنی و یقین رکھتے تھے

بقیہ سطح پر سب 63

اور شمار کے مطابق صوبے میں بھیڑوں کی تعداد 1 کروڑ 20 لاکھ سے بڑھ کر 1 کروڑ 88 لاکھ، بکرے اور بکریوں کی تعداد 1 کروڑ 10 لاکھ سے بڑھ کر 2 کروڑ 28 لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق بلوچستان میں گائے و بیلوں کی تعداد 20 لاکھ سے بڑھ کر 40 لاکھ سے زائد، بھینسوں کی تعداد 3 لاکھ 20 ہزار سے بڑھ کر 6 لاکھ 63 ہزار سے زائد ہو گئی ہے اسی طرح بلوچستان میں سال 2024 میں اونٹوں کی تعداد 7 لاکھ 72 ہزار ہے جو ملکی سطح پر سب سے زیادہ ہے۔

بقیہ رابطہ کمیٹی 64

ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ہم مغربی اقوام کے ہاتھوں مفتوح اور ان کے درمیان تقسیم ہیں فاتح مغربی اقوام میں سے ہر ایک، محکوم مسلم خطوں میں سے کسی ایک کا آقا اور حاکم ہے اور ان مفتوح خطوں میں ہمارا ملک اور خطہ بھی شامل ہے انہوں نے کہا کہ ہماری ریاست وہ فلاحی ریاست نہیں ہے جو ہماری حفاظت، خدمت اور سہولت کیلئے فکرمند ہو بلکہ سیکورٹی اسٹیٹ ہے جو اس خطے کے حاکم اور آقا کی مفادات کا ہم سے تحفظ اور ہمارے درمیان ان کے مقاصد کی وکالت کرتی ہے ہمارے اسٹیبلشمنٹ ادارے کے افراد تو ہمارے اپنے ہیں لیکن ادارہ ہمارا نہیں بلکہ بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ کا ذیلی ادارہ ہے مرکزی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا

بقیہ جعفر خان مندوخیل 65

جامع منصوبہ بندی اور مشترکہ کوششوں کی اشد ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سردار بہادر خان وویمن یونیورسٹی کے پندرہویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وائس چانسلر وویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق، صوبائی سیکرٹری تعلیم صالح بلوچ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان کلیم اللہ بابر، یونیورسٹی آف لورالائی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کے بشیر کاکڑ سمیت سینیٹ کے تمام ممبران موجود تھے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج کے ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں اس نئے مرحلے کا ایک اہم ہدف طالبات کی تعداد سولہ ہزار تک بڑھانا ہے۔ اس اقدام کا مقصد خواتین کی تعلیم اور بااختیار بنانے کے لیے زیادہ مواقع فراہم کرنا ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ تعلیم یافتہ خواتین معاشرے کے روشن مستقبل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہمیں میرٹ پر مبنی اصولوں کو برقرار رکھتے ہوئے یونیورسٹی کی سالمیت کو برقرار رکھنا ہوگا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر روبینہ مشتاق اور ان کی ٹیم کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ تقرریاں اور ترقیاں کسی بیرونی اثر و رسوخ کے بغیر، صرف قواعد و قوانین پر مبنی ہوں۔ وویمن یونیورسٹی کے سینیٹ کے 15 ویں اجلاس کے شرکا کی تجاویز اور سفارشات نتیجہ میں کئی اہم فیصلے کیے گئے۔

بقیہ بارش کے سبب نشیبی 66

بارشوں سے نظام زندگی مفلوج، بارش شروع ہوتے ہی K الیکٹرک انتظامیہ نے پورے شہر کی بجلی بند کر دی اور شہر اندھیرے میں ڈوب گیا رات گئے تک بجلی بحال نہ ہو سکی تفصیلات کے مطابق حب شہر سمیت ساکران گڈانی بیرکس اور مضافاتی علاقوں میں تیسرے دن بھی طوفانی موسلادھار بارشوں نے نظام زندگی مفلوج بنا کر رکھ دی طوفانی بارش کے سبب نشیبی علاقے زیر آب آ گئے

بقیہ عوام کے مسائل 67

میں پیدل گشت کر کے صورتحال کا خود جائزہ لیا۔ میر علی حسن زہری نے بارش کے دوران عوامی مسائل کا قریب سے مشاہدہ کیا اور نکاسی آب کے عمل کی براہ راست نگرانی کی دوکانداروں اور علاقے مکینوں سے بھی ملے وزیر زراعت نے موقع پر موجود عملے کو فوری طور پر کام تیز کرنے، مشینری کو ہر ممکن استعمال میں لانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھانے کی ہدایات دیں۔ اس موقع پر وزیر زراعت میر علی حسن زہری کا کہنا تھا کہ میں اپنی عوام کو بارش میں تنہا نہیں چھوڑ سکتا۔ عوام کے مسائل حل کرنا اور انہیں ریلیف دینا میری سب سے بڑی ذمہ داری ہے

بقیہ جمیل احمد جمالی 68

ورکرز فلاحی سہولیات سے محروم چلے آ رہے ہیں حتیٰ کہ مائن اونرز اب تک اپنے کارکنوں کی ای او بی آئی رجسٹریشن تک نہیں کراتے جو لمحہ فکریہ ہے۔ ڈیتھ گرانٹ ہو یا پھر میرج گرانٹ اور دیگر سہولیات یہ مائن ورکرز کا حق ہے جو انہیں ملنا چاہئے۔ جمیل احمد جمالی نے این ایل ایف کی تجاویز کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹس انسٹی ٹیوشن (ای او بی آئی) نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں ورکرز کے حقوق کا ضامن اور محافظ ہے فیکٹریوں، دفاتر اور مائنز سمیت تمام صنعتی مراکز میں کام کرنے والے ورکرز کی رجسٹریشن کے بعد ای او بی آئی انہیں مثالی خدمات فراہم کرتا ہے

بقیہ شاہ زیب خان 69

زائد پانی کنکشن فوری طور پر منقطع کیے جائیں، کار واشنگ سینٹرز، مال مویشی فارم، چمڑا و ماربل فیکٹریز کو ٹریٹڈ پانی کے استعمال کا پابند بنایا جائے اور پرائیویٹ واٹر سپلائی کے کاروبار کو بھی قانون کے دائرے میں لا کر مکمل مانیٹرنگ کی جائے واٹر سپلائی کے حوالے سے مربوط نظام، جس میں واٹر میٹرنگ کو لاگو کیا جائے، کاریزات کو بحال کیا جائے اس کے علاوہ سرکاری عمارتوں پر بارش کے پانی کو محفوظ بنانے کے لئے "روف ٹاپ ہارویسٹنگ سسٹم" نصب کرنے، غیر قانونی ٹیوب ویلز سیل کرنے اور زیر زمین پانی کی سطح بلند کرنے کیلئے ریچارج پوائنٹس قائم کرنے پر بھی زور دیا گیا کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ نے کہا ہے

بقیہ برطانوی وزیر اعظم 70

کہ میں شریک ہیں، برطانوی وزیراعظم نے کہا برطانیہ میں مقیم پاکستانی نژاد خاندان بھی صورتحال پر شدید تشویش میں مبتلا ہیں، کڑے وقت میں برطانوی اور پاکستانی عوام کیساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، حکومت برطانیہ نے فوری طور پر پاکستان کو مدد فراہم کی، تعمیر نو کے اقدامات میں پاکستان کی ہر ممکن معاونت جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ محفوظ پاکستان 71

پر اپنے خصوصی پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں ان معصوم جانوں کی یاد دلاتا ہے جو دہشتگردی کے ظلم کا نشانہ بنے دہشتگردی نے نہ صرف ہمارے ملک کے امن کو زک پہنچائی بلکہ ہزاروں خاندانوں کو دکھ اور کرب سے دوچار کیا آج کے دن ہم ان شہداء اور متاثرین کو یاد کرتے ہیں جنہوں نے اپنے خون سے امن کی شمع روشن کی سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ دہشتگردی کے خلاف ڈٹ کر قربانیاں دیں اور ہمارے بہادر شہریوں اور سیکیورٹی اداروں نے امن کے قیام کے لئے اپنی جانیں نچھاور کیں یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم متاثرین کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہوں اور ان کے زخموں پر مرہم رکھیں انہوں نے مزید کہا کہ ہم سب کو مل کر دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کے لئے متحد ہونا ہوگا تاکہ آنے والی نسلوں کو ایک پرامن، خوشحال اور محفوظ پاکستان مل سکے۔

بقیہ سرزمین پرامن 72

دیگر باہمی دلچسپی کے مختلف موضوعات کے امارت اسلامی کیا امریکی اینٹو اتحادی افواج کے انخلاء کے چار سالہ سالگرہ پر مبارکباد دی انہوں نے کہا کہ قطر معاہدہ کے تحت اتحادی افواج کے انخلا کے بعد افغانستان میں ایک آزاد خودمختیار حکومت کے قیام سے تاریخی امن قائم ہوا ہے جس کی اعتراف امریکہ بشمول تمام عالمی دنیا کر رہی ہے لیکن افسوس کیساتھ کہنا پڑتا ہے کہ عالمی دنیا اسلامی امارت کو تسلیم نہ کرنا باعث تعجب ہے انہوں نے کہا کہ روس نے اسلامی امارت افغانستان کو تسلیم کرنے کی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسلامی ممالک اور عالمی برادری اسلامی امارت افغانستان کو باضابطہ طور پر تسلیم کرے اسلامی امارت افغانستان کی آزادی اور علاقائی سالمیت کا احترام کرے افغانستان کی سرزمین پرامن کی مثال قائم ہوئی۔

بقیہ پرامن کی مثال 73

کے امارت اسلامی کیا امریکی اینٹو اتحادی افواج کے انخلا کے چار سالہ سالگرہ پر مبارکباد دی انہوں نے کہا کہ قطر معاہدہ کے تحت اتحادی افواج کے انخلا کے بعد افغانستان میں ایک آزاد خودمختیار حکومت کے قیام سے تاریخی امن قائم ہوا ہے جس کی اعتراف امریکہ بشمول تمام عالمی دنیا کر رہی ہے لیکن افسوس کیساتھ کہنا پڑتا ہے کہ عالمی دنیا اسلامی امارت کو تسلیم نہ کرنا باعث تعجب ہے انہوں نے کہا کہ روس نے اسلامی امارت افغانستان کو تسلیم کرنے کی اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسلامی ممالک اور عالمی برادری اسلامی امارت افغانستان کو باضابطہ طور پر تسلیم کرے اسلامی امارت افغانستان کی آزادی اور علاقائی سالمیت کا احترام کرے افغانستان کی سرزمین پرامن کی مثال قائم ہوئی۔

بقیہ آئندہ کے لائحہ عمل 74

استعمال کر رہی ہے تو یہ ہمارے عزم کو مزید مضبوط کرنے کا باعث بن رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت جمعیت علماء اسلام کی مخالفت میں ہر اخلاقی حد پار کر چکی ہے۔ انتقام کی سیاست نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ حکمران جماعت کے پاس عوامی خدمت کا کوئی ایجنڈا موجود نہیں بلکہ حکومت صرف اقتدار کے نشے میں اندھی ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ وہ سیاسی جماعتیں جو چند برسوں کی وقتی اسکیموں اور عارضی نعروں کے ذریعے سیاست میں وارد ہوئیں وہ جمعیت کی سو سالہ نظریاتی جدوجہد کے مقابلے میں محض مذاق ہیں جمعیت ایک فکر، ایک نظریے اور ایک نصب العین کے ساتھ کھڑی ہے اور یہی اس کی اصل طاقت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جمعیت علماء اسلام کا اپنی آئندہ حکمت عملی کے لئے جماعتی اجلاسوں کا سلسلہ ہے اسی تسلسل میں زیارت کے مقام پر 30 اور 31 اگست کو مجلس عمومی کا اجلاس منعقد کیا جائے گا جس میں آئندہ کے لائحہ عمل کا واضح اعلان کیا جائے گا

معیاری تعلیم کا ہدف حاصل کرنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے، جعفر خان مندوخیل

ہماری بنیادی توجہ وومین یونیورسٹی میں تعلیم کے معیار کو بڑھانا اور یونیورسٹی رینکنگ کو بہتر بنانا شامل ہے، گورنر بلوچستان

سینٹ اجلاس وومین یونیورسٹی کے چیلنجز اور درپیش مشکلات پر قابو پانے کی طرف ایک اہم قدم ہے، اجلاس میں اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج ہم نے آٹھ گھنٹے کے طویل وومین یونیورسٹی پندرہواں سینیٹ اجلاس کو پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ یہ سنگ میل ان تمام چیلنجوں اور درپیش مشکلات پر قابو پانے کی طرف ایک اہم قدم ہے جو پچھلے چار سالوں سے برقرار تھے۔ وزیر تعلیم اور سینیٹ ممبران کے تعاون سے ہم نے مجموعی طور پر وومین یونیورسٹی کی ترقی کے دوسرے مرحلے کی رفتار کا تعین کیا ہے۔ ہمارے بنیادی توجہ وومین یونیورسٹی میں تعلیم کے معیار کو بڑھانا اور یونیورسٹی رینکنگ کو بہتر بنانا شامل ہے۔ ان اہداف کے حصول کیلئے...... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد، سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی عمان کے سفیر فہد سلیمان خلف الخاروصی سے ملاقات کررہے ہیں

تربت مقامی ڈیم کے قریب سے نوجوان کی نعش برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تربت مقامی ڈیم کے قریب سے نوجوان کی نعش برآمد تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تربت کے علاقے میں واقع سوراب ڈیم کے قریب سے ایک نوجوان کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کیا گیا جس کی شناخت لال بخش سکنہ شاہی تمپ کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

شکیل احمد پالال ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سنجاوی غیر حاضری پر معطل

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق معزز چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان نے شکیل احمد پالال، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سنجاوی کو ڈیوٹی سے غیر حاضری پر فوری طور پر اگلے احکامات تک معطل کرنے کا حکم دیا ہے۔

کے پی کے سیلاب متاثرین کیلئے آج سے امدادی کیمپس لگائیں گے' پشتونخوامیپ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں خیبر پشتونخوا میں حالیہ شدید طوفانی بارشوں، سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ، کلاؤڈ برسٹ قدرتی آفات کے دوران ہونیوالے جانی ومالی نقصانات پر دکھ وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ ملی مشر محمود خان اچکزئی کی ہدایت کی روشنی میں جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع میں متاثرین کی مدد کیلئے آج 22 اگست 2025 سے امدادی کیمپس لگائے جائیں گے امدادی کیمپ میں نقدی اور خوراکی اشیاء جمع کی جائیں گی

حب' ساکران، گڈانی اور مضافاتی علاقوں میں تیسرے روز بھی طوفانی بارشیں

ندی نالوں میں طغیانی' نشیبی علاقے زیرآب' متاثرہ علاقوں سے بجلی غائب

حب (این این آئی) حب شہر سمیت ساکران، گڈانی اور مضافاتی علاقوں میں تیسرے روز بھی طوفانی بارش، ندی نالوں میں طغیانی نشیبی علاقے زیرآب آگئے، حب کا پوش علاقہ لاسی روڈ سمیت جام کالونی، مدینہ کالونی، زہری اسٹریٹ، گلشن امیر آباد اور قرب وجوار کے علاقے تالاب کا منظر پیش کرنے لگے جمعرات کے روز ہونے والی طوفانی موسلادھار...... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

عوام دوستی کا ثبوت' میر علی حسن کا حب میں بارشوں کے دوران مختلف علاقوں کا گشت

صوبائی وزیر زراعت نے عوامی مسائل کا قریب سے مشاہدہ' نکاسی آب کی براہ راست نگرانی کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی وزیر زراعت وکوآپریٹو بلوچستان میر علی حسن زہری نے عوامی خدمت اور زمینی حقائق کا ادراک کرتے ہوئے ایک بار پھر اپنی عوام دوستی کا ثبوت دیا بارش شروع ہوتے ہی حب شہر کے مختلف علاقوں، امیر آباد، ساکران روڈ، بالاچ محلہ، شہر وسط سے گزرنے والا ندی نالہ، مین روڈ، محمود آباد روڈ، لاسی رند مارکیٹ سمیت مختلف گلیوں اور محلوں...... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

ای او بی آئی ورکرز کے حقوق کا ضامن اور محافظ ادارہ ہے' جمیل احمد جمالی

مائن اونرز اپنے کارکنوں کی ای او بی آئی رجسٹریشن تک نہیں کراتے جو لمحہ فکریہ ہے

این ایل ایف کے صوبائی صدر ارشد یوسفزئی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) نیشنل لیبر فیڈریشن کے صوبائی صدر ارشد یوسفزئی اور این ایل ایف ضلع دکی کے جنرل سیکرٹری عبدالمجید شاہ نے گزشتہ روز ایمپلائز اولڈ ایج بینی فٹس انسٹی ٹیوشن (ای او بی آئی) کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر جمیل احمد جمالی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں ضلع دکی سمیت بلوچستان بھر میں کوئلہ کان کنوں اور دیگر مزدوروں کے مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وفد نے اے ڈی ای او بی آئی کو بتایا کہ دن رات محنت مزدوری کے باوجود مائن...... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ سے پیپلز پارٹی کے ورکرز ملاقات کررہے ہیں

زیر زمین پانی کی خطرناک صورتحال سنگین ہوتی جارہی ہے' کمشنر کوئٹہ

غیر قانونی کنکشن فوری منقطع' کار واشنگ سینٹرز، مال مویشی فارم، چمڑا و ماربل فیکٹریز کو ٹریٹڈ پانی کے استعمال کا پابند بنایا جائے' شاہزیب خان کاکڑ

پرائیویٹ واٹر سپلائی کے کاروبار کو بھی قانون کے دائرے میں لاکر مکمل مانیٹرنگ اور مربوط نظام واٹر میٹرنگ کو لاگو کیا جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیرصدارت کوئٹہ میں پانی کی قلت اور اس کے تدارک کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں چیف انجینئر واسا، ایریگیشن اور پی آر سی کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس میں شہر میں پانی کی سنگین صورتحال، عوامی مشکلات اور ان کے حل کیلئے فوری اور طویل المدتی اقدامات کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ کوئٹہ میں زیر زمین پانی خطرناک حد تک گرچکی ہے جبکہ غیر ضروری استعمال کی وجہ سے مسائل مزید سنگین ہوتے جارہے ہیں اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ غیر قانونی اور ایک سے...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر محمد نواز کبزئی چیئرمین مجلس قائمہ محکمہ صحت سے متعلق مسودات قانون کی بابت منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

برطانوی وزیراعظم کا شہباز شریف کو خط' سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے ہر ممکن مدد کی یقین دہانی

حکومت، عوام بڑے پیمانے پر تباہی، قیمتی جانوں کے ضیاع پر پاکستانی حکومت، عوام کے دکھ میں شریک ہیں

تعمیر نو کے اقدامات میں پاکستان کی ہر ممکن معاونت جاری رکھی جائے گی، کیئر سٹارمر کا شہباز شریف کو لکھے گئے خط کا متن

اسلام آباد (زاہد احمد خان) برطانوی وزیراعظم کیئر سٹارمر نے پاکستان میں حالیہ مون سون بارشوں و سیلابی صورتحال کے باعث جانی و مالی نقصان پر وزیراعظم شہباز شریف کو خط لکھ کر ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرادی، کیئر سٹارمر نے خط میں لکھا برطانوی حکومت، عوام بارشوں وسیلاب کے باعث بڑے پیمانے پر تباہی، قیمتی جانوں کے ضیاع پر پاکستانی حکومت، عوام کے دکھ میں شریک ہیں اور مکمل اظہار یکجہتی کرتے ہیں، برطانیہ کی حکومت، عوام حالیہ قدرتی آفت کے باعث ہونے والی بڑے پیمانے پر تباہی و قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے و...... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ کوہ مہردار میں محکمہ جنگلات وجنگلی حیات کے زیرنگرانی لگائے گئے درختوں کا معائنہ کررہے ہیں

دہشتگردی نے ہزاروں معصوم جانوں کو نگل لیا' سردار بابا غلام رسول

دہشتگردی نے ہزاروں خاندانوں کو دکھ اور کرب سے دوچار کیا' مشیر محنت وافرادی قوت

ہمارے بہادر شہریوں وسیکیورٹی اداروں نے امن کے قیام کیلئے اپنی جانیں نچھاور کیں' پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت وافرادی قوت سردار بابا غلام رسول عمرانی نے کہا ہے کہ دہشتگردی نے ہزاروں معصوم جانوں کو نگل کر ملک کے امن کو نقصان پہنچایا لیکن ہماری قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی ان خیالات کا اظہار سردار بابا غلام رسول عمرانی نے متاثرین دہشتگردی کی یاد اور خراج عقیدت کے عالمی دن کے موقع...... بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

رکن قومی اسمبلی اعجاز حسین جھکرانی کی کراچی میں نواب زہری سے ملاقات

ملکی سیاست' پارٹی امور سمیت دیگر باہمی دلچسپی کے مختلف موضوعات پر تبادلہ خیال

ملاقات میں ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری بھی موجود

کراچی/کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، قومی اسمبلی میں چیف وہیپ ایم این اے میر اعجاز حسین جھکرانی کی جھالاوان ہاؤس کراچی آمد پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری سے ملاقات اس اہم ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان ملکی سیاست، پارٹی امور سمیت...... بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

اسسٹنٹ ڈائریکٹر ای او بی آئی کوئٹہ ریجن جمیل احمد جمالی سے این ایل ایف بلوچستان کے صدر ارشد یوسفزئی، مجید شاہ کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

افغانستان میں آزاد خود مختار حکومت کے قیام سے تاریخی امن قائم ہوا' جمعیت نظریاتی

روس نے اسلامی امارات کو تسلیم کرنے کے اقدام کو سراہا ہے عالمی دنیا کی جانب سے رویہ باعث تعجب ہے، مولانا قادر لونی

افغانستان ہمسایہ ممالک کے درمیان دوستی، استحکام اور روابط کے لیے ایک مضبوط بنیاد ثابت ہوگا، قاری مہر اللہ، ستار چشتی ودیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی کے قیادت میں قاری مہر اللہ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی شیخ مولانا نیاز محمد عبید اللہ حقانی مولوی خدائے نظر مولوی رحمت اللہ حقانی مفتی صالح محمد سجاد پر مشتمل وفد نے امارت اسلامیہ افغانستان قونصلیٹ کوئٹہ کے قونصل جنرل مولوی حبیب اللہ سے ملاقات کی اس ملاقات میں مولوی حمد اللہ افغان مہاجرین کیا دارہ کے سربراہ بھی موجود تھے وفد افغان قونصل جنرل مولوی حبیب اللہ کو کوئٹہ میں تعیناتی کے علاوہ افغانستان ...... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں سے غمزدہ ہیں' فرح عظیم شاہ

دکھ کی گھڑی میں بلوچستان 'سندھ، کے پی کے اور پنجاب کے متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے' رکن اسمبلی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایمان پاکستان تحریک کی چیئرپرسن فرح عظیم شاہ نے بلوچستان سندھ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں بارشوں، سیلاب اور انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سندھ پنجاب خیبر پختونخوا کے متاثرہ اضلاع میں حالیہ شدید بارشوں، سیلابی ریلوں اور کلاؤڈ برسٹ کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور...... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

تشخیصی نظام جدید خطوط پر استوار اور عوام کے قریب لایا جائے گا' بخت کاکڑ

صوبائی وزیر صحت کو ڈین پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ نے ہیومن ریسورس منیجمنٹ سسٹم پر تفصیلی بریفنگ دی

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کے نظام کو جدید تقاضوں کے مطابق بہتر اور مؤثر بنایا جا رہا ہے تشخیصی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرتے ہوئے عوام کے قریب لایا جائے گا تاکہ بیماریوں کی بروقت تشخیص ممکن ہو سکے اور قیمتی جانیں بچائی جا سکیں، پوسٹ گریجویٹ ٹرینیز اور ہاؤس آفیسرز کی حاضری...... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سے دیگر صوبوں کیلئے پی آئی اے کی روزانہ پروازیں چلائی جائیں' سپیکر اسمبلی

شکایات تکنیکی' سدباب کیلئے ترجیحی اقدامات اٹھائیں گے' ڈسٹرکٹ منیجر پی آئی اے محمد صادق

کیپٹن (ر) عبدالخالق ملاقات میں کوئٹہ سے دیگر صوبوں کیلئے پروازوں میں کمی پر برہم

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی ہدایت پر پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کے ڈسٹرکٹ منیجر محمد صادق نے بلوچستان اسمبلی سیکرٹریٹ میں اسپیکر سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران اسپیکر نے عوامی شکایات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سے دیگر شہروں کے لئے پروازوں کی کمی اور بعض اوقات پرواز...... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

مستونگ' نامعلوم مسلح افراد کی ٹرک پر فائرنگ سے ٹائر برسٹ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی ٹرک پر فائرنگ سے ٹائر برسٹ ہوگئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں نامعلوم مسلح افراد نے کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ٹرک پر فائرنگ کرکے ٹائر برسٹ کردیئے اور فرار ہوگئے تاہم فائرنگ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا۔

قدرتی آفات سے متاثرہ لوگوں کی مدد حکومت کی ذمہ داری نہیں اہل ثروت آگے بڑھیں' محمود خان اچکزئی

سیلابوں نے بہت بڑی تباہی مچادی' لوگوں کے پیارے، مکانات اور تمام سامان بارشوں کی نذر ہوچکے' چیئرمین پشتونخوامیپ

اگر ہر شخص اپنی بساط کے مطابق حصہ ڈالے تو یہ اربوں روپے بنتے ہیں جس سے ہم متاثرین سیلاب کی بھرپور مدد کرسکتے ہیں

مشکل کی گھڑی میں ہمیں اتحاد واتفاق کا مظاہرہ اور ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہونا ہوگا' سربراہ پاکستان تحریک تحفظ آئین

صوابی (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین وتحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی ملی مشر محمود خان اچکزئی نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے دورے کے دوران سیلاب متاثرین سے بات چیت کرتے ہوئے قدرتی آفات کے باعث ہونیوالے نقصانات پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ ٹیکنالوجی اس حد تک پہنچ چکی ہے کہ یہاں ہر بات کی وجوہات معلوم کی...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

نائیجیریا، ڈاکوؤں کا مسجد اور دیہات پر حملہ 50 افراد جاں بحق

نائیجیریا (بیورو رپورٹ) شمال مغربی نائیجیریا ایک بار پھر خوفناک خونریزی کی لپیٹ میں آگیا، ڈاکوؤں کا مسجد پر حملہ، دیہات میں متعدد افراد کو زندہ جلادیا، 50 افراد جاں بحق ہوگئے، بین الاقوامی خبر رساں ادارے کے مطابق واقعہ کٹسینا ریاست کے ضلع مالوم فاشی کے علاقے انگوار مانتاؤ میں پیش آیا، ریاستی اسمبلی میں رکن اسمبلی امینو ابراہیم نے کہا صرف مسجد پر حملے میں 30 افراد جان سے گئے

ٹرینوں میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن 4 گرفتار

کریک ڈاؤن آئی جی ریلوے پولیس رائے طاہر کی خصوصی ہدایت پر کیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) آئی جی ریلوے پولیس پاکستان رائے طاہر (ہلال شجاعت، ستارہ امتیاز) کی خصوصی ہدایت پر ریلوے پولیس نے ٹرینوں میں بغیر ٹکٹ کے سفر کرنے والے مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے کارروائی شروع کردی وفاقی وزیر ریلویز محمد حنیف عباسی کی خصوصی ہدایات پر ریلویز پولیس آئی جی رائے...... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

این ایچ اے کی جانب بی بی نانی پل کی مرمت کا کام شروع

بارشوں سے متاثرہ پل پر چھوٹی گاڑیوں کی آمدورفت 3 روز بحال ہے' حکام

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نیشنل ہائی وے اتھارٹی کی جانب بی بی نانی کے ٹوٹنے والے پل کی مرمت کا کام شروع کردیا این ایچ اے حکام کی جانب سے چھوٹی گاڑیوں کی آمدورفت گزشتہ 3 روز بحال رکھی ہوئی ہے جبکہ بڑی گاڑیوں کی آمدورفت بحال کرنے کے لئے بی بی نانی پل سے متبادل راستہ تعمیر کرکے بحال کردیا گیا یاد رہے کہ گزشتہ چار روز قبل شدید...... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

عمان کے سفیر فہد سلیمان خلف الخاروصی سے صادق سنجرانی کی ملاقات

سلامتی کونسل کی غیر مستقل رکنیت کے لیے عمان کی حمایت پر شکریہ ادا کیا گیا

دونوں رہنماؤں کا تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سابق چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے یہاں عمان کے سفیر فہد سلیمان خلف الخاروصی سے ملاقات کی ملاقات میں دوطرفہ باہمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے برادر اسلامی ممالک کے درمیان تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا صادق سنجرانی نے سلامتی کونسل کی غیر مستقل ر...... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

طالبان کی حکمرانی سے بیرونی روابط میں غیر معمولی اضافہ ہوا' محمد عبدالقادر

طالبان کی واپسی کے 4 برس بعد افغانستان میں حکمرانی مستحکم ہوچکی ہے' سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ افغانستان اسلامی امارات کے 4 سال مکمل ہوچکے ہیں طالبان کی 4 سالہ حکومت کے دوران افغان طالبان کی حکمرانی مستحکم اور انکے بیرونی روابط میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے۔ طالبان کی واپسی کے چار برس بعد افغانستان میں حکمرانی مستحکم ہوچکی ہے اور بیرونی...... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے سردار محمد عمر گورگیج کی ملاقات

ملاقات میں بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال' پی پی کے دیگر رہنما بھی موجود

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) صوبائی مشیر لوکل گورنمنٹ نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے انکی رہائش گاہ پر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر و سینئر الحاج سردار محمد عمر گورگیج اور صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال سمیت علاقائی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سردار زادہ بلوچ خان...... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت نوجوانوں کو باہر ممالک روزگار کیلئے بھجوا رہی ہے' ایم ڈی بی ٹیوٹا

سعودی کمپنیوں کے ساتھ ہونے والے مذاکرات مثبت رہے' جاوید مینگل

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان کے نوجوانوں کے لئے روزگار کے نئے دروازے کھولنے کے لئے ایم ڈی بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی طارق جاوید مینگل نے سعودی عرب کا دورہ کیا اس دورے کے دوران انہوں نے متعدد بڑی سعودی کمپنیوں کے سربراہان سے ملاقاتیں کیں اور نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقع تلاش کرنے پر غور کیا...... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی اسمبلی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے محکمہ صحت کا اجلاس

اجلاس میں شیخ محمد بن زاید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کوئٹہ سے متعلق بل پر تفصیلی غور

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے محکمہ صحت کا اجلاس چیئرمین کمیٹی ڈاکٹر محمد نواز کبزئی کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسپیکر کیپٹن ریٹائرڈ عبدالخالق خان اچکزئی، صمد خان گورگیج، شاہدہ رؤف، سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمان پانیزئی اور اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمان نے شرکت...... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا کلیم اللہ کی شہادت قومی سانحہ ہے' حافظ حسین احمد شرودی

سوچی سمجھی سازش کے تحت ہمارے علماء وکارکنوں کو شہید کیا جارہا ہے' رہنماء جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بڑیچ مولانا محمد اکبر مینگل مولانا مفتی محمد رضا خان مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا حافظ احمد جان ساسولی مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا حاجی محمد عیسیٰ مولانا عبدالمجید امین جان رند ملک...... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

دالبندین' زمباد اور بوزر کے درمیان تصادم سے 1 شخص جاں بحق' 3 زخمی

ابتدائی طبی امداد کے بعد زخمی افراد کوئٹہ ریفر' مزید تحقیقات جاری

دالبندین (آن لائن + نمائندہ خصوصی) آر سی ڈی شاہراہ پر زمباد گاڑی اور بوزر کے تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق دالبندین کے قریب آر سی ڈی شاہراہ پر لاگاپ کے مقام پر زمباد گاڑی اور بوزر میں حادثہ پیش آیا۔ حادثے میں دونوں گاڑیوں میں سوار تین افراد شدید زخمی ہوئے زمباد ڈرائیور...... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

26 اگست شہید بگٹی کی جدوجہد کو یاد کرنے کا دن ہے' جے ڈبلیو پی

یوم شہادت نواب اکبر بگٹی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا' چوہدری نوید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے زیر اہتمام ایک اہم اجلاس مرکزی سیکرٹریٹ بگٹی ہاؤس کوئٹہ میں پارٹی کے مرکزی کونسلر چوہدری نوید احمد کی سربراہی میں منعقد ہوا اجلاس میں پارٹی رہنماؤں اور کارکنان نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ 26 اگست کو یوم شہادت نواب اکبر بگٹی عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا یہ دن شہید وطن نواب اکبر خان بگٹی کی جدوجہد، قربانی اور فلسفے کو یاد کرنے کا دن ہے اجلاس میں تمام صوبائی، ضلعی اور مقامی سطح...... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں مال مویشیوں کی مجموعی تعداد 4 کروڑ 79 لاکھ سے تجاوز

گائے و بیلوں کی تعداد 20 لاکھ سے بڑھ کر 40 لاکھ سے زائد ہے' اعداد وشمار

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گزشتہ 18 سالوں کے دوران مال مویشیوں کی تعداد میں 70 فیصد اضافہ صوبے میں مال مویشیوں کی مجموعی تعداد 4 کروڑ 79 لاکھ سے تجاوز کرگئی۔ 7ویں زراعت شماری کے اعداد وشمار کے مطابق بلوچستان میں 2006 میں مال مویشیوں کی کل تعداد 2 کروڑ 80 لاکھ سے زائد تھی جبکہ سال 2024 میں کی گئی زراعت شماری کے اعداد وشمار میں یہ تعداد بڑھ کر 4 کروڑ 79 لاکھ سے زائد ہوگئی ہے۔ اعد...... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

اپیکا بلوچستان کے ضلعی الیکشن میں نومنتخب صدر رحمت اللہ زہری، محمد اللہ خان خلجی ودیگر کا گروپ فوٹو

2030 تک الیکٹرک گاڑیوں کی فروخت میں 30 فیصد اضافے کا ہدف مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) حکومت نے نئی انرجی وہیکل پالیسی 30-2025 کے تحت ماحول دوست نقل وحمل کے فروغ کیلئے جامع اہداف مقرر کرتے ہوئے 2030 تک الیکٹرک گاڑیوں کی فروخت میں 30 فیصد اضافے کا ہدف مقرر کردیا، ملک بھر میں الیکٹرک گاڑیوں کیلئے 3 چارجنگ سٹیشنز قائم کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا، پالیسی کے تحت الیکٹرک وہیکلز (ای وی) کے فروغ کیلئے 122 ارب کی سبسڈی سکیم شروع کی جائے گی، رواں مالی سال کے بجٹ میں 9 ارب روپے مختص کردیئے گئے، فنڈز کا حصول روایتی گاڑیوں پر عائد ایک سے 3 فیصد لیوی سے کیا جائے گا

پنجاب میں سینٹ کی خالی نشست پر امیدواروں کی عبوری فہرست

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب میں سینٹ کی خالی ہونیوالی نشست پر امیدواروں کی عبوری فہرست جاری کردی گئی، ریٹرننگ افسر شریف نے امیدواروں کی فہرست جاری کی، رپورٹ کے مطابق پنجاب کی سینٹ کی خالی نشست پر 3 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے، مسلم لیگ (ن) کے رانا ثناء، پی ٹی آئی رہنما اعجاز چوہدری کی اہلیہ صلطی اعجاز اور آزاد امیدوار احمد شہر یار کا کاغذات نامزدگی جمع کرانیوالوں میں شامل ہیں، الیکشن کمیشن کے مطابق امیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 23 اگست کو ہوگی جس کے بعد حتمی فہرست جاری کی جائے گی

سلامتی کونسل کی فہرست میں صرف مسلمان ہی دہشتگرد کیوں؟ صورتحال بدلنی چاہیے' پاکستان

ٹی ٹی پی، بلوچ لبریشن آرمی اور مجید بریگیڈ کے درمیان تعاون علاقائی وبین الاقوامی امن کیلئے شدید خطرہ ہے، عاصم افتخار

غیر مسلم انتہا پسند اور دہشت گرد اکثر احتساب سے بچ نکلتے ہیں، اقدام سمجھ سے بالاتر اور قطعاً ناقابل قبول ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ سلامتی کونسل کی دہشتگردوں کی فہرست میں شامل تمام افراد مسلمان ہیں جبکہ غیر مسلم انتہا پسند اور دہشت گرد اکثر احتساب سے بچ نکلتے ہیں، سلامتی کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عاصم افتخار نے کہا سمجھ سے بالاتر اور قطعاً ناقابل قبول ہے سلامتی کونسل کی فہرست میں ایک بھی غیر مسلم دہشت گرد موجود نہیں، صورتحال بدلنی چاہیے، تحریک طالبان پاکستان، بلوچ لبریشن آرمی اور مجید بریگیڈ کے درمیان تعاون علاقائی و بین الاقوامی امن...... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سردار بہادر خان وومین یونیورسٹی کے 15ویں سینٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کے انتخابات' انصاف پینل کی فتح

حاجی غازی محمد شبی صدر، میر احمد راسکوہ وال جنرل سیکرٹری، حاجی شفیع محمد سالائی سینئر نائب صدر منتخب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کوئٹہ کے انتخابات میں انصاف پینل نے بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کرلی۔ انجمن فلاح و بہبود اخبار فروشاں کے آئندہ دو سال 27-2025 کیلئے انتخابات چیئرمین الیکشن بورڈ نکری مولاداد، وائس چیئرمین یوسف شاہ اور ممبران بورڈ ظہیر میر، حاجی اللہ داد، وارث خان کی نگرانی میں اخبار...... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کا دورہ قونصلیٹ متحدہ عرب امارات

قونصل جنرل الرمیثی کی قیادت میں تجارتی وفد جلد بلوچستان کا دورہ کرے گا' وائس چیئرمین بلال کاکڑ

کراچی (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ، سیکرٹری توانائی بلوچستان داؤد بازئی اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس کے چیئرمین ایڈوائزری بورڈ میاں زاہد حسین پر مشتمل ایک اعلیٰ سطحی وفد نے کراچی میں متحدہ عرب امارات کے قونصلیٹ کا دورہ کیا وفد کا پرتپاک استقبال متحدہ عرب امارات کے قونصل...... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

این ایل ایف کی درخواست پر سیکرٹری لیبر نے 26 اگست کو اجلاس طلب کرلیا

یہ اقدام بلوچستان میں کان کنوں کی فلاح و بہبود کے لیے حکومتی عزم کا مظہر ہے

کوئلہ کان کنوں کی ای او بی آئی رجسٹریشن، اور دیگر مسائل پر غور وخوض کیا جائے گا

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) نیشنل لیبر فیڈریشن کی درخواست پر سیکرٹری لیبر اینڈ مین پاور نے 26 اگست کو اہم اجلاس طلب کرلیا جس میں کوئلہ کان کنوں کی ای او بی آئی رجسٹریشن، مائن ورکرز کے لئے فلاحی اقدامات اور کان کنوں کے دیگر مسائل پر غور وخوض کیا جائے گا واضح رہے کہ ایک روز قبل سیکرٹری محنت وافرادی قوت نیاز احمد بچاری سے نیشنل لیبر فیڈریشن کے صوبائی صدر ارشد یوسفزئی اور ضلع دکی کے سیکرٹری مجید شاہ نے ملاقات کرکے انہیں...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لینڈ ایویلیوایشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

6 ہزار 368 موٹر سائیکلوں کا چالان' 78 لاکھ روپے جرمانہ وصول ہوا' ایس ایس پی آپریشن

اگر موٹر سائیکل مالک کاغذات ودیگر دستاویزات 4 گھنٹے میں پیش کرے گا تو اس کے خلاف قانونی کارروائی نہیں ہوگی' محمد بلوچ

جن شہریوں کی موٹر سائیکلیں بند ہیں انہیں تھانوں میں با آسانی رسائی دی جارہی ہے' ایس ایس پی ٹریفک ڈاکٹر سمیع ملک

یہ کارروائیاں موٹر سائیکل پر 90 فیصد ہونے والے جرائم پر قابو پانے کیلئے جاری ہیں' افسران کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ کیپٹن (ر) محمد بلوچ نے کہا ہے کہ کوئٹہ پولیس نے ٹریفک پولیس کے ساتھ ملکر نان رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کے خلاف کم اگست سے اب تک کارروائی کرتے ہوئے 6 ہزار 368 موٹر سائیکلوں کو نان رجسٹرڈ، ڈبل سواری پر بند کرکے ان سے 78 لاکھ روپے جرمانہ وصول کیا ہے عوام کی سہولت کیلئے رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنایا گیا ہے یہ کارروائیاں موٹر سائیکل...... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نظریاتی کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی کی قیادت میں قاری مہر اللہ، حاجی عبدالستار شاہ چشتی، شیخ مولانا نیاز محمد ودیگر ملاقات کررہے ہیں

جمعیت کو کمزور کرنے کے حکومتی حربے ناکام بنادیں گے' مولانا عبدالواسع

ہمارے کارکنان صبر واستقامت کی ایسی علامت جنہیں خوف زدہ اور نہ ہی خریدا جا سکتا ہے' صوبائی امیر جمعیت

انتقامی سیاست نے ثابت کردیا حکمران جماعت کے پاس عوامی خدمت کا کوئی ایجنڈا موجود نہیں' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے اپنے بیان میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام کو کمزور کرنے اور اس کے وقار کو متزلزل کرنے کے تمام حکومتی حربے ناکامی سے دوچار ہوں گے انہوں نے کہا کہ جمعیت کے کارکنان صبر واستقامت کی ایسی علامت ہیں جنہیں خوف زدہ کیا جا سکتا نہ ہی خریدا جا سکتا ہے ہماری جماعت کی ایک صدی پر محیط جدوجہد تاریخ کے صفحات پر روشن ہے، اور ہم نے ہر دور کی مشکلات، پابندیوں اور رکاوٹوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے۔ آج بھی اگر حکومت ہمارے خلاف انتقامی ہتھکنڈے...... بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نیشنل کمیشن فار چائلڈ رائٹس کی جانب سے صوبہ میں رپورٹ کے اجراء کے موقع پر شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

کے پی کے میں ریلیف کا کام انتہائی سست ہے' ارباب عمر فاروق کاسی

این ڈی ایم اے اور پی ڈی ایم اے جیسے اداروں نے فرائض میں ناکامی کا مظاہرہ کیا' سینیٹر

عوام مشکل کی گھڑی میں اپنے بھائیوں و بہنوں کی مدد کیلئے آگے آئیں' رہنما اے این پی

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر سینیٹر نواب ارباب عمر فاروق کاسی نے صوبہ پشتونخوا کے سوات، بونیر، باجوڑ، صوابی اور دیگر متاثرہ اضلاع میں حالیہ سیلابوں سے ہونے والی تباہ کاریوں پر گہرے رنج وغم اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس حوالے سے صوبائی حکومت، نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) اور صوبائی...... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں قبائل کو لڑانے والے ہمارے دشمن ہیں' مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

زیارت جیسے پرامن علاقے میں بدامنی پیدا کرنے کی مذمت کرتے ہیں' امیر جماعت اسلامی

غربت، جہالت، بدامنی اور لٹیروں کے خلاف مل کر لڑنے کی ضرورت ہے' ایم پی اے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے پرامن علاقوں میں بدامنی، کرائسز پیدا کرکے قبائل کو لڑانے والے ہمارے دشمن ہیں، زیارت جیسے پرامن علاقے میں بدامنی پیدا کرنے کی مذمت کرتے ہیں لڑاؤ اور حکومت کرو لڑاؤ اور چیک پوسٹیں بناکر...... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ایس ایس پی آپریشن محمد بلوچ، ڈاکٹر سمیع ودیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

وزیراعلیٰ سندھ نے بارش سے شہریوں کو مشکلات پر معذرت کرلی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں 2 روز کی بارش کے دوران پریشانی پر وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے شہریوں سے معذرت کرلی، جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے کہا کراچی میں 200 ملی میٹر بارش سے اربن فلڈنگ ہوئی، 3 گھنٹے موسلادھار بارش کے بعد ہمیں دبا کر سارا پانی نہیں نکال سکتے، دوسری جانب وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے پریس کانفرنس میں کہا برسات وقفے وقفے سے ہوتی تو مسائل اتنے نہ ہوتے، بلدیہ عظمیٰ نے تمام مرکزی نالوں کی ایڈوانس میں صفائی کرائی ہوئی تھی، جب پانی کی مقدار زیادہ ہوگی تو نکلنے میں وقت لگے گا۔

شکر ہے میں سیاسی کمیٹی اور کور میں نہیں ہوں، شاندانہ گلزار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کی رہنما شاندانہ گلزار نے کہا ہے شکر ہے میں سیاسی اور کور کمیٹی میں نہیں ہوں، میں پارلیمانی کمیٹی میں ہوں اور بانی کا جو فیصلہ آتا ہے اسے قبول کرتے ہیں، جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شاندانہ گلزار نے کہا موجودہ کھمبا الیکشن تھا جن لوگوں کو کوئی جانتا تک نہیں تھا وہ بانی کے نام پر اسمبلی میں آئے سب ایک ہیں، محمود اچکزئی کو اپوزیشن اتحاد کا سربراہ بانی نے اس سے قبل بنایا تھا، بانی پی ٹی آئی نے خود محمود خان اچکزئی کو اپوزیشن لیڈر بنایا، بانی پی ٹی آئی کو ایسا شخص چاہیے تھا جو بول سکے اور کھل کر پاکستان کا دفاع کرسکے

ہم مغربی اقوام کے ہاتھوں مفتوح اور تقسیم ہیں' مولانا محمد خان شیرانی

پرانے دور کے سیاسی اصطلاحات کو اپنے عصر کی صورتحال پر منطبق کرنے سے کئی غلط فہمیاں پیدا ہوتی ہیں' رہبر جمعیت

جس صوبے میں بھی تربیتی اجتماع کا انعقاد ہو دوسرے صوبوں کے ساتھی دعوت کا انتظار کئے بغیر اس میں اپنی شرکت یقینی بنائیں' اجلاس میں ہدایت

کوئٹہ (آن لائن) رہبر جمعیت مولانا محمد خان شیرانی نے کہا ہے کہ پرانے دور کے سیاسی اصطلاحات کو اپنے عصر کی صورتحال پر منطبق کرنے سے کئی طرح کی غلط فہمیاں اور بے جا توقعات پیدا ہوتی ہیں ہمیں قوم میں یہ شعور پیدا کرنا چاہئے کہ موجودہ دور میں قوموں کی آزادی، خودمختاری اور داخلی حاکمیت کے مفاہیم بدل چکے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں جے یو آئی پاکستان کے مرکزی رابطہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں اس مغالطہ کا اصلاح کرنا چاہئے کہ ہم قوم سے کہتے ہیں کہ ہم آزاد...... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر